READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM

ماہنامہ عبقری
اکتوبر 2016 محرم الحرام 1438 ہجری
گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

ایک ماہ میں تین کلو وزن کاری سے کم

قاتلانِ امام حسین رضی اللہ عنہ کا بھیانک انجام

- محرم الحرام! رزق میں خیر و برکت پانے کا عجب عمل
- غصہ کنٹرول کرنے کے چند اصول! ضرور اپنایئے
- میری کامیابی کا راز اب ہر طالب علم کیلئے حاضر
- بدن پر چند بوندیں گرائیں اور کرشماتی صحت پائیں
- اکتوبر! چند غذاؤں سے لاجواب صحت پائیں
- دل کے دورے اور تکلیف سے حفاظت
- عجب وظیفہ، عجب فضائل، عجب کمال
- ہر مرض اور بلا سے نجات کیلئے مجرب عمل

مالٹے کے چھلکے سے حسن کو چار چاند لگایئے

پاک وطن کیلئے جان کا نذرانہ دینے والے کا مقام اور رتبہ

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

0332-7552382

www.paksociety.com
facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا، مسلسل ریشہ بلغم ہو جو دور کی آلودہ زندگی، آلودہ فضا اور آلودہ غذا میں ان امراض کی وجہ ہیں۔ سانس کا دوسرا نام زندگی ہے اور پھیپھڑے (Lungs) سانس کے نہایت اہم اور مخصوص آلات ہیں۔ پھیپھڑوں کی ذرا سی خرابی سانس کے سارے نظام کو درہم برہم کر دیتی ہے۔ پھیپھڑے کھانسی سے متاثر ہونا شروع ہو جاتے ہیں کیونکہ کھانسی ہی ہوتی ہے جس سے انسانی جان بے حال ہو جاتی ہے۔ کھانسی کا جب دورہ پڑتا ہے تو کھانستے کھانستے مریض کا سانس الٹ جاتا ہے مریض نے اگر کچھ کھایا ہوا ہو تو قے کے ذریعے نکل جاتا ہے۔ چہرہ سرخ ہو جاتا ہے آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ مرض بڑھتے بڑھتے دمہ یا ٹی بی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ "شفاء حیرت" کھانسی کی ہر قسم مثلاً خشک کھانسی، دورے والی کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، موسمی اور دائمی کھانسی، زبان اور حلق میں خشکی، سوزش اور کانٹے چبھنا، گلے کی خراش، گلے کا بیٹھ جانا تمام امراض کیلئے ہے۔ "شفاء حیرت" ماہنامہ عبقری کا قابل اعتماد سیرپ ہے۔ مجھے ایسے ہی مریض ملتے رہتے ہیں۔ ایک مریض تقریباً تین سال سے پھیپھڑوں کا تھا جسم اور دماغ خالی ہو گیا تھا کوئی کام کا نہیں تھا۔ بالآخر اس پر مایوسی چھا گئی تھی۔ اسے میں نے "شفاء حیرت" استعمال کرنے کا مشورہ دیا چونکہ وہ ادویات سے بد دل اور مایوس ہو چکا تھا اس نے کسی کے اصرار پر "شفاء حیرت" کی چند خوراکیں استعمال کیں۔ اسے امید کی کرن نظر آئی تو اس نے مزید "شفاء حیرت" منگوا کر استعمال کیا۔ روز بروز ایسا فائدہ ہوا کہ اس کی آس و امید بندھ گئی۔ راتیں حیرت انگیز ختم ہوئیں دوسرا علاج "شفاء حیرت" کا نتیجہ ہو گیا۔ کیونکہ "شفاء حیرت" میں استعمال شدہ جڑی بوٹیوں کا کمال ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کی کمزوری، پھیپھڑوں سے متعلقہ تمام امراض، سانس کی خشکی، ہوائی نالیوں کی خشکی اور سوزش، نزلہ و زکام، بلغم اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں سے بلغم خارج کرتا ہے۔ نظام تنفس کے تمام امراض بشمول سانس کی نالی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دورے والا دمہ ختم ہو جاتا ہے۔ گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ "شفاء حیرت" میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو اس کی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ بچوں، بوڑھوں، جوانوں، خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

ایجنسی ہولڈرز کیلئے عبقری ایوارڈز کی تقریب

9 دسمبر 2016 بروز جمعہ شام 5 بجے

ایجنسی ہولڈرز عبقری رسائل اور ادویات کے ایجنسی ہولڈرز ... ایجنسی ہولڈرز اور بڑے حضرات ... حضرت حکیم صاحب ... گزشتہ سالوں کی ... عبقری کی کارکردگی کی بنیاد پر ایوارڈز اور مختلف ... تحائف دیے جائیں گے۔ نوٹ: باقاعدہ شناخت کے ساتھ داخلہ ہوگا۔ شناخت کے علاوہ حضرات اگر واپس کیے جائیں تو شکوہ نہ کریں۔ لہٰذا اپنی شناخت کا حوالہ ہمراہ لانا نہ بھولیں۔

حضرت حکیم صاحب کی آمد (ان شاء اللہ)

ان شاء اللہ 2017 ... مظفرگڑھ، ... اور ... پشاور ... وقت کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

پشاور: 4 دسمبر 2016 بروز اتوار 0322-4688313

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

یوں تو نزلہ زکام پوری دنیا کا عالمگیر مرض ہے لیکن پاکستان میں بھی یہ مرض عام ہے اس مرض کیلئے "بنفشی قہوہ" بہت آزمودہ اور اپنے افعال کے لحاظ سے بہت موثر ثابت ہوا ہے۔ نزلہ، الرجی، کھانسی، بلغم ... ناک بند ہونا عموماً ناک اجسام نے بیساختہ یا تو ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہو جاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے جس کی وجہ سے ناک کے اوپر پیشانی پر بوجھ اور دباؤ رہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں سارے جسم میں درد اور بوجھ کا احساس رہتا ہے۔ کبھی کبھی ناک سے پانی آتا ہے اور بد بودار مواد کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ بعض اوقات موسم کی تبدیلی کے ساتھ مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ پھر انسان دائمی نزلہ اور زکام کا مریض بن جاتا ہے۔ انہی امراض کی بنا پر دوسرے مرض جنم لیتے ہیں جیسے ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا۔ گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض، جسم کا کمزور اور لاغر ہونا، نظر کی کمزوری، سستی اور کاہلی کا پیدا ہونا، جسم ٹوٹنا، خون کا نہ بننا، خناق، ٹی بی، تنفس کی تنگی، بے خوابی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا، چہرے کی شادابی کا ختم ہونا یہ سب امراض نزلہ و زکام کی بدولت ہی جسم پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ "بنفشی قہوہ" ہی ان تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں۔ موسمی الرجی کے شکار افراد کیلئے راحت کا پیغام۔ آج ہی لائیں آج ہی سکون پائیں۔ ہر موسم میں ہر عمر کے افراد "بنفشی قہوہ" بالکل بے دھڑک استعمال کر سکتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت رکھنے کی چیز ہے۔ بدذائقہ نہیں بہترین ذائقہ ہے۔ "بنفشی قہوہ" کے ساتھ شفاء حیرت کا استعمال سونے پہ سہاگہ ہے۔ (قیمت:-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز محفوظ ہوتی ہیں۔ (قیمتیں اور تصاویر نہ ہوں) برتن، نقش و نگار والے پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیشہ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، دھاتیں، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو ایک دو کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، ٹکٹیں، نالیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم وقف کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت با امان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ ... آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	ایک شہر کا حال سنیے	25	نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج
4	دربار پہ بڑی دھوم ہے!	26	میری کامیابی کا راز! اب ہر طالب علم کے کیلئے حاضر
5	شہزادہ رسول ﷺ کی دعائے مقبول کی کرامت	27	بچو! نہ میں حسد کرتا نہ مجھے یہ سزا ملتی!
6	ننھے منے بچوں کو بڑی پریشانیوں سے بچانے کے گُر	28	باکمال عامل کی جن سے لڑائی
7	دنیا کی کوئی طاقت آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکتی	29	خدارا! کسی مظلوم فقیر یتیم کی بددعا سے بچیں ورنہ!
8	غصہ کنٹرول کرنے کے چند اصول ضرور اپنائیے	30	عبقری روحانی اجتماع کے حسین مناظر
9	اکتوبر! چند غذاؤں سے لاجواب صحت پائیں	31	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
10	محرم الحرام! رزق میں خیر و برکت پانے کا عجب عمل	32	دوسروں کا بھلا چاہا اللہ نے میرے بیٹے کی جان بچالی
11	حضرت علی بن عبداللہ ابوالقاسم گرگانی کے روحانی وظائف	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
12	مالٹے کے چھلکے سے حسن کو چار چاند لگائیے	34	چقندر! لاجواب ذائقہ بے مثال فوائد
13	قارئین کے طبی و روحانی سوال قارئین کے جواب	35	قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں
14	طبی مشورے	37	[illegible]
15	میری زندگی کیسے بدلی؟	38	[illegible]
16	[illegible]	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
17	[illegible] امام حسین رضی اللہ عنہ [illegible] انجام	41	[illegible]
18	دانش و روم کی صفائی آپ کے سکھ چین کی ضمانت	42	سردیوں کے آغاز [illegible] مضبوط بنائیے
19	معمولی سی قربانی آپ کے گھر کو جنت بنا سکتی ہے	43	آئیے! سیرت پاک کو پھیلانے کی فکر کریں
20	ہر مرض اور بلا سے نجات کیلئے مجرب عمل	44	ایام عید میں حضرت حکیم صاحب کی [illegible]
21	آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب	45	قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے
22	گندم کو سارا سال محفوظ بنانے کا آزمودہ عمل	47	یا قہار پڑھا بے اولاد کو جڑواں بیٹیاں عطا
23	لاعلاج پراسٹیٹ گلینڈ صرف تین دن میں [illegible]	48	گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ
24	صحت کے چند اصول	49	عبقری رسالہ، کتب، ادویات آپ کے شہر میں

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عبقری

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب۔ جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

سرپرست: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری

شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 11 | اکتوبر 2016 محرم الحرام 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور اکتوبر 2016ء
مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حسین اعوان

قیمت فی شارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے بمعہ ڈاک خرچ، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: قومی خدمت اور احساس ذمہ داری کے شعور کی نشوونما۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم آنے والی نسلوں کو پورے طور پر اس قابل بنادیں کہ وہ اقتصادی زندگی کے مختلف شعبہ جات میں اس طرح حصہ لیں جو پاکستان کے باعث عزت ہو۔ (پہلی کل پاکستان تعلیمی کانفرنس کراچی کو پیغام۔ 27 نومبر 1947ء) ☆ ملک کی قومی زندگی میں اپنا صحیح مقام حاصل کرنے کیلئے خدمت، تکلیف اور قربانی بنیادی تقاضے ہیں۔

رازِ ہستی راز ہے جب تک کوئی محرم نہ ہو	کھل گیا دم تو محرم کے سوا کچھ بھی نہیں
زائرانِ کعبہ سے اقبال یہ پوچھے کوئی	کیا حرم کا تحفہ زمزم کے سوا کچھ بھی نہیں؟

حضرت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کروادیں۔ شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیز میں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: عبقری عالمی مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

سائل، پڑوسی اور مسکینوں کا حق: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ بنی تمیم کا ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ میں بہت مالدار، اہل وعیال اور خاندان والا آدمی ہوں۔ آپ ﷺ مجھے بتائیے کہ میں کیسے خرچ کروں اور کس کام پر کروں؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے مال کی زکوٰۃ نکالا کرو کہ اس سے تمہارا مال پاکیزہ ہوجائے گا' اپنے قریبی رشتہ داروں سے صلہ رحمی کیا کرو۔ سائل، پڑوسی اور مسکینوں کا حق پہنچایا کرو'' اس نے کہا: ''یارسول اللہ ﷺ کچھ کم کردیجئے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پھر قریبی رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کو ان کا حق دیا کرو اور فضول خرچ نہ کیا کرو۔ وہ کہنے لگا: یارسول اللہ! ﷺ بس یہ میرے لیے کافی ہے۔ جب میں اپنے مال کی زکوٰۃ آپ ﷺ کے قاصد کے حوالے کردوں تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نگاہوں میں، میں بری ہوجاؤں گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم میرے قاصد کو زکوٰۃ ادا کردو تو تم اس سے عہدہ برآ ہوگئے اور تمہیں اس کا اجر ملے گا اور گناہ اس کے ذمے ہوگا جو اس میں تبدیلی کردے۔ (12421۔ مسند احمد بن حنبل)۔ **کسی مسلمان کو ڈرانا:** حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمیں نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے یہ واقعہ سنایا کہ وہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جارہے تھے کہ ان میں سے ایک شخص کو نیند آگئی۔ دوسرے آدمی نے جاکر (مذاق میں) اس کی رسی لے لی (جب سونے والے کی آنکھ کھلی اور اسے اپنی رسی نظر نہ آئی) تو وہ پریشان ہوگیا۔ اس پر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کسی مسلمان کیلئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔ (4916۔ سنن ابی داؤد شریف، باب من اخذ الشئی علی المزاح)

(ایڈیٹر کے قلم سے)

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

ایک شہر کا حال سنیے

قارئین! کبھی آپ نے کوئی ایسا شہر دیکھا اور اس شہر میں بسنے والے ایسے باشندے دیکھے جن میں اتنی عظیم صفات ہوں' آئیں بیٹھ کر ہم اپنا اور اپنی مزاجوں کا موازنہ کریں کہ ہم کس ترتیب اور طبیعت کے ساتھ اپنے دن رات گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ صفائی پسند ہیں' دل بالکل صاف' کسی کے بارے میں کینہ' بغض' حسد' جادو' نہیں ہے۔ موٹر سائیکل لائے' گھر کے سامنے کھڑی کی' چابی اس کے اندر موجود ہے۔ کوئی پریشانی نہیں کہ کوئی چوری کرکے لے جائے گا کیونکہ وہاں جان، مال، عزت، آبرو اولاد اور عورت محفوظ ہے۔ کسی کی موت کا حال یہ ہے کہ وہ میت گھر کی نہیں ہوتی بلکہ پورے محلے کی، اس کی تجہیز وتکفین، تدفین یعنی کفن، غسل اور قبر یہ سب مل جل کر کرتے ہیں' سارے اس دکھ میں شامل ہوتے ہیں اور جنازہ میں بھی شامل ہوتے ہیں۔ بلی' کتے اور چوزے اور مرغیاں اکٹھے دیکھے' ایک دوسرے پر کوئی حملہ نہیں کررہا تھا اور سب مطمئن اپنی زندگی بسر کررہے اور غذا تلاش کررہے۔ اگر ہم علاج کی دنیا میں جاتے ہیں تو اس نگری میں ٹھنڈے پانی سے علاج کیا جاتا ہے' گرم پانی سے علاج کیا جاتا ہے' ٹھنڈی چائے سے علاج کیا جاتا ہے۔ دبانے سے علاج' حجامہ سے علاج' مالش سے علاج' وہ لوگ ورزش کرتے ہیں' سادہ غذائیں کھاتے ہیں' دوپہر کو قیلولہ کرتے ہیں۔ اس لیے ان کے ہسپتال خالی ہیں۔ بچے مسجدوں میں شور کرتے ہیں کوئی ایک لفظ ڈانٹ ڈپٹ کا انہیں نہیں کہتا کیونکہ انہیں پتہ ہے آج انہیں اگر روکا تو ان سے مسجد کی شناسائی اور تعارف چھوٹ جائے گا اور کل کو یہی لوگ مسجد کا رخ نہیں کریں گے۔ ویسے بھی مسجد میں صرف اس بچے کیلئے ممانعت ہے جو اپنے پیشاب پر اختیار نہ رکھتا ہو۔ باشعور بچہ مسجد میں ضرور آئے اور سیرت کی کتابیں اٹھا کر دیکھیں کہ مسجد نبوی ﷺ شریف میں حضور ﷺ کے دور میں بچے آتے تھے' ان سے محبت ہوتی تھی اور ڈانٹ ڈپٹ نہیں ہوتی تھی اور آج کل کے ہیگیر نے جو کہ پیشاب پاخانہ کو روک لیتا ہے بچوں کا مسجد میں آنا مزید آسان کردیا ہے۔ (مزید تفصیل کیلئے مقامی علماء سے رابطہ فرمائیں) ایک چیز کا مشاہدہ کیا' دکانیں کھلی ہیں' تالا نہیں' موبائل پڑے ہیں' چوری نہیں نہ کوئی خطرہ' نہ کوئی چور' نہ ڈکیتی نہ ڈاکو۔ ایک خاندان کو دیکھا بچے اور بیوی جنگل میں اکیلے ہیں تین چار کلومیٹر دور تک کوئی آبادی نہیں۔ عورت اپنے بچوں کے ساتھ اکیلی ہے اور خاوند فوت ہوگیا' بیوگی کی زندگی گزار رہی لیکن بالکل مطمئن ہے۔ ہم نے ایک سات منزلہ بحری جہاز پر سفر کیا، ایک منزل سے دوسری منزل پر جانا تھا' فاصلہ کافی زیادہ تھا' پورے جہاز میں کوئی گن مین' سکیورٹی' جگہ جگہ چیکنگ، آلے، بالکل نہیں۔ چھاؤنی کے آگے کوئی گن مین' تھانے کے سامنے کوئی گن مین نہیں' جیولرز کی دکان کے سامنے کوئی سکیورٹی نہیں۔ سنٹرل جیل میں پانچ سو قیدی کوئی گن مین نہیں۔ وہ لوگ اپنی غذاؤں میں میٹھی چیزیں بہت کم کھاتے ہیں' مٹھائی کی دکان نہیں۔ کیونکہ جس معاشرے میں میٹھے کا رواج زیادہ ہوگا اس معاشرے میں جرائم' کرائم' غصہ' ٹینشن' چڑچڑاپن ناجائز شہوت جیسی برائیاں عام ہوں گی۔ (یہ ایک سائنسی ریسرچ ہے)۔ ایک بحری جہاز کی اوپر کی منزل سے جہاز کے شیڈ پر ایک عورت گرگئی' لوگ اٹھانے کیلئے دوڑے' کہنے لگی مجھے کوئی نہ اٹھائے آخری چھینکی اپنے آپ کو اس نے اس سے لپیٹا باندھا اور نکالا۔ ہم نے وہاں عجیب وغریب نعمتیں دیکھیں جو دنیا میں کہیں نہیں ہیں۔ 100 پھل ایسے جو پاکستان میں ہم نے نہ کبھی دیکھے نہ سنے نہ کھائے۔ ان میں بیس پچیس کھائے' کیا مزہ کیا ذائقہ، بیان سے باہر۔ بڑے شہروں میں صفائی کا انتظام گورنمنٹ کے ذمے ہے' چھوٹے شہروں' گاؤں اور دیہات میں صفائی ہر بندے کے اپنے ذمہ ہے۔ وہ اپنے گھر کے سامنے اور سامنے کی گلی میں صفائی خود کرے گا۔ ساتھ ہی سمندر ہے۔ کھائی ہوئی چیزیں' چاول' یا دوسری غذائیں وہ کسی شکل میں سمندر میں نہیں پھینکنے دیتے تاکہ آلودگی پیدا نہ ہو۔ میرے کرم فرما جو مجھے یہ سب واقعات سنارہے تھے کہنے لگے میں پانچ ماہ وہاں رہا' میں نے کسی کی غیبت کسی سے نہیں سنی' نہ کسی کا ایک دوسرے کے بارے میں حسد' پورے سفر میں کہیں مجھے بھکاری نظر نہیں آیا' نہ کوئی لٹیرا۔ قناعت پسندی خوب سے خوب تر' خوب مہمان نواز' مجھے انہوں نے اپنا مہمان بنالیا' باہر کا کھانا اگر کھاتا تو ناراض ہوتے۔ جہاں ان میں یہ صفات تھیں وہاں ایک اور صفت قابل تعریف ہے کہ ان میں روزہ رکھنے کا یعنی پیر اور جمعرات روزہ رکھنا چونکہ سنت ہے' ان میں خوب اہتمام تھا۔ رمضان المبارک کا منظر تو قابل دید ہے۔ رمضان کا پہلے سے استقبال، احترام، اور بہت زیادہ اس کیلئے محنت۔ نوے فیصد افراد تہجد پڑھنے والے' فجر کی نماز میں رش ایسے جیسے جمعہ کی نماز کا رش۔ قارئین! یہ میں ایک نگری کا حال بیان کررہا ہوں۔ جس کا تذکرہ میرے ایک محسن نے مجھ سے کیا اور میں حیران ہوں دل میں آیا اس کا حال لکھ دوں۔ لیکن لکھنے میں تاخیر ہوگئی۔ آپ مجھ سے پوچھیے یہ کون سا ملک ہے؟ اس ملک کا نام یمن ہے۔ جس کے بارے میں بے شمار احادیث یمن کے فضائل کے بارے میں موجود ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

دل روحانیت وامن

درِ یار پہ بڑی دھوم ہے!

عافیت اللہ کا عطا کردہ نظام: اللہ پاک کا ایک نظام ہے جسے عافیت کا نظام کہتے ہیں۔ یہ انسان کی اشد ضرورت ہے، اس کی ضرورت اتنی اشد ہے کہ اس کے بغیر زندگی میں پریشانی ہی پریشانی ہے۔ اللہ کے نظام عافیت کا کیا کہنا؟ اللہ پاک بعض بندوں سے عافیت چھین بھی لیتا ہے اور بعض بندے ایسے ہوتے ہیں انہیں یہ عافیت اللہ پاک عطا فرما دیتے ہیں۔ جس سے عافیت چھین لے اسے کوئی عافیت دے نہیں سکتا اور جس کو عافیت کی چھتری عطا فرما دے اس کو کوئی ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اللہ پاک جس کی حفاظت کرنا چاہیں اسے ساری کائنات کے بادشاہ اور تمام ذی روح اس کو تکلیف نہیں دے سکتے اور اگر ہمارا رب جس کی حفاظت کا ذمہ ہٹا دے تو چھوٹی سی چیونٹی بلکہ چھوٹا سا تنکا اڑتا ہوا تنکا اس کیلئے وبال جان بن جائے گا۔

دعا برائے عافیت: ہمیں اللہ پاک سے ہر وقت اس کا عافیت والا نظام مانگتے رہنا چاہیے اور اسی عافیت والے نظام کو پانے کیلئے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم و دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیاء کرام اس دعا کو پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

نظام عافیت کی اہمیت: یہ عافیت جس کو عطا ہو گئی وہ خوش قسمت ہے۔ عافیت والی صحت، عافیت والا رزق، عافیت والی راحت، عافیت والا دن، عافیت والی رات، عافیت والی صبح اور عافیت والی شام، یہ جس کو بھی عطا ہو گئی وہ حقیقت میں خوش قسمت ہے اور بدقسمت انسان وہ ہے جس سے یہ نعمت چھن گئی اور یہ نعمت چھنتی کیسے ہے؟ اس کی بھی وجہ ہوتی ہے۔۔۔؟ حادثات بغیر کسی وجہ سے نہیں آتے۔ یہ حادثات فقر و فاقہ کی شکل میں، تنگدستی کی شکل میں، کاروباری زوال کی شکل میں، جسمانی زوال، بیماری، گھریلو پریشانی کی شکل میں آتے ہیں۔ **اچھی بری تقدیر، من جانب اللہ ہے:** کسی بھی مشکل کا آنا ایک حادثہ ہے اور یہ ایسے نہیں آتا! حادثہ اللہ کی طرف سے ہی ہوتا ہے، اللہ کا امر ایسے نہیں آتا اس کا کوئی سبب ضرور ہوتا ہے۔ ہمارے ایک ساتھی بیمار اور بوڑھے ہیں۔ ان کی اہلیہ بھی بوڑھی ہو گئی ہیں۔ ایک دفعہ وہ رو رہی تھیں تو میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کو اس کا علم نہیں ہے کہ اس بیماری میں میرے رب کی کیا حکمت پوشیدہ ہے، مثلاً: بعض اوقات بیوی سے میاں کے بارے میں کوئی کوتاہی ہو جاتی ہے، زبان سے ایسا لفظ نکل جاتا ہے، کوئی نافرمانی ہو جاتی ہے۔ ہمارا رب جو بندوں کے ساتھ بڑا رحیم و کریم ہے، کرم فرمانے والا ہے، رحم فرمانے والا ہے، پھر وہ اس کے میاں کو تکلیف دے دیتا ہے اور اس کو اس کی خدمت میں لگا دیتا ہے اور وہ جو کوتاہی ہوئی تھی اس کا ازالہ فرما دیتا ہے۔ اب اس بیوی نے اپنے میاں کی خدمت کی اور اللہ نے اس سے جو کمی کوتاہی ہوئی تھی اس کا اس طرح ازالہ کر دیا۔ **مقبول حج وعمرہ کا ثواب:** ماں یا باپ کوئی بیمار ہو گیا، کوئی تکلیف میں مبتلا ہو گیا، اب اس کو اللہ نے خدمت کا موقع دیا۔ اب اس نے خدمت کی، اُف نہ کی اور اس خدمت کے اندر اس نے دن رات ایک کر دیا، اپنا تن من کھپا دیا، الغرض اپنی دولت، اپنی جان، اپنی عزت اپنا وقار کھپا دیا لیکن ماں باپ کی خدمت کی، اگرچہ باپ ظالم ہے، فاسق اور فاجر ہے، اس کو خوش ہو کر دیکھنے سے حج و عمرے کا ثواب ملتا ہے، خدمت کا ثواب کہیں نہیں گیا وہ تو اس کا اور اس کی آخرت کا معاملہ ہے۔ اب اللہ پاک نے اس کو خدمت میں لگا دیا۔ اب اس سے جو والدین کی نافرمانی، کوئی حکم عدولی، کچھ کمی کوتاہی ہو گئی تھی، اللہ رب العزت نے اس کا ازالہ فرما دیا۔ بعض اوقات والدین بڑھاپے کی حالت میں پہنچ جاتے ہیں۔ ان کے مزاج میں سختی آ جاتی ہے، کچھ چڑچڑاپن آ جاتا ہے، کوئی زیادہ بوڑھا ہو جائے تو مزاج میں سختی اور تلخی میں شدت آ جاتی ہے۔ تو سعادت مند اولاد صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتی۔

ماں کی دعا پر جنت میں نبی کی رفاقت: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے پوچھا کہ: اللہ جنت میں میرا ساتھی کون ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فلاں شہر کا ایک قصاب ہے وہ جنت میں تیرا ساتھی ہوگا۔ اب موسیٰ علیہ السلام اس کو دیکھنے چلے گئے۔ اس شہر کی طرف سفر کیا۔ وہاں پہنچ کر اس سے بات نہ کی، بس خاموش رہے کہ اس کا عمل دیکھیں کہ یہ کیا کرتا ہے۔ اس قصاب نے گوشت بیچا اور پھر گوشت کا ایک ٹکڑا تھیلے میں ڈالا اور چل پڑا۔ موسیٰ علیہ السلام بھی پیچھے پیچھے اس قصاب کے دروازے پر گئے تو اس قصاب سے کہا کہ میں تیرا مہمان بننا چاہتا ہوں۔ اس نے کہا بسم اللہ!! اب اس نے جا کر وہ گوشت پکایا اور گوشت پکا کر پہلے اپنی بوڑھی ماں کو کھلایا، پھر جو باقی بچا وہ اپنے بچوں کو کھلایا۔ اب موسیٰ علیہ السلام نے یہ سب دیکھا تو سوچا کہ شاید اس کا کوئی ایسا خاص عمل ہو۔ اس سے پوچھا اس کے علاوہ کوئی خاص عمل ہے جو تم کرتے ہو؟ اس نے کہا میرا تو اور کوئی عمل نہیں ہے، بس یہی عمل کرتا ہوں تو اللہ نے فرمایا کہ: اے موسیٰ علیہ السلام اس کا یہی عمل ہے لیکن اس کی ماں زیر لب کچھ کہتی رہتی ہے۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے قصاب سے پوچھا تیری ماں تیرے لیے دعا میں کیا کہتی ہے؟ وہ قصاب کہنے لگا کہ یہ بس سادی ہے، ایسے ہی بس بھولپن میں یوں کہتی ہے کہ اللہ تجھے جنت میں موسیٰ علیہ السلام کا ساتھی بنائے۔ بھلا میں جنت میں موسیٰ علیہ السلام کا ساتھی کہاں ہو سکتا ہوں؟ بس ایسے ہی یہ بیچاری باتیں کرتی رہتی ہے اماں ہے ناں!!۔ موسیٰ علیہ السلام اس قصاب سے کہنے لگے "میں موسیٰ (علیہ السلام) ہوں اور میرے رب نے مجھے وحی بھیجی ہے کہ تیری اس خدمت پر اللہ نے تجھے میرا ساتھی بنایا ہے، میں نے اللہ سے سوال کیا تھا کہ یا اللہ جنت میں میرا ساتھی کون ہے، تو اللہ پاک نے مجھے تیرا ساتھی بتایا۔ میں تو تیری زیارت کرنے آیا ہوں:

"درِ یار پہ بڑی دھوم ہے وہاں عاشقوں کا ہجوم ہے" (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری مکمل سیٹ کا مطالعہ کریں۔

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ ہمیں رسالہ عبقری پڑھتے ہوئے تو تین سے چار سال ہو چکے ہیں لیکن جب سے میں نے آپ کے درس سننے شروع کیے ہیں تو روح کی دنیا بدلنا شروع ہو گئی ہے۔ مایوس زندگی میں آس کی امید لگ گئی ہے، امید ہو گئی ہے کہ دنیا اور آخرت ضرور سنورے گی۔ میں انتہائی پریشان زندگی گزار رہی تھی۔ ہر طرف سے مایوس ہو چکی تھی مگر درس سننے کی برکت سے جینے کی نئی امنگ پیدا ہوئی ہے۔ پریشانیوں نے چاروں طرف سے گھیرا ہوا تھا ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا مگر درس کی برکت سے اب امید کی روشنی نظر آئی ہے۔ گھر میں سکون آتا جا رہا ہے، دماغ پرسکون ہوتا جا رہا ہے، معاشی حالت بہتر ہوتی جا رہی ہے، جھگڑے ختم ہو رہے ہیں۔ اب تو میری سب چاہتوں پر اللہ کی (باقی صفحہ نمبر 22 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

شہزادہ رسول ﷺ کی دعائے مقبول کی کرامت

ابو لبیب شاذلی

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے ایک شخص جنگل میں وصال فرمائے گا اور اس کے جنازہ میں مسلمانوں کی ایک جماعت حاضر ہو جائے گی۔ مجھے یقین ہے کہ وہ جنگل میں وصال کرنے والا صحابی میں ہی ہوں۔

میں کب وفات پاؤں گا: حضرت فضالہ بن فضالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مقام "ینبع" میں بہت سخت بیمار ہو گئے تو میں اپنے والد کے ہمراہ ان کی عیادت کیلئے گیا۔ دوران گفتگو میرے والد نے عرض کیا اے امیر المومنین! آپ ایسی جگہ علالت کی حالت میں مقیم ہیں اگر اس جگہ آپ کی وفات ہو گئی تو قبیلہ "جہینہ" کے گنواروں کے سوا اور کون آپ کی تجہیز و تکفین کرے گا؟ اس لیے میری گزارش ہے کہ آپ مدینہ منورہ تشریف لے چلیں کیونکہ وہاں اگر یہ حادثہ رونما ہوا تو وہاں آپ کے جاں نثار مہاجرین و انصار اور دوسرے مقدس صحابہ آپ کی نماز جنازہ پڑھیں اور یہ مقدس ہستیاں آپ کے کفن و دفن کا انتظام کریں گی۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا کہ اے فضالہ! تم اطمینان رکھو کہ میں اپنی بیماری میں ہرگز ہرگز وفات نہیں پاؤں گا۔ سن لو اس وقت تک ہرگز ہرگز میری موت نہیں آسکتی جب تک کہ مجھے تلوار مار کر میری اس پیشانی اور ڈاڑھی کو خون سے رنگین نہ کر دیا جائے۔ (ازالۃ الخفاء مقصد 2 ص 273)۔ تبصرہ: چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ بدبخت عبدالرحمن بن ملجم مرادی خارجی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مقدس پیشانی پر تلوار چلا دی جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی کو کاٹتی ہوئی جبڑے تک پیوست ہو گئی۔ اس وقت آپ کی زبان مبارک سے یہ جملہ وارد ہوا "کعبہ کے رب کی قسم کہ میں کامیاب ہو گیا" اس زخم میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہادت کے شرف سے سرفراز ہو گئے اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فضالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مقام ینبع میں جو فرمایا تھا وہ حرف بحرف صحیح ہو کر رہا۔

ذراسی دیر میں قرآن کریم ختم کرنے والی ہستی: یہ کرامت روایات صحیحہ سے ثابت ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھوڑے پر سوار ہوتے وقت ایک پاؤں رکاب میں رکھتے اور قرآن مجید شروع کرتے اور دوسرا پاؤں رکاب میں رکھ کر گھوڑے کی زین پر بیٹھنے تک اتنی دیر میں ایک قرآن مجید ختم کر لیا کرتے تھے۔ (شواہد النبوۃ ص 160)

جنگل بیابان میں وصال پانے والے صحابیؓ کی عجیب کرامت: روایت میں ہے کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کا وقت قریب آیا تو ان کی بیوی صاحبہ رونے لگیں۔ آپ نے پوچھا بیوی تم کیوں روتی ہو؟ بیوی نے جواب دیا: میں کیوں نہ روؤں' جنگل میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وصال فرما رہے ہیں اور ہمارے پاس نہ کفن ہے نہ کوئی آدمی۔ مجھے یہ فکر ہے کہ اس جنگل میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تجہیز و تکفین کا میں کہاں سے اور کیسے انتظام کروں گی! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تم مت روؤ اور نہ کوئی فکر کرو۔ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے ایک شخص جنگل میں وصال فرمائے گا اور اس کے جنازہ میں مسلمانوں کی ایک جماعت حاضر ہو جائے گی۔ مجھے یقین ہے کہ وہ جنگل میں وصال کرنے والا صحابی میں ہی ہوں۔ اس لیے تم فکر نہ کرو اور انتظار کرو ممکن ہے کوئی جماعت آرہی ہو۔ یہ کہہ کر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وصال فرما گئے۔ ان کی بیوی کا بیان ہے کہ وصال کے تھوڑی ہی دیر کے بعد بالکل اچانک چند سوار آگئے اور ایک نوجوان نے اپنی گٹھڑی میں سے ایک نیا کفن نکالا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی کفن میں مدفون ہوئے اور سواروں کی اس جماعت نے نہایت ہی اہتمام کے ساتھ تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ و دفن کا انتظام کیا۔ (الکلام المبین و کنز العمال ج 15 ص 284، مطبوعہ حیدرآباد)

خشک درخت پر تازہ کھجوریں: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہت سی کرامات میں سے یہ ایک کرامت بہت زیادہ مشہور ہے کہ ایک سفر میں آپ کا گزر کھجوروں کے ایک ایسے باغ میں ہوا جس کے تمام درخت خشک ہو گئے تھے۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک فرزند بھی اس سفر میں آپ کے ہمرکاب تھے۔ آپ نے اسی باغ میں پڑاؤ کیا اور خدام نے آپ کا بستر ایک سوکھے درخت کی جڑ میں بچھا دیا اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرزند نے عرض کیا کہ اے ابن رسول اللہ! کاش! اس سوکھے درخت پر تازہ کھجوریں ہوتیں تو ہم لوگ سیر ہو کر کھا لیتے۔ یہ سن کر حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چپکے سے کوئی دعا پڑھی اور بالکل ہی اچانک منٹوں میں وہ سوکھے درخت بالکل سرسبز و شاداب ہو گئے اور ان پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں لگ گئیں۔ یہ منظر دیکھ کر ایک شتربان کہنے لگا کہ خدا کی قسم! یہ تو جادو کا کرشمہ ہے۔ یہ سن کر حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرزند نے اس کو بہت زور سے ڈانٹا اور فرمایا کہ توبہ کر' یہ جادو نہیں ہے بلکہ شہزادۂ رسول ﷺ کی دعائے مقبول کی کرامت ہے۔ پھر لوگوں نے کھجوروں کو درخت سے توڑا اور سب ہمراہیوں نے خوب شکم سیر ہو کر کھایا۔ (روضۃ الشہداء باب 6 ص 109)

چہرہ آئینہ بن گیا: حیان بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضور انور ﷺ نے حضرت قتادہ بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چہرے پر ایک مرتبہ اپنا نورانی دست پھیرا۔ اس کے بعد ان کو یہ کرامت مل گئی کہ یہ بہت ہی بوڑھے ہو چکے تھے لیکن ان کے چہرے پر بدستور جوانی کا جمال باقی تھا اور ان کا چہرہ اس قدر چمکتا تھا کہ میں ان کی وفات کے وقت ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت ایک عورت ان کے سامنے سے گزری۔ اس وقت میں نے اس عورت کا عکس ان کے چہرے میں اس طرح دیکھ لیا گویا میں آئینہ میں اس کا چہرہ دیکھ رہا ہوں۔ (اصابہ ج 3 ص 225)

میں نے اس عمل سے بہت کچھ پایا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اس رسالے سے مجھے بہت کچھ ملا ہے' میری بہت سی پریشانیاں اس میں موجود وظائف سے دور ہوئی ہیں۔ درج ذیل عمل میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ تہجد کے وقت اٹھیں' دو رکعت نفل نماز تہجد پڑھیں' پہلی رکعت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ دوسری رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد اللہ سے خوب گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ میں نے اس طرح تہجد پڑھنے سے بہت پایا ہے۔ **نفلی نماز کسی بھی عبادت والی رات کیلئے:** سو رکعت نفل صلوٰۃ الخیر، اس نماز کو کسی بھی عبادت والی رات میں پڑھا جاسکتا ہے۔ میں نے رمضان میں پڑھی شب قدر کو پایا تھا۔ عشاء کی نماز سے پہلے سورۂ یٰسین پڑھنی ہے پھر نماز عشاء کے بعد ان سو نوافل کو شروع کریں۔ ہر دو نفل میں ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر سلام پھیریں۔ اس طرح سو نفل پورے کریں اور آخر میں سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ آپ کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔ (ساجدہ زاہد' راجن پور)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

ننھے منے بچوں کو بڑی پریشانیوں سے بچانے کے گُر

بچے کو شروع ہی سے روزانہ نہلانے کی عادت ڈالنا چاہیے، چنانچہ موسم سرما میں کسی قدر گرم پانی سے اور موسم گرما میں تازہ پانی سے نہلانا چاہئے۔ نہلانے کے فوراً بعد بچے کا بدن خشک کرلینا چاہئے اور اس کو کپڑے پہنا دینے چاہئیں۔ گرمیوں میں دو تین دفعہ بھی نہلایا جاسکتا ہے۔

ننھے بچوں کی دیکھ بھال والدین کا نہایت مقدس فرض ہے اس لئے والدین کو بچوں کی صحت کیلئے بڑی ذمہ داری اور ہوش مندی سے کام لینا چاہئے۔

بچے کو دودھ پلانا: یہ بات خوب اچھی طرح یاد رکھنا چاہئے کہ بچے کی بہترین اور عمدہ غذا ماں کا دودھ ہے۔ دودھ پلانے کے فوراً بعد بچے کو آرام سے رکھیں، زیادہ ہلانے جلانے سے بچہ قے کردیتا ہے۔ زیادہ تکلیف ہونے پر گھر یا پڑوس کی بڑی بوڑھی سے مشورہ نہ کریں بلکہ ہمیشہ اپنے معالج کی رائے حاصل کریں۔ کوئی دوا بچے کو خود بخود استعمال نہ کرائیں۔

بچے کا لباس: ہلکا سادہ مسام دار اور ڈھیلا ہونا چاہئے۔ ننھے بچوں کو پرتکلف کپڑے جس پر زری یا ستارہ وغیرہ کا کام ہوتا ہے پہنانا خواہ مخواہ ان کو تکلیف دیتا ہے۔ لباس موسم کے مطابق سرد یا گرم ہونا چاہئے۔ بچے موسمی اثرات کو بڑوں کی نسبت جلدی قبول کرتے ہیں اس لئے آپ بچوں کی دیکھ بھال بہت احتیاط سے کریں۔

پیشاب و پاخانہ ذمہ داری سے کروایئے: اگر آپ بچے کو غذا باقاعدہ دیں گے تو از خود اس کے پاخانہ کا وقت مقرر ہوجائے گا اور وہ کپڑوں اور بستر کو خراب کرکے ماں اور دایہ کیلئے تکلیف کا باعث نہ بنے گا۔ پابندی کے عادی بچے بہت چھوٹی عمر میں ہی پیشاب اور پاخانہ کے وقت خاص اشاروں سے ماں کو سمجھا لیتے ہیں۔ اگر کبھی کپڑے گیلے اور خراب ہوجائیں تو ان کو فوراً اتار کر نیا پہنا دینا چاہئے۔

بچوں کیلئے ورزش انتہائی ضروری: بچوں کی مناسب نشوونما کیلئے ضروری ہے کہ انہیں ورزش کا موقع دیا جائے۔ چنانچہ ان کو کافی دیر تک بستر پر پڑے رہنا چاہئے تاکہ ہاتھ پاؤں چلاتے رہیں، کبھی کبھی معمولی رونے سے بچے کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے کیونکہ اس سے پھیپھڑوں میں پوری طرح ہوا پہنچ جاتی ہے، اس لئے اس سے پریشان نہیں ہونا چاہئے۔

ننھے بچے کو بھرپور سونے کا موقع دیجئے: ننھے بچے کو نیند کی بہت ضرورت ہوتی ہے، چنانچہ اپنی عمر کے ابتدائی دنوں میں وہ تقریباً 20-22 گھنٹے سوتا رہتا ہے۔ اس کے بعد بتدریج نیند تھوڑی تھوڑی کم ہوتی جاتی ہے۔ پاکستان، ہندوستان میں عام طور پر مائیں بچوں کو ساتھ سلاتی ہیں اس سے ماں اور بچہ دونوں بے آرام رہتے ہیں اس میں بڑی قباحت یہ ہے کہ بچہ بے وقت دودھ پینے کا عادی ہوجاتا ہے، بچے کو ہمیشہ الگ سلانا چاہئے۔ ایک ہی کروٹ پر بچے کا سونا ٹھیک نہیں۔ چنانچہ ماں یا دایہ کو چاہئے کہ اسے پہلے دائیں پہلو پر سلائے اور پھر کسی کسی وقت کروٹ بدلتی رہے۔

مالش کیجئے بچے کے اعضاء طاقتور بنایئے: سرسوں کے عمدہ تیل سے بچے کی مالش کرتے رہنا مفید ہے اس سے اعضاء طاقتور ہوتے ہیں اور نشوونما میں مدد ملتی ہے۔

نہلانا: بچے کو شروع ہی سے روزانہ نہلانے کی عادت ڈالنا چاہیے، چنانچہ موسم سرما میں کسی قدر گرم پانی سے اور موسم گرما میں تازہ پانی سے نہلانا چاہئے۔ نہلانے کے فوراً بعد بچے کا بدن خشک کرلینا چاہئے اور اس کو کپڑے پہنا دینے چاہئیں۔ گرمیوں میں دو تین دفعہ بھی نہلایا جاسکتا ہے۔

بچہ کی چوسنی: چوسنی کی عادت بچہ کی صحت کیلئے مضر ہے اس سے پابندی وقت اور ضبط نفس کا وہ سبق جو مقررہ اوقات غذا سے بچہ کو ملتا ہے نہیں مل سکتا۔ اگر بچہ بے وقت روئے تو بجائے دودھ کے اس کو تھوڑا سا عرق سونف پلانا چاہئے۔

بچوں کی غذائیں: بچے کو چھ سات ماہ کے دوران دودھ کے علاوہ دوسری زود ہضم غذائیں بھی قلیل مقدار میں دینی چاہئیں مثلاً اچھی طرح پکی ہوئی کھچڑی، پتلی کھیر یا دلیہ اور فرنی وغیرہ پکے ہوئے زود ہضم فروٹ جوس، بکرے کے گوشت کی یخنی، اچھی قسم کے بسکٹ وغیرہ دینے چاہئیں۔ دیر ہضم، گوشت، کچی سبزیاں، ٹماٹر، پیاز، تلے ہوئے پکوڑے، آلو اور بازاری مٹھائیاں اور برف سے سرد کی ہوئی تمام اشیاء بچوں کو تین سال تک استعمال نہیں کروانا چاہئیں۔

دودھ پلانے کی بوتل: ماں کا دودھ ہی بچے کی بہترین غذا ہے اگر کسی وجہ سے ماں کا دودھ میسر نہ ہو اور بچے کو دودھ پلانے کی ضرورت درپیش ہو تو پھر بچے کو دودھ بوتل سے بھی پلایا جاسکتا ہے۔ بچوں کو دودھ پلانے کی کئی قسم کی بوتلیں بازار میں ملتی ہیں۔ سب سے عمدہ بوتل وہ ہے جو اچھی طرح صاف ہوسکے، خالی بوتل کو گرم پانی کے ساتھ برش سے خوب اچھی طرح دھونا چاہئے۔ نپل کو بھی الٹا کرکے دھونا چاہئے۔ ورنہ دودھ میں خرابی ہوکر بچے کے ہضم کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔ مصنوعی دودھ پر پرورش پانے والے بچوں کیلئے بہترین طریقہ چمچ سے دودھ پلانا ہے اس سے بوتل کی صفائی نہ ہونے کے نقصانات سے چھٹکارا ہوجاتا ہے بچوں کے دودھ پلانے کے برتن صاف ہونا نہایت ضروری ہیں۔

بچے کا دودھ چھڑانا: عام طور پر ایک یا دو سال کی عمر میں بچے کا دودھ چھڑالیا جاتا ہے یعنی ماں کے دودھ کی بجائے گائے یا بھینس کا دودھ اور دوسری غذائیں شروع کردی جاتی ہیں پاکستان میں گرمیوں کا موسم دودھ چھڑانے کیلئے اچھا نہیں بلکہ موسم بہار اس کیلئے بہترین ہے۔ دودھ یکبارگی نہیں بلکہ بتدریج چھڑانا چاہئے۔ اگر بچے کا دودھ آہستہ آہستہ چھڑایا جائے تو عموماً ماں کی چھاتیوں میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور اس طرح سے بچہ بھی صحت مند رہتا ہے۔

ڈپریشن کا مریض ایک عمل سے صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کی چھ یا سات ماہ سے قاری ہوں' عبقری ہر ماہ ہمارے گھر باقاعدگی سے آتا ہے۔ دواخانہ خزانے اور عبقری لوگوں کو ہدیہ بھی کرتی ہوں اور عبقری کا اور آپ کا بتاتی ہوں۔ ہر جمعرات کو ہم سب بچے انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنتے ہیں اور خوب فیض پاتے ہیں۔ ہم بہت سے مسائل کا شکار تھے میرے شوہر' شوہر کی چھوٹی بہن' میں اور ہم بہنیں سب ڈپریشن میں مبتلا تھے۔ ہمارا عبقری سے تعارف ایک بزرگ نے کروایا اور انہوں نے ہمیں ڈپریشن سے نجات کیلئے ایک عمل بتایا۔ بعد نماز عشاء پانچ سو بار معوذتین شوہر پڑھے اور پانچ سو مرتبہ فجر کے بعد میں پڑھوں اور یہ وظیفہ چالیس دن کرنا ہے۔ ہم دونوں نے یہ وظیفہ پندرہ دن ہی کیا تھا کہ میرے شوہر بالکل ٹھیک ہوگئے اور ان کی ڈپریشن کی گولیاں چھوٹ گئیں۔ اللہ نے مجھے بھی صحت دی اور میں الحمدللہ امید سے ہوگئی۔ (اہلیہ محمد احمد' راولپنڈی)

مرد و خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کا لاجواب حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک نسخہ ہے جو کہ لیکوریا، ذکاوت حس' جریان' احتلام' سرعت انزال کیلئے خاص طور پر لاجواب ہے۔ **ھوالشافی:** سمندر سوکھ ایک تولہ' اسپغول ثابت ایک تولہ' کاہو چار تولہ' گل سرخ ایک تولہ' کافور تین ماشہ' اجوائن خراسانی اڑھائی تولہ' گل نار ایک تولہ' خشک دھنیا ڈیڑھ تولہ' نیلوفر آدھا تولہ' گوند کیکر اڑھائی تولہ۔ اجوائن خراسانی اور کافور اکٹھا پیس لیں۔ باقی علیحدہ سمندر سوکھ اور اسپغول کو بغیر کوٹے ڈال دیں۔ بڑے سائز کے کیپسول کھانے کے بعد کھالیں۔ گرم' تلی ہوئی' بازاری اور بیکری کی اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔ (پ۔ ج)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

دنیا کی کوئی طاقت آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکتی

بس میں نے دل میں فیصلہ کرلیا کہ آیۃ الکرسی پڑھ رہا ہوں اللہ میری حفاظت فرمائیں گے۔ آیۃ الکرسی شروع کی اور جنگل میں گھس گیا' سخت سردی' دھند اور درندوں سے بھرا گھنا جنگل' بس آیۃ الکرسی پڑھتا جارہا تھا۔ اللہ کے فضل وکرم سے باخیریت گھر پہنچ گیا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کے علم، عمل، زندگی میں برکت دے' آمین ثم آمین۔ حکیم صاحب میں آپ کو اپنا واقعہ سنا رہی ہوں۔ گزشتہ رمضان المبارک میں میری عادت تھی کہ میں ہمیشہ سحری بناتے وقت سورۂ بقرہ پڑھتی رہتی تھی۔ الحمدللہ! رات دو بجے کا وقت ہوگا میرے شوہر مقامی مسجد میں امام ہیں' وہ مجھے جگا کر خود مسجد میں چلے گئے۔ میں نے سحری بنانا شروع کردی جس گھر میں ہم رہ رہے ہیں وہ پاکستان بننے سے پہلے کا ہے۔ ایک رات پہلے رات کو کوئی چیز چھت سے نیچے گری جس رات کوئی چیز گری تھی اس ساری رات ہماری لائٹ نہیں آئی میں نے کوئی خاص دھیان نہ دیا' دن کو بھی کچن میں جاتی رہی۔ جب قاری صاحب (میرے شوہر) سحری کے وقت لوگوں کو سپیکر کے ذریعے اٹھانے کیلئے مسجد میں چلے گئے تو اس وقت بھی لائٹ بالکل نہیں تھی۔ میں حسب معمول سورۂ بقرہ پڑھ رہی تھی اور سحری بنا رہی تھی' میری کوشش تھی کہ قاری صاحب کے آنے سے پہلے پہلے سحری لگا دوں' روزہ رکھنا ہے اور وقت بالکل کم رہ گیا ہے۔ میں چیزیں وغیرہ فریج میں رکھنے کیلئے باہر گئی' جب دوبارہ کچن میں جانے لگی کیا دیکھتی ہوں کہ ایک بہت بڑا سانپ بیٹھنے والی چوکی کے پاس کنڈلی مارے بیٹھا ہوا ہے' نامعلوم کتنی دیر سے وہاں بیٹھا ہوا تھا' اگر میں سحری بنانے کے دوران اپنے پاؤں کو بس تھوڑا سا چوکی کی طرف کرتی یا میرا پاؤں چوکی کو لگ جاتا تو سانپ نے اپنا کام تمام کرلینا تھا۔ میں گجرات کے ایک گاؤں سید حزی میں رہتی ہوں' قاری صاحب آزاد کشمیر میں امام مسجد ہیں اس لیے ہم یہاں رہتے ہیں۔ میں آج تک کسی کے گھر نہیں گئی سارے گاؤں کی خواتین میرے گھر آتی ہیں۔ اس دن مجبوری میں سامنے گھر گئی اور کہا چاچی ہمارے گھر میں بہت بڑا سانپ ہے اس کو آکر ماریں وہ سیدھے مسجد گئے قاری صاحب کو ساتھ لے کر آئے وہ سانپ اس وقت بھی اسی حالت میں کنڈلی مار کر بیٹھا ہوا تھا۔ میرے شوہر اور ہمارے ہمسائے نے مل کر اس سانپ کو بمشکل مارا۔ اللہ رب العزت نے سورۂ بقرہ کی برکت سے میری اور میرے ہونے والے بچے کی جان بچائی۔ اس کے علاوہ میں صبح وشام کی مسنون دعاؤں کا اہتمام ضرور کرتی ہوں اور ہر وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر امتی کی خیر مانگتی ہوں۔ (س، آزاد کشمیر)

خطرناک جنگل سے بحفاظت نکل آیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ضلع کوہاٹ کا رہائشی ہوں' ایک قریبی رشتہ دار ہمارے گھر آئیں تو انہوں نے مجھے کہا کہ عبقری کے نام سے ایک رسالہ ہے' جو ہر ماہ شائع ہوتا ہے مجھے وہ بازار سے لادیں۔ میں بک سٹال پر گیا' رسالہ لیا' جب میں نے پڑھنا شروع کیا تو مجھے بے حد اچھا لگا۔ اس سے اگلے ماہ کا رسالہ اپنے لیے لینے گیا تو تین مرتبہ بک سٹال پر گیا آخر آہی گیا۔ اس رسالہ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اب تو ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے۔ عبقری کے پڑھنے والوں کیلئے ایک واقعہ بیان کررہا ہوں جو کہ آیت الکرسی کے بارے میں ہے۔ دو تین سال پہلے کی بات ہے کہ میں اس وقت مری کے علاقہ باڑیاں جو کہ دس کلومیٹر مری شہر سے فاصلے پر ہے' وہاں ہمارا ٹریننگ سکول ہے جو کہ اے ایس ٹی کے نام سے ہے۔ میں وہاں چلا گیا۔ کچھ ضروری کام تھا رات کے گیارہ بج گئے۔ سردی کا موسم تھا۔ میں وہاں سے روانہ ہوا' سڑک پر کوئی گاڑی نہ تھی' میں نے واپس بھی آنا تھا' میں آیۃ الکرسی کا ورد کررہا تھا' گھوڑا گلی سے مری کا راستہ کافی زیادہ تھا' وہاں تک آیا۔ وہاں ایک سوزوکی ملی جو کہ کالی مٹی ایک جگہ کا نام ہے۔ وہاں تک لے گیا۔ کالی مٹی سے ایک راستہ ہمارے سکول کی طرف تھا جو کہ جنگل سے گزر کر جاتا تھا رات کے بارہ بج گئے تھے وہاں میں نے سرکاری کوارٹر میں بچے بھی ساتھ رکھے تھے۔ کم از کم گھر کا فاصلہ پانچ کلومیٹر کا تھا' وہاں جنگل میں دن کو شیر، چیتے پھرتے ہوئے دیکھے گئے تھے اور پھر رات کو بارہ بجے اس راستے جانا خودکشی کرنے کے مترادف تھا۔ بس میں نے دل میں فیصلہ کرلیا کہ آیۃ الکرسی پڑھ رہا ہوں اللہ میری حفاظت فرمائیں گے۔ آیۃ الکرسی شروع کی اور جنگل میں گھس گیا' سخت سردی' دھند اور درندوں سے بھرا گھنا جنگل' بس آیۃ الکرسی پڑھتا جارہا تھا۔ اللہ کے فضل وکرم سے باخیریت گھر پہنچ گیا۔ جب گھر والوں کو بتایا تو وہ پہلے تو حیران ہوئے پھر غصہ ہوئے۔ جب کافی دن گزر گئے تو میرے کچھ دوست دن کے وقت وہاں سے گزر رہے تھے میں بھی ساتھ تھا تو میں نے انہیں کہا کہ میں ایک بات کہوں مان لوگے؟ انہوں نے کہا کہ بتاؤ، میں نے ان سے کہا کہ اس جنگل کے راستے سے میں رات کے بارہ بجے گزرا ہوں' وہ سب حیران رہ گئے۔ آیۃ الکرسی پڑھیں' دنیا کی کوئی طاقت آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ (جان محمد خان' کوہاٹ)

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 112 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

غیر مسلم کی عیادت: مدینہ میں آباد بنو نجار قبیلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ننھیال تھا۔ سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں: اس قبیلے کا کوئی آدمی بیمار ہوگیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیادت کیلئے تشریف لے گئے (دوران گفتگو) اس سے فرمایا: میرے ماموں! آپ لا الہ الا اللہ پڑھ لیں۔ اس آدمی نے سوال کیا؟ میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ماموں ہوں یا چچا! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماموں! پھر فرمایا کلمہ پڑھ لیں۔ اس نے دریافت کیا: کیا یہ میرے لیے بہتر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ''جی ہاں'' (مسند احمد 152/3)

غیر مسلم میت کا احترام: سیدنا سہل بن حنیف اور قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما قادسیہ کے مقام پر بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ وہاں سے گزرا، دونوں کھڑے ہوگئے تو انہیں بتایا گیا: یہ یہاں کے رہنے والے (غیر مسلم) کی میت ہے تو ان دونوں صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے حدیث سنائی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے جنازہ گزرا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے۔ بتایا گیا: یہ ایک یہودی کا جنازہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ترجمہ: کیا یہ جان نہیں تھی؟'' (البخاری 1312)

روحانی پھکی میں آخر ایسا کیا ہے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ عجیب مسئلہ تھا' میں ٹھیک ٹھاک بیٹھی ہوتی تھی یکدم میرا بلڈ پریشر شوٹ کرجاتا تھا' دو بار ہارٹ اٹیک کا ٹیسٹ ہوا' اللہ کا شکر اللہ تعالیٰ نے بچالیا' آدھی رات کو کارڈیالوجی لے کر جانا پڑا، ڈاکٹرز کہتے آپ نے کوئی ٹینشن لی ہوگی ایسا کچھ بھی نہیں تھا۔ ادویات کھا کھا کر تھک چکی تھی۔ ہر روز رات کو میرے ساتھ یہی مسئلہ ہوتا اور مجھے ڈاکٹرز کے پاس لے جاتے۔ میری چھوٹی بہن لاہور میں رہتی ہیں۔ انہوں نے مجھے لاہور سے ''روحانی پھکی'' بھیجی' پہلے دن ہی استعمال کی تو دل کی دھڑکن کنٹرول ہوگئی صرف چار دن ہی میں نے کھائی کہ بلڈ پریشر بھی نارمل ہوگیا اور میں سکون سے سوگئی۔ حیرت ہوتی ہے کہ بڑے بڑے ڈاکٹرز کو میرا مرض سمجھ نہیں آرہا تھا اور ایک سستی سی پھکی کی ڈبی سے میں ٹھیک ہوگئی آخر اس میں ایسا کیا ہے؟ (ثمینہ رانا' کراچی)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

غصہ کنٹرول کرنے کیلئے چند اصول ضرور اپنائیے

(ماجد ظہور، لاہور)

دوستو! کسی زمانے میں یہ مرض بہت دیکھنے کو ملتا تھا عموماً کوئی اہم کام وقت پر ممکن یا مکمل نہ ہونے کی صورت میں لوگ غصے کا اظہار کر دیا کرتے تھے مگر اب تو پیاز اور آلو اتنے دکھائی نہیں دیتے جتنا کے لوگوں کے غصے

کیا کروں یار؟ غصہ بہت آتا ہے غلط بات برداشت ہی نہیں ہوتی۔ لڑکے ہوں یا لڑکیاں سب ہی غصے کے مرض میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ بس فرق صرف اتنا ہے کہ کچھ لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے اور کچھ لوگ اسے فیشن کے تحت لیتے ہیں۔ آپ حیران ہوں گے ہم کیا کہہ رہے ہیں غصہ ایک جذباتی کیفیت کا نام ہے جس میں انسان حواس کھو بیٹھتا ہے اس کا بھلا عادت یا فیشن سے کیا تعلق؟ دوستو! کسی زمانے میں یہ مرض بہت دیکھنے کو ملتا تھا عموماً کوئی اہم کام وقت پر ممکن یا مکمل نہ ہونے کی صورت میں لوگ غصے کا اظہار کر دیا کرتے تھے مگر اب تو پیاز اور آلو اتنے دکھائی نہیں دیتے جتنا کے لوگوں کے غصے۔ ذرا غور کیجئے آٹھ گھنٹے سے بجلی بند ہے پانی بھی نہیں آرہا اور گیس نے الگ نہ آنے کی قسم کھائی ہوئی ہے ایسے میں غصہ آنا لازمی امر ہے۔ کیونکہ بجلی کے طویل تعطل نے ہماری روزمرہ زندگی کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا ہے۔ مگر اس تمام صورتحال کا ذمہ دار ہم بڑی آسانی سے حکومت کو قرار دے کر خود آسانی سے بری ہوجاتے ہیں کہ بجلی کا پلانٹ لگانا، پانی فراہم کرنا یہ سب حکومت کی ذمہ داری ہے اور ان تمام چیزوں کا بے دریغ استعمال ہمارا فرض ہے۔ ہم کبھی اس بات پر غصہ نہیں کرتے کہ جب ایک پنکھے سے کام ہوسکتا ہے تو دو پنکھوں کے چلانے کی کیا ضرورت ہے یہی وہ مقام ہے جب غصے کا مرض عادت سے نکل کر فیشن کی صورت اختیار کرلیتا ہے۔ ارے بھائی! اب دیکھئے نا! ٹریفک جام تو غصہ آگیا اس غصے میں آگے پیچھے گاڑی والوں سے جھگڑا بھی شروع کردیا، آخر کیا کریں غصے میں آکر اپنی شخصیت کے ہنر بھی تو دکھانے ہیں لہٰذا غصہ کرنے پر مجبور ہیں۔ اب ذرا گھر کو لوٹ چلتے ہیں مگر اب یہاں بھی غصہ کسی نے نصیحت کے دو بول کہہ دیئے تو غصہ، کپڑے وقت پر استری نہیں تو موڈ آف، اسائنمنٹ مکمل نہیں تو مصیبت غصہ نہ ہوا بلائے جان ہوگیا۔ مجال ہے جو کچھ سوچنے سمجھنے کی مہلت دے چھوٹی چھوٹی بات پر غصہ آنا۔ کچھ لوگوں کو غصہ اس حد تک آتا ہے کہ وہ وقتی طور پر اپنے دل کی بھڑاس نکال کر خاموش ہوجاتے ہیں۔ انہیں ٹھنڈے مزاج کا مالک کہا جاتا ہے کچھ لوگ چیزیں توڑ کر اپنا غصہ اتارتے ہیں۔ غصے کا اظہار کئی طرح سے کیا جاتا ہے بعض لوگ بلند آواز میں بول کر اظہار کرلیتے ہیں کچھ گالی گلوچ اور بعض ہاتھا پائی اور تشدد سے اگرچہ غصہ کے اظہار سے انسان پرسکون ہوجاتا ہے تاہم یہ نقصان کا باعث بنتا ہے۔ نفسیاتی لحاظ سے غصے کو دبانا مناسب نہیں کیونکہ اس سے کئی نفسیاتی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ مثلاً کمر درد، گردن اور سر درد، مختلف قسم کے جوڑوں کے درد، معدے کا السر، بڑی آنت کی سوزش اور بلڈ پریشر وغیرہ ایک ریسرچ سے معلوم ہوا ہے کہ زیادہ غصہ حادثات کا سبب بھی بنتا ہے۔ غصے میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں، مثلاً دل کی دھڑکن، نبض کی رفتار تیز ہوجاتی ہے، آنکھیں انگارے بن جاتی ہیں، جسم کانپتا ہے، چہرا سرخ ہوجاتا ہے، انسان اپنے ذہن پر کنٹرول نہیں کرتا۔

غصہ کنٹرول کرنے کے چند طریقے

☆ ہمارے پیارے آقا سرور کونین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: غصہ شیطانی اثر کا نتیجہ ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا ہے اور آگ صرف پانی سے بجھتی ہے تو جس کو غصہ آئے اسے چاہئے کہ وضو کرے۔ ☆ اپنے غصے کو کنٹرول کریں، ضبط کریں اور روکیں۔ ارشاد ربانی ہے: جو خوشی اور غم میں خرچ کرتے ہیں جو غصے کو پی جاتے ہیں، اللہ ایسے نیک لوگوں کو پسند کرتا ہے"۔ ☆ ارشاد ربانی ہے: جو لوگ بڑے گناہوں اور بے حیائی سے بچتے ہیں اور جب غصہ آئے تو معاف کردیتے ہیں۔ ☆ حدیث کا مفہوم ہے کہ اگر ہم لوگوں کو معاف کریں گے تو قیامت کے روز اللہ ہمیں معاف کردے گا"۔ علم نفسیات کہتا ہے کہ غصے کا بہترین علاج لوگوں کو معاف کرنا ہے لوگوں کو ان کیلئے نہیں بلکہ اپنے لئے معاف کردیں۔ ان کو معاف کرکے آپ کو سکون ملے گا، معاف نہ کرکے کڑھتے رہیں گے اور حاصل کچھ نہ ہوگا۔ ☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ اپنے اصحاب کو غصہ کنٹرول کرنے کا ایک کامیاب طریقہ بتایا۔ فرمایا کہ جسے غصہ آئے وہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے۔ چنانچہ جب بھی کسی کو غصہ آئے تو وہ دل میں ایک یا دس مرتبہ گنتی کرکے تعوذ پڑھے۔ ☆ جن افراد نے آپ کے جذبات کو ٹھیس پہنچائی اس کی مغفرت کیلئے خدا سے دعا کریں۔ ☆ غصہ آتے ہی کسی دوسرے کام میں مصروف ہوجائیں، خصوصاً کسی پسندیدہ کام میں مصروف ہوجائیں کوئی بھی جسمانی کام مفید رہے گا۔ ☆ اگر آپ غصے میں ہیں تو ایک گلاس پانی پی لیں اور گہرے گہرے سانس لیں۔ اس عمل سے آپ بہتر محسوس کریں گے۔ ☆ اگر کسی شخص کے خلاف غصہ دل میں بھرا ہوا ہے تو کنٹرول کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آرام سے کسی پرسکون جگہ بیٹھ جائیں جس نے آپ کو ٹھیس پہنچائی ہو اسے ایک غصے سے بھرا ہوا خط لکھیں۔ خط میں دل کی ساری بھڑاس نکالیں اسے ڈاک کے سپرد نہیں کرنا یاد رہے پھر خط کو ایک بار پڑھیں، پھر پھاڑ کر پھینک دیں۔ ☆ حدیث میں بھی ہے اور جدید نفسیات بھی کہتی ہے کہ غصے میں بیٹھ جاؤ یا پھر لیٹ جائیں لیٹنے کی حالت میں عموماً غصے کا آنا اور قائم رہنا تقریباً ناممکن ہے۔ دوستو! اگر غصے سے نجات چاہتے ہیں تو یہ گر آزما کر دیکھیں۔ یقین کریں غصہ آپ کے پاس بھٹکے گا بھی نہیں، بس آزمائش شرط ہے۔

تھکاوٹ کیسے دور کی جائے

آسان اور متبادل علاج: ☆ مستقل تھکاوٹ کے مسئلہ کا جن لوگوں کو سامنا کرنا پڑتا ہے، ان کیلئے سب سے اہم اس بات کا تعین ہے کہ آیا وہ اپنی نیند پوری کرتے ہیں یا نہیں۔ اس کیلئے جلدی سونے اور اٹھنے کے فارمولے پر عمل کرنا چاہئے۔ اگر نیند جلدی نہ آئے تو سونے سے پہلے ایک چھوٹے کپ میں تین چمچ شہد اور سرکہ ملائیں اور اسے اپنے بیڈروم میں رکھ لیں۔ بستر میں جاتے وقت اس کے دو چمچ لیں۔ اگر آدھے گھنٹے تک نیند نہ آئے تو اس کے دو چمچ اور لے لیں اگر ایک گھنٹے تک نہ آئے تو پھر دو چمچ اور لے لیں۔ ایک گھنٹے بعد ان شاء اللہ نیند آجائے گی اور آپ مزے کی نیند سو کر تازہ دم ہو کر اٹھیں گے۔ ☆ کام کے دوران ذرا سا ستا لیں۔ بیٹھ کر کام کرنے والے حضرات تھوڑی دیر لیٹ کر آرام کرلیں۔ بیٹھ کر کام کرتے ہوئے کچھ دیر کھڑے ہو کر کام کرلیں۔ ☆ کھانے میں پھل اور سبزیاں زیادہ استعمال کریں۔ ☆ صبح اٹھتے ہی نماز پڑھ کر تھوڑی سی سیر کریں اور تھوڑا سا آرام کرکے پورے جسم کی سر سمیت زیتون کے تیل سے مالش کریں اور اس کے بعد نیم گرم پانی سے غسل کریں۔ ☆ ناشتہ میں پھل یا جوس استعمال کریں۔ ☆ کھانے میں سبزیاں اور سلاد کا زیادہ استعمال کریں۔ ☆ وٹامن بی کمپلیکس کی کمی دائمی تھکاوٹ کا باعث بنتی ہے۔ متعلقہ وٹامنز کلیجی، چاول، دالوں اور گندم میں وافر مقدار میں موجود ہوتے ہیں۔ ☆ دو معروف معدنی عناصر یعنی کیلشیم اور پوٹاشیم کی کمی بھی شدید تھکاوٹ کا باعث بنتی ہے۔ دالیں، سبز پتوں والی سبزیاں، آلو، سنگترہ پوٹاشیم سے بھرپور ہیں جبکہ بادام، تل، دودھ، اخروٹ اور سبز ترکاریاں کیلشیم کا خزانہ ہیں۔ ان کا زیادہ استعمال کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

اکتوبر! چند غذاؤں سے لاجواب صحت پائیں

قلت خون کے دو بنیادی اسباب ہیں، ایک سبب خون کے سرخ ذرات کا کم تعداد میں بننا۔ ٹی بی اور جریان خون کا مرض، ڈپریشن کی ادویات کھانے سے بھی خون کی پرورش رک جاتی ہے۔ پیٹ کے کیڑے خون پر پلتے ہیں۔ جن بچوں کے پیٹ کے کیڑے ہوں انہیں انیمیا ہو جاتا ہے۔

خون کی تازگی اور صحت پروری قابل رشک اور سدا بہار جوانی کی نوید ہوتی ہے۔ اگر ایک انسان قلت خون کا شکار ہو جائے یا سرخ ذرات میں توازن نہ رہے یا ان کی پرورش میں اعتدال نہ ہو تو ہر عضو کی صحت تباہ ہو کر رہ جاتی ہے کیونکہ خون پورے بدن میں گردش کر کے ہر عضو کی پرورش، نگہداشت اور چابکدستی قائم کرتا ہے۔ ہماری شریانوں اور وریدوں میں رقصاں خون درحقیقت زندہ خلیوں ہوتے ہیں، جن میں سے آدھی تعداد میں خون کو سرخ رنگ دینے والا مادہ ہیموگلوبن ہے۔ یہ درحقیقت ایک پروٹین ہے جو آرگینک آئرن کمپاؤنڈ پر مشتمل ہوتا ہے جبکہ گلوبن ایک پروٹین ہے جو سلفر کی حامل ہے۔ ہیموگلوبن کی صحت اور پرورش کا انحصار آئرن اور پروٹین کی مناسب تعداد کی فراہمی پر ہے۔ ان کی زندگی 120 دن ہوتی ہے، یہ روزانہ شکست و ریخت کا سامنا کرتے اور نئے ذرات جنم لیتے رہتے ہیں۔ 100 سی سی خون میں تقریباً 15 گرام ہیموگلوبن ہوتا ہے صحت مند انسان کیلئے اگر اس میں کمی واقع ہو جائے تو قلت خون یعنی انیمیا کا مرض پیدا ہوتا ہے، خون کی کمی اور اس کے جواہر میں سستی واقع ہو جائے تو انسان تھکا تھکا، لاغر، ڈپریشن میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کی سانس پھولنے لگتی ہے۔ قلت خون کے دو بنیادی اسباب ہیں، ایک سبب خون کے سرخ ذرات کا کم تعداد میں بننا۔ ٹی بی اور جریان خون کا مرض، ڈپریشن کی ادویات کھانے سے بھی خون کی پرورش رک جاتی ہے۔ پیٹ کے کیڑے خون پر پلتے ہیں۔ جن بچوں کے پیٹ کے کیڑے ہوں انہیں انیمیا ہو جاتا ہے۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے 25 ورم 24 گھنٹے میں 15 گرام خون پی جاتے ہیں لہٰذا پیٹ کو کیڑوں سے پاک کرنے کیلئے مناسب ادویات کھانی چاہئیں۔ خون کو توانا رکھنے کیلئے اور ادویاتی مضرات سے بچنے کے لئے ایسی غذائیں کھانی چاہئیں جن میں نباتاتی ہیموگلوبن پیدا کرنے کی خصوصیات ہوں تو انسان انیمیا کے مرض سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔ ویسے تو خون کے سرخ ذرات ہیموگلوبن اور انزائمز پیدا کرنے کیلئے تمام غذائیں لازمی ہوتی ہیں تاہم بعض بازاری غذائیں مثلاً وائٹ بریڈ، پالش کردہ چاول، آئس کریم، پیسٹریاں مٹھائیاں وغیرہ جسم کو فولاد سے محروم کر دیتی ہیں۔

محققین طب کا کہنا ہے کہ آئرن ہمیشہ نامیاتی کھانا چاہیے۔ یعنی ایسی غذائیں استعمال کرنا چاہئیں جن میں آئرن کی کمی مقدار زیادہ مثلاً کلیجی اور انڈے وغیرہ بھی ہو سکتے ہیں۔ تاہم ایسے پھل اور سبزیاں زیادہ مفید ہیں جن میں فولاد پیدا کرنے کی خصوصیت نمایاں ہے۔ غیر نامیاتی آئرن کھانا خطرناک ہوتا ہے کیونکہ اس سے روغنی تیزاب اور مدافعتی وٹامنز تباہ ہو جاتے ہیں اور اس سے جگر بھی ختم ہو جاتا ہے۔ ذیل میں چند مفید اور ارزاں غذاؤں کا بھی ذکر کیا جا رہا ہے۔ جنہیں روزمرہ استعمال میں لایا جائے تو تازہ اور توانا خون پیدا ہوتا ہے۔

خوبانی: قلت خون کے مرض سے نجات کیلئے خوبانی بہترین پھل ہے۔ اس میں فولاد بکثرت پایا جاتا ہے۔ تازہ خوبانی کے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں کیلشیم 20 ملی گرام فاسفورس 25 ملی گرام، آئرن 2.2 ملی گرام اور وٹامن سی 6 ملی گرام پائے جاتے ہیں۔ چین میں خوبانی سے ایک مقبول ترین غذا ''خوبانی کا سونا'' خوبانی کے پیڑ کے گودے سے تیار کی جاتی تھی جو درازیٔ عمر اور خواتین کی بیماریوں کیلئے ایک شفا بخش غذا سمجھی جاتی ہے۔ خوبانی کے استعمال سے ہیموگلوبن کے سرخ ذرات میں اضافہ ہوتا ہے۔ **سیب:** سیب کو ایک مکمل غذا سمجھا جاتا ہے یہ انسانی بدن کی صحت مندانہ پرورش کرنے والی محافظ غذا تسلیم کیا جا چکا ہے سیب جسم کے اندر کیمیائی تبدیلیوں کے عمل کو تقویت دے کر جسم کی نشوونما اور کارکردگی کو بڑھاتا ہے۔ اگرچہ ایک سو گرام سیب میں ایک ملی گرام آئرن موجود ہوتا ہے تاہم اس میں 14 ملی گرام فاسفورس اور آرسینک بھی پایا جاتا ہے جو خون میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھاتے ہیں۔ **کیلا:** کیلا صدیوں سے نظام ہضم کو مضبوط بنانے کیلئے بہترین غذا کے طور پر استعمال ہوتا آ رہا ہے۔ اس میں شامل معدنی اجزا کیلشیم فاسفورس آئرن صحت مند خلیوں اور بافتوں کی تعمیر کرتے ہیں۔ کیلے میں سدا بہار حسن و صحت کیلئے ایک ایسی شکر پائی جاتی ہے جو جوانی کو برقرار رکھتی ہے۔ خون میں سرخ ذرات کم ہوں تو کیلا غذا میں شامل کر لینا چاہئے اس میں 0.9 ملی گرام آئرن ہوتا ہے لیکن اس میں شامل باقی اجزاء خون کی پرورش بھی کرتے ہیں۔ **منقی:** اپنی غذائی صلاحیتوں کی بنا پر منقی پکوانوں اور مٹھائیوں کے علاوہ بطور ادویاتی معالج کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ منقی میں شامل اہم ترین شکری اجزاء کمزور بدن کو فوری توانائی اور حرارت مہیا کرتے ہیں۔ یورپ میں منقی سے علاج، ایک مستعمل روایت ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے تشنج، اینٹھن، ڈپریشن اور قلت خون و خون میں تیزابیت کے رجحانات کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ **بادام:** مغزیات میں بادام شہنشاہ غذا کے نام سے معروف ہے مغز بادام میں 4.5 ملی گرام آئرن پایا جاتا ہے بادام میں نامیاتی کاپر بھی پایا جاتا ہے۔ ایک سو گرام میں اس کی مقدار 1.15 ملی گرام ہوتی ہے، کاپر اور آئرن دیگر وٹامنز کے ساتھ مل کر سرخ ذرات تشکیل دیتے اور انہیں صحت بخشتے ہیں۔ انیمیا کے مریضوں کے علاوہ بچوں کو بادام کی گریاں کھلاتے ہیں جو خون اور دماغ کی پرورش کرتے ہیں۔ بادام اعصابی و دماغی کمزوریوں کیلئے ارفع غذا ہے۔ **تل:** تل ایک معروف روغنی بیج ہے یہ تین قسم کے ہوتے ہیں سفید، کالے اور سرخ۔ ان میں سے کالے تل زیادہ مفید ہوتے ہیں اور ادویاتی خوبیوں کے مالک ہیں۔ تاہم تینوں میں جداگانہ خصوصیات قائم ہیں جو ان کی طبی افادیت کو بڑھا دیتی ہیں۔ **دودھ:** قدیم اور جدید طب نے دودھ کو سب غذاؤں پر افضلیت دی ہے۔ یہ ایک مکمل غذا ہے جس میں تمام قسم کی معدنی غذائی اجزا شامل ہیں۔ دودھ قلیل مقدار کے باوجود خون کی کمزوری کے مرض کو دور کر دیتا ہے جن افراد میں خون کی گردش سست ہوتی ہے انہیں دودھ پینا چاہیے۔

شہد: شہد ان غذاؤں میں شامل ہے جنہیں زمین و آسمان کی دنیاؤں کیلئے بہترین مصلح و مصفا غذا کہا گیا ہے۔ اس میں شفائے کاملہ کی نوید بھی ہے، جدید میڈیکل ریسرچ نے شہد کے استعمال کو خون کی بہترین پرورش کرنے والی غذا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حرارت اور توانائی کا ضامن ہے اور تمام اعصاب کی کارکردگی کو مثبت انداز میں بڑھاتا ہے انیمیا کے مریضوں کیلئے شہد عمدہ غذائی ٹانک ہے خون کی پرورش کرتا اور سرخ ذرات میں توازن برقرار رکھتا ہے۔

بواسیر سے نجات کا آزمودہ روحانی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عرصہ آٹھ سال سے بواسیر کا مرض لاحق تھا۔ مجھے کسی نے درج ذیل روحانی عمل بتایا۔ میں پچھلے دو سال سے مسلسل کر رہا ہوں اور الحمدللہ اس عمل کی برکت سے میری اس نامراد مرض سے جان چھوٹ چکی ہے۔ عمل یہ ہے: وتروں کی نماز میں مندرجہ ذیل سورتیں اس ترتیب سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ کافرون دوسری میں سورۃ نصر اور تیسری میں سورۃ لہب، روزانہ یہ عمل ترتیب سے پڑھیے اللہ کرم کرے گا۔ انشاءاللہ (شوکت ریاض، اٹک)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

محرم الحرام، رزق میں خیر و برکت پانے کا عجب عمل

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

حضرت عثمان بن عفانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا محرم کے مہینے کا اعزاز و اکرام کرو جس شخص نے محرم کے مہینے کا اعزاز و اکرام کیا اللہ تعالیٰ اس کو جنت عنایت فرمائینگے اور اس کو جہنم سے نجات دیں گے۔ (اکرام سے کثرت عبادت کی طرف اشارہ ہے) ایک اور روایت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نے جس اول محرم میں دس روزے رکھے گویا اس نے دس ہزار برس کی عبادت کی کہ رات کو قیام کیا اور دن کو روزہ رکھا اور فرمایا جو شخص دوزخ کی آگ اپنے اوپر حرام کرنا چاہے وہ محرم کے روزے رکھے اور فرمایا اللہ نے اس مہینے کو سب مہینوں میں برگزیدہ ہے اور فرمایا محرم کا ایک روزہ ایک سال کی عبادت سے زائد ہے اور فرمایا محرم کے مہینہ میں شب جمعہ کو عبادت کرنیوالا ہے ایسا ہے گویا اس نے شب قدر پائی اور ہر رات کے بدلے انسانوں اور پریوں کی عبادت کا ثواب پاتا ہے اور فرمایا محرم کی پہلی رات میں 8 رکعت نماز چار سلام سے اس طرح کہ ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورہ اخلاص پڑھنے والے کو اللہ بخش دیتا ہے اور فرمایا جو شخص یہ نماز ہر مہینے کی پہلی رات کو پڑھے وہ اور اس کا مال اور اولاد مصیبتوں اور شرور سے محفوظ رہے گا اور ہر رکعت کے بدلے ایک سال کی عبادت کا ثواب پائے گا اور فرمایا جو شخص محرم کی پہلی رات کو چار رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد فاتحہ تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ہر رکعت کے بدلے چالیس ہزار سال کی عبادت کا ثواب پائیگا اور فرمایا جو شخص محرم کی پہلی رات میں دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے سورہ انعام پڑھے تو گناہوں سے یوں پاک ہوگا جیسے ابھی پیدا ہوا ہے اور ہر حرف کے بدلے جنت میں ایک حور پائیگا۔ **پہلی شب:۔** جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ پھر سلام کے بعد تین مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیاں لکھتا ہے۔ جو کوئی یکم محرم الحرام کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا مانگے: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَمِنَ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا بَرُّ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۝ تو بفضل باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پروردگار عالم اس شخص کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھے گا اور اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ اس کے رزق حلال میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔ **نفلی روزے:۔** حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ہیں جنہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے۔ عاشورہ کا روزہ ذی الحجہ کے روزے (ایک سے نو تک) ہر مہینہ کے تین روزے دو رکعتیں فجر کی فرض (نماز) سے پہلے۔ (نسائی)۔ ایک اور حدیث پاک میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سوائے یوم عاشورہ کے روزہ کے کسی روزہ کا قصد کرتے نہیں دیکھا اور سوائے رمضان کے کسی پورے مہینے کے روزے

ہر قسم کے بخار کیلئے گھریلو علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میرے پاس بخار کا ایک ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ ہر قسم کے بخار کیلئے تخم بالنگو جو شربت میں ڈالتے ہیں ایک چائے والا چمچ تخم بالنگو کا اور ایک کپ نیم گرم دودھ لیں اور تھوڑی سی چینی لیں۔ رات کو سونے سے پہلے اچھی طرح مکس کر کے پی لیں اور پھر رات کو پانی نہیں پینا۔ تین دن کرنے سے ہر قسم کا بخار اللہ کے حکم سے ختم ہو جائے گا۔ یہ ٹوٹکہ بارہا کا آزمودہ اور ٹائیفائیڈ تک کا علاج ہے۔ (حکیم فاروق، کوٹ ادو)

ماہانہ
روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 9 اکتوبر بروز اتوار عصر تا مغرب 19 اکتوبر بروز بدھ شام 5 سے 6 بجکر 12 منٹ تک، 31 اکتوبر بروز پیر دوپہر 2 بجکر 15 منٹ سے 3 بجکر 27 منٹ تک سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی ہلکی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرتا اللہ تعالیٰ کرتے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا اور مختلف ہوتا ہے اور محفل کا وقت تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ بے شمار لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ مجھے بہت سے مسائل تھے مگر عبقری میں دی گئی روحانی محفل میں ہر ماہ گھر پر کرتا ہوں جس سے بے انتہا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میں ایک لمبا عرصہ من چاہی اور گناہوں والی زندگی گزارنے کے بعد روحانی محفل کی وجہ سے راہ راست پر آنے کی جدوجہد کر رہا ہوں اور الحمد للہ اس عمل کی وجہ سے اپنی بہت سی خامیوں پر قابو پا چکا ہوں اگر کہیں بھول چوک ہو جائے تو ہر ماہ عبقری میں آنے والی روحانی محفل کرنے سے میں پھر راہ راست پر آ جاتا ہوں۔ اس عمل کی وجہ سے مجھے اپنی قوت ارادی بہت مضبوط دکھائی دیتی ہے۔ روحانی محفل کا عمل ملنے

(باقی صفحہ نمبر 23)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

حضرت علی بن عبداللہ ابوالقاسم گرگانی کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کیلئے یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کے بعد نماز عشاء ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھتا رہے۔

شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، دل کے والو بند ہونے کا علاج

اگر کسی شخص کو جان لیوا مرض چمٹ جائیں مثلاً شوگر ہو جائے، بلڈ پریشر بڑھ جائے یا کم ہو جائے یا دل کا والو بند ہو جائے یا اور کوئی موذی مرض لپٹ جائے تو اس کے ختم کرنے اور صحت یاب ہونے کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ ایک چھوٹا کورا مٹکا پانی کا لیں اور اس کو دھو کر پانی بھر لیں۔ اس مٹکے کو ہاتھ لگانے سے پہلے وضو ضرور کریں۔ بغیر وضو کے مٹکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب مٹکا خریدنے جائیں تو پہلے وضو کر لیں۔ بغیر وضو مٹکے کو نہ چھوئیں اور نہ اس میں پانی ڈالیں ورنہ اثر نہ ہوگا۔ صحیح اور تجوید کی رعایت کے ساتھ پڑھنے والا [illegible] نگاہ رکھنے والا، حلال روزی کھانے والا یہ عمل کرے۔ اگر خود میں یہ صلاحیت ہے تو خود کرے ورنہ کسی نیک صالح متقی حافظ و قاری سے یہ کام کرائے۔ باوضو پانی کا مٹکا سامنے رکھیں اور پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں۔ کپڑوں پر عطر لگائیں گلاب کا عطر ہو تو بہتر ہے اور درود شریف تین سو مرتبہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ

اس کے بعد سورۃ انشقاق (پارہ نمبر 30) کو اکیس مرتبہ پڑھیں جب بھی سجدے والی آیت آئے فوراً سجدہ کریں پھر سجدہ سے اٹھ کر سورۃ کو پورا کریں۔ اس طرح اکیس بار سورۃ پڑھنی ہے اور اکیس سجدے کرنے ہیں۔ جب بھی سورۃ مکمل ہو مٹکے کا ڈھکن کھول کر پانی پر دم کریں۔ اکیس مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں ایک ہی دن کرنا ہے۔ سات دن تک اس مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ مریض کو یہ پانی دن بھر پلائیں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو یہی پانی پلائیں۔ سات دن میں پانی ختم ہو جائے تو آٹھویں دن پھر پانی اسی طرح پڑھ کر تیار کریں سات دن تک پلائیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کرنا ہے جب بھی عمل شروع کریں اس سے قبل صدقہ دیں۔ صدقہ اپنی حیثیت کے مطابق دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مریض تندرست ہو جائے گا۔

اطمینان قلبی کیلئے

اگر کسی کا دل اڑا اڑا اور طبیعت پریشان رہتی ہو اور دل میں سکون کی کمی ہو تو رات بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

اللہ تعالیٰ سے رحم و مغفرت طلب کرنا

اگر کسی کو فسادات قلبی اور گناہوں کے سبب اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا اس کے ساتھ رحم کا معاملہ پر شک ہو اور اس سبب سے ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا رحم [illegible] معاملہ پر یقین بڑھانے کیلئے بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ شانہ سے اپنی امید بخشش و رحم کی قائم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (البقرہ ۲۸۵)

اولاد کے نیک اور صالح بننے کیلئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور [illegible] سے نفرت پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی و دینی رجحان میں اضافہ ہو [illegible] اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کیلئے روزانہ ایک سو ایک بار یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔ اگر بچے دور ہوں اور ان کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو روزانہ اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ (آل عمران ۳۸)

چیونٹیاں بھگانا

اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان پہنچاتی ہوں تو ان کو بھگانے کیلئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر ریت (مٹی) پر دم کریں اور ان کے بلوں کے نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس جگہ سے چیونٹیاں چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے۔ يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (النمل 27)

مرگی کا دورہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو خدانخواستہ مرگی کا دورہ پڑ جائے تو اس کو ہوش میں لانے کیلئے تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات باوضو مریض کے کان میں بلند آواز سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کیلئے یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کے بعد نماز عشاء ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غربت سے نجات [illegible] اور رزق میں فراخی اور [illegible] کسی طرح [illegible] محتاج نہ رہے [illegible] وہ کلمات یہ ہیں۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا مرد یا عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گم ہو گئے ہوں تو گمشدہ کی واپسی کیلئے یہ آیت باوضو ایک [illegible] پڑھ کر [illegible] میں باندھ کر چرخہ و فجر کی نماز [illegible] (الٹا گھمائیں) اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا گھمائیں اگر سائیکل بھی [illegible] پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلا دیں یا پنکھا بجلی [illegible] اونچی جگہ [illegible] باندھیں کہ ہوا سے تعویذ ہلتا رہے۔ اس آیت کے نیچے بھاگنے یا گم ہونے والے کا نام مع اس کی والدہ کے لکھیں۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى (طٰہٰ ۴۰) جب بھاگا ہوا واپس آجائے تو تعویذ فوراً کھول کر رکھ لیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

ایک ماہ میں تین کلو وزن گارنٹی سے کم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری میں ایک ٹوٹکہ پڑھا جو آزمایا تو لاجواب پایا۔ میں نے ایک ماہ پہلے کلونجی پچاس گرام اسپغول چھلکا پچاس گرام اور شہد سو گرام مکس کر کے کھانے [illegible] استعمال کرنا شروع کیا تو میرا وزن [illegible] تین کلو کم ہو گیا ہے اور مزید کمی آرہی ہے۔ یہ سب خدا کے مضبوط تعلق کا نتیجہ ہے۔ (مسز سفینہ اسلام)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.paksociety.com

مالٹے کے چھلکے سے حسن کو چار چاند لگایئے

محمد عمیر ثاقب، راولپنڈی

ان چھلکوں کو باریک اور خشک کر کے محفوظ جگہ رکھ لیا جاتا ہے اور میٹھے چاولوں میں خوشبو پیدا کرنے کیلئے ملاتے ہیں جس سے چاول ان کی بھینی بھینی اور ہلکی خوشبو سے مہک اٹھتے ہیں۔ اس سے نہ صرف چاول لذیذ اور مزیدار بنتے ہیں

ترشاوہ پھل حیاتین ج کی زیادتی اور اپنے مخصوص ذائقہ کی وجہ سے دوسرے پھلوں سے ممتاز ہے' پھل کا جوس نکال کر یا گودا کھا کر اس کا قیمتی اور پرمنفعت چھلکا بے کار اور ناکارہ سمجھ کر کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر ڈال دیا جاتا ہے کیونکہ ہماری آبادی کی اکثریت ترشاوہ پھلوں کنو، مالٹا، مسمی اور سنگترہ وغیرہ کے چھلکوں کے فوائد اور خصوصیات سے ناآشنا ہے اگر واقفیت ہے تو اس حد تک کہ ان چھلکوں کو باریک اور خشک کر کے محفوظ جگہ رکھ لیا جاتا ہے اور میٹھے چاولوں میں خوشبو پیدا کرنے کیلئے ملاتے ہیں جس سے چاول ان کی بھینی بھینی اور ہلکی خوشبو سے مہک اٹھتے ہیں۔ اس سے نہ صرف چاول لذیذ اور مزیدار بنتے ہیں بلکہ ان کی افادیت میں اضافہ ہو کر تفریح قلب اور تسکین دل بھی حاصل ہوتی ہے۔ طب اسلامی سے واقفیت رکھنے والے ممتاز اطباء حضرات نے انتھک کاوشوں سے ہزاروں بظاہر بے کار اشیاء کے مخفی فوائد کے اسرار و رموز سے پردہ چاک کیا اس طرح انہوں نے مالٹوں کے چھلکوں کی باطنی خصوصیات کو زیر تحقیق رکھنے کے بعد افادہ عوام کیلئے عام کیا۔ چنانچہ طب اسلامی کے ماہرین نے اپنی تحقیق و جستجو کے نتیجہ میں اس میں ایک اہم خصوصیت تلاش کی کہ یہ "جالی" خصوصیات کی حامل ہیں۔ اس خصوصیت کا مفہوم ابن رشد تحریر فرماتے ہیں کہ ایسی دوا جسم کے میل کچیل کو صاف کر کے جلد کو نکھارتی ہے۔ اسی خاصیت کی وجہ سے اطباء حضرات نے اس کو ابٹنوں میں استعمال کیا۔ جس سے چار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ (1) اس سے چہرہ کا رنگ صاف ہو کر نکھر جاتا ہے۔ (2) اس کی بہتر اور ہلکی خوشبو کے باعث ابٹنہ کو اتارنے کے بعد بھی کافی وقت تک چہرہ سے خوشبو آتی رہتی ہے۔ (3) اس میں جراثیم کش اور دافع تعفن حاجیت ہونے کی وجہ سے چہرے سے بثورات اور پھنسیوں وغیرہ کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ (4) چہرہ پر پائی جانے والی چھائیاں اور سیاہ و بدنما نشانات دور ہو جاتے ہیں۔ مالٹا، کنو، سنگترہ اور مسمی کی دافع تعفن اور جراثیم کش افادیت پر جدید تحقیقات نے بھی مہر تصدیق ثبت کر دی ہے چنانچہ ان چھلکوں سے ایک جراثیم کش اور دافع تعفن مادہ "ڈی لیمونین" تلاش کیا گیا ہے، جس کے بارے میں تجربات سے پتہ چلا ہے کہ یہ کیڑے مکوڑوں، پتنگوں، مچھروں، جھینگروں، دیمک اور چیونٹیوں کے علاوہ فصلوں کو نقصان پہنچانے والے چھوٹے چھوٹے کیڑوں کے لئے بھی زہر قاتل ہے۔ اس کے پانچ فیصد کے محلول اس نوعیت کے بے شمار کیڑوں کے اعصابی نظام کے ماؤف ہونے کے باعث حس و حرکت سے محروم ہو کر ہلاک ہو جاتے ہیں جبکہ مکھیوں اور اسی طرح کے بڑے کیڑوں کیلئے پانچ فیصد سے زیادہ طاقت اور محلول کی ضرورت ہے۔ اس تحقیق کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ مختلف ممالک کے لوگوں میں قشر مالٹا کے بارے میں یہ خیال پایا جاتا ہے کہ اس کی پیاری اور فرحت بخش خوشبو سے مکوڑے اور پتنگے بھاگتے ہیں۔ اس کا سائنٹیفک ثبوت فراہم کرنے کیلئے اس پر تحقیقات کی گئی جو بار آور ثابت ہوئیں۔ یہ تو اس کی غیر خوردنی یا بیرونی استعمال کی خصوصیات تھیں جہاں تک اس کی خوردنی خصوصیات کا تعلق ہے طب اسلامی کے محققین کی آراء کے مطابق قشر مالٹا، مفرح و قوی قلب ہے، اس کے استعمال سے پیاس اور بے چینی کو تسکین حاصل ہوتی ہے، اور سدر و دوار میں مفید ہے۔ اعصابی تسکین کیلئے فائدہ مند ہے اسی لئے اس کا عرق اور شربت اطباء حضرات کے مطبوں کی زینت ہے، قشر مالٹا سے تیار شدہ مفرح، مقوی اور مسکن عرق تیار کیا جاتا ہے جس کے اجزاء حسب ذیل ہیں:

ھوالشافی: قشر مالٹا 200 گرام، پنکھڑیاں گلاب 50 گرام، گل نیلوفر 50 گرام، گاؤ زبان 50 گرام اور برگ شیشم 100 گرام سب کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں اور صبح چار بوتل عرق قرع انبیق سے کشید کریں۔ اس نسخہ کے 25 سے 50 ملی لٹر عرق کو قند سفید میں ملا کر پلائیں۔ اس سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوں گے۔ بخار، یرقان، ہیضہ، اسہال اور ہیضہ وغیرہ کے بعد ہونے والی کمزوری میں اس کو پلانے سے بہت اچھے اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ پریشانی، اضمحلال اور پیاس کی شدت کا خاتمہ اس کے استعمال سے بہت جلد ہو جاتا ہے۔ اگر ہاتھ اور پاؤں کے تلوے جلتے ہوں یعنی ان سے گرمی نکلتی محسوس ہوتی ہو تو چھ عدد مالٹے رات کو چھیل کر ان پر نمک اور کالی مرچ لگا کر اوس میں رکھیں اور صبح نہار منہ کھانے سے یہ مرض دور ہو جاتا ہے۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد **یَااَللّٰہُ یَانُوْرُ یَاحَاعِفُ** کا ورد کریں اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے تین سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ عبقری رسالے سے پڑھ کر مجھے مراقبہ کا شوق پیدا ہوا۔ میں پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے مراقبہ کر رہی ہوں۔ پہلے چھ ماہ تک تو میری توجہ ہی نہیں بن پاتی تھی مگر اب الحمدللہ اللہ نے مجھ پر مراقبہ کھول دیا ہے اور مراقبہ کے ذریعے مجھے اپنے مسائل کا حل مل رہا ہے۔ ابھی آخری دفعہ جو میں نے مراقبہ کیا اس کی کیفیت درج ذیل ہے۔ اتوار کا دن تھا عشاء کی نماز ادا کر کے میں مراقبہ کرنے بیٹھ گئی اور عبقری میں دیا گیا ذکر کرنا شروع کر دیا۔ مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میرے اندر کوئی کانٹوں بھری چیز پھر رہی ہے اور میرے اندر کی صفائی ہو رہی ہے آپ یقین کریں حکیم صاحب مجھے خود محسوس ہوا اور میری بیماری ساری باہر نکل گئی میرے حلق سے کچھ آوازیں بھی نکلیں اور مجھے ایسا لگا کہ کسی نے میرے منہ پر ہاتھ رکھا اور خاموش کرا یا اور اس کے بعد میں نے اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کیا۔ مراقبہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے مجھے شرک سے بچا لیا۔

(باقی صفحہ نمبر 20 پر)

میری بہت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

قارئین کے طبی اور روحانی سوال‘ صرف قارئین کے جواب

ڈرخوف کا شکار: محترم قارئین! میں عبقری رسالہ کا پرانا قاری ہوں‘ ہر مہینے کا ماہنامہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میری عمر تقریباً 50 سال ہے لیکن ابھی تک ایک خوف اور گھبراہٹ میرے دل اور دماغ میں بیٹھی ہوئی ہے‘ میں بہت حساس ہوں اور معمولی سی معمولی بات میرے لیے پہاڑ بن جاتی ہے‘ خوف اور گھبراہٹ اتنی ہوتی ہے کہ پورا جسم کانپنا شروع ہوجاتا ہے اور جوڑوں سے دم نکلتا ہے‘ تمام دوست مجھے بزدل کہتے ہیں‘ اگر خاندان میں معمولی سا کوئی واقعہ ہوجائے تو سب سے زیادہ خوفزدہ میں ہوتا ہوں۔ قارئین! اس مسئلے کے حل کیلئے مجھے کچھ بتائیں۔ شکریہ! (عجب خان‘ کوہاٹ)

جواب: عجب خان! آپ اور آپ کے تمام گھر والے ہر وقت کلام حتم لَا یُنۡصَرُوۡنَ پڑھیں۔ یہ وظیفہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ اللہ کا کرم ہوگا۔ اس کے علاوہ دفتر ماہنامہ عبقری سے سکون افزاء سیرپ‘ ٹھنڈی مراد اور جو ہر شفاء مدینہ منگوا کر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ لاجواب عمل ہے ضرور آزمائیں۔ (شاہد علی‘ لاہور)

نماز میں دل نہیں لگتا: محترم قارئین! میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ میرا نماز میں بالکل بھی دل نہیں لگتا‘ بڑی مشکل سے خود کو گھسیٹ کر مسجد تک لے جاتا ہوں‘ بعض اوقات نماز ہی چھوٹ جاتی ہے‘ کبھی کبھی ایک نماز دو سے تین مرتبہ پڑھتا ہوں۔ نامعلوم نماز میں دھیان کدھر سے کدھر نکل جاتا ہے‘ میں اس وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ براہ مہربانی مجھے اس کا حل بتائیں۔ (خالد‘ پشاور)

جواب: بھائی! آپ کو چاہیے کہ ہروقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ پڑھا کریں‘ وضو کی کوئی قید نہیں‘ پورے یقین کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ کا دل نماز میں لگ جائیگا اور برے خیالات بھی نہ آئیں گے۔ اس کے علاوہ صبح و شام اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ کی ایک تسبیح کرلیا کریں۔ (ستارہ‘ گجرات کوٹلہ)

کوئی اچھی سی بیوی مل جائے: محترم قارئین السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری شادی نہیں ہورہی‘ میں بہت پریشان ہوں‘ مجھے کوئی ورد، وظیفہ، ذکر بتائیں کہ مجھے اچھی سی بیوی مل جائے‘ شادی تو سنت رسول ہے‘ اور میں یہ سنت جلد از جلد ادا کرنا چاہتا ہوں۔ شکریہ! (مسعود الرحمٰن‘ ہری پور ہزارہ)

جواب: مسعود بھائی! عبقری میں ایک وظیفہ چھوٹا سا چھپا تھا یَا اَحَدُ یَا حَفِیۡظُ یَا وَدُوۡدُ جس کی شادی نہیں ہورہی وہ ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں‘ جمعہ کی نماز کی آخری دوسنتوں کے بعد جائے نماز پر بیٹھ کر پڑھے‘ اول و آخر درود شریف اور پھر دو نفل پڑھے اور اٹھ جائے اور یہ وظیفہ صرف جمعہ کے جمعہ کرنا ہے۔ دس منٹ دعا کرنی ہے۔ یہ چھوٹا سا وظیفہ ہے۔ انشاء اللہ گارنٹی سے شادی ہوتی ہے۔ (شائستہ حفیظ‘ راولپنڈی)

ٹانسلز اور الرجی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ دس ماہ سے عبقری سے فیض یاب ہورہی ہوں‘ دن رات آپ لوگوں کیلئے اور جس انسان نے مجھے عبقری سے متعارف کروایا دعائیں کرتی ہوں‘ میں اس قدر عبقری کی دلدادہ ہوں کہ بار بار مطالعہ کرنے کے باوجود پیاس نہیں بجھتی ہے۔ اللہ آپ سب کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ عبقری نے مجھے حوصلہ دیا کہ آج میں اپنا مسئلہ لے کر آپ سے التجا کررہی ہوں کہ خدارا میرا یہ مسئلہ عبقری کے تمام پڑھنے والوں کے سامنے رکھیں اور جس قاری کے پاس بھی اس کا علاج ہو وہ میری مدد کرے‘ اللہ پاک اُسے اجر عظیم عطا فرمائے۔ میری بڑی بیٹی جس کی عمر تقریباً پندرہ سال ہے‘ گزشتہ تین سالوں سے سخت تکلیف کا شکار ہے‘ مختلف ڈاکٹرز کو دکھایا مگر صرف روپیہ کا ضیاع اور وقتی آرام کے علاوہ کچھ افاقہ نہ ہوا‘ بچی کو بار بار تیز بخار‘ گلے میں شدید درد‘ شدید تنگی‘ سانس صحیح طریقے سے نہیں لے سکتی رات بھر منہ کھول کر سوتی ہے‘ سر کے بال جھڑ چکے ہیں‘ نظر انتہائی کمزور ہوچکی ہے‘ ڈاکٹر کہتے ہیں شدید الرجی ہے‘ آپریشن کروانا پڑے گا‘ میں ایک غریب عورت ہوں‘ قارئین سے التجا ہے کہ وہ ٹانسلز اور الرجی کیلئے اپنے مفید ٹوٹکہ جات اور نسخہ جات سے نوازیں‘ جس طرح آپ عبقری میں لکھتے ہیں اسی طرح میرے لیے بھی نسخہ جات لکھیں شکریہ! (ایک مجبور پریشان ماں)

جواب: اے مجبور ماں! آپ یہ سادہ سا اور آسان سا ٹوٹکہ استعمال کریں انشاء اللہ آپ کی ساری مجبوریاں ختم ہوجائیں گی۔ آپ صرف بازار سے خشک پودینہ لیں اور پیس کر اس کا چوتھائی چمچ دو کپ پانی میں ابالیں جب ایک کپ رہ جائے تو استعمال کریں۔ اسی طرح دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ بچی صحت یاب ہوگی۔ (محمد شہریار خان‘ کوئٹہ)

عجب بیماری: قارئین! میری بیماری تقریباً تین سوا تین سال پہلے شروع ہوئی‘ اس بیماری میں سب سے پہلے دائیں بازو پھر بائیں بازو‘ پھر ٹانگیں اور آہستہ آہستہ زبان پر اثر پڑا۔ اس بیماری کے دوران میں نے پورے پاکستان میں ڈاکٹرز‘ ہومیوپیتھک ڈاکٹرز‘ حکماء اور مختلف علماء کرام سے علاج کروایا لیکن بیماری کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی چلی جارہی ہے اور اب میں اٹھنے بیٹھنے‘ نہانے‘ دھونے حتیٰ کہ باتھ روم جانے سے بھی قاصر ہوں۔ میں پانچ بیٹیوں کی ماں ہوں‘ میں نے دو سال پہلے حضرت حکیم صاحب کے دواخانہ سے دوائی اور وظیفہ لیا‘ کچھ فرق پڑا مگر ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ تھی کہ ہم نے تسبیح خانہ میں آنا چھوڑ دیا۔ میرے گھر والے میری اس بیماری سے بہت زیادہ پریشان ہیں‘ خدا کیلئے قارئین مجھے کچھ بتائیں۔ (آسیہ پروین)

جواب: بہن! آپ دفتر ماہنامہ عبقری سے معجون شفایابی اور کراماتی تیل منگوائیں اور دی گئی ترکیب کے مطابق معجون شفایابی استعمال کریں اور کراماتی تیل کی خوب گھٹنوں مالش کروائیں۔ یہ میری خالہ کا آزمودہ ہے۔ میری خالہ کی ٹانگیں کام چھوڑ چکی تھیں ہم نے انہیں یہی دونوں چیزیں استعمال کروائیں اب الحمدللہ وہ ستر فیصد ٹھیک ہوچکی ہیں۔ یہ نسخہ استعمال کرتے ہوئے ہمیں آٹھ ماہ ہوچکے ہیں۔ (میمونہ سید‘ حویلیاں)

میں بہت پریشان ہوں! قارئین! میں بہت پریشان ہوں‘ میری تین بیٹیاں ہیں‘ بڑی بیٹی سات سال کی ہے وہ نہ بول سکتی ہے اور نہ سن سکتی ہے‘ دوسری بیٹی الحمدللہ ٹھیک ہے اب تیسری بیٹی نو ماہ کی ہے‘ وہ بھی مجھے لگتا ہے بول اور سن نہیں سکتی‘ حکیم صاحب میں بہت پریشان ہوں۔ قرآن پاک میں ہر بیماری کا علاج ہے‘ براہ مہربانی مجھے کوئی روحانی علاج بتائیں اور میری بیٹیوں کیلئے دعا بھی کریں۔ (دکھی باپ)

جواب: محترم بھائی! مجھے آپ کا مسئلہ پڑھ کر بہت دکھ ہوا‘ میری بیٹی بھی بچپن میں بالکل نہیں سن سکتی تھی ہم نے دن میں تین سے سات مرتبہ اس کے کان میں سورۃ مومنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ پڑھ کر دونوں کانوں میں دم کیا۔ اب الحمدللہ وہ بالکل ٹھیک ہے۔ آپ بھی یہی درج بالا عمل آزمائیں انتہائی طاقتور عمل ہے۔ انشاء اللہ مجھے سو فیصد سے بھی زیادہ یقین ہے کہ آپ کو یہ عمل مایوس نہیں کرے گا۔ (علی اکرم‘ ملتان)

قارئین کے سوال قارئین کے جواب

”قارئین کے سوال و جواب“ کا سلسلہ بہت پسند کیا گیا خطوط کا ڈھیر لگ گیا‘ مشورے سے طے ہوا پچھلا ریکارڈ پہلے قارئین تک پہنچایا جائے جب تک یہ ختم نہیں ہوتا اس وقت تک سابقہ ترتیب فی الحال کچھ عرصہ کیلئے موخر کردی جائے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

مہروں پر چوٹ: محترم حکیم صاحب! میرا مسئلہ یہ ہے کہ تین سال پہلے میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا' ہسپتال سے علاج کرایا کیونکہ میرے مہروں پر چوٹ لگی تھی' کچھ عرصہ کے بعد چلنے لگا لیکن بعد میں میں مہرے صحیح کرنے والوں کے پاس علاج کیلئے چلا گیا لیکن ان کے علاج سے میرے مہروں میں اور بھی زیادہ تکلیف شروع ہو گئی اور اس وقت سے میں چل پھر نہیں سکتا۔ تھراپی کرانے سے اب کچھ واکر سے چل لیتا ہوں۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مہروں کے نیچے میری نس دبی ہوئی ہے۔ پاؤں کے مسل بہت کمزور ہو گئے ہیں' دونوں پاؤں سن ہیں۔ کوئی مجرب علاج بتائیں۔ میں اور میرا گھرانہ ہمیشہ آپ کو دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ (اکبر خان' کراچی)

مشورہ: آپ درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ اسگندھ، بہمن سفید، قسط شیریں، زنجبیل' کمرکس' بدھارا اور مصری ہم وزن کو سفوف کر کے محفوظ کر لیں اور ایک چمچ چائے والا صبح شام دودھ سے کھا لیا کریں۔ وزن بڑھنے نہ دیں۔ زیادہ وزن نہ اٹھائیں۔ کمر پر خالص روغن زیتون کی جتنی زیادہ مالش کروا سکتے ہیں کروائیں۔ انشاء اللہ شفا دے گا۔

جلدی امراض: میری عمر 44 سال کے قریب ہے' جہاں دیگر بہت سی بیماریاں لاحق ہیں وہاں میں پیدائشی طور پر جلد کی مریضہ ہوں' میرے پورے جسم پر پانی والے دانے نکلتے ہیں' جو دانے زیادہ خراب ہو جائیں ان میں پیپ بن جاتی ہے۔ پاکستان میں موجود تقریباً تمام علاج اس بیماری کے کر چکی ہوں۔ پہلے یہ دانے گرمیوں میں زیادہ ہوتے تھے اب سردیوں میں بھی شروع ہو گئے ہیں۔ اس کا بہترین حل تجویز کریں۔ (م۔خ، اٹک)

مشورہ: دو تین چیزیں توجہ طلب ہیں: 1 اپنی غذا میں توجہ دیں۔ 2 زندگی کے انداز میں پاکیزگی پیدا کریں۔ 3 نیند میں کمی ہو رہی ہے، اسے پورا کریں۔ معلوم ہوتا ہے کہ تمام گھرانہ مصالحے دار چٹ پٹی غذاؤں کی طرف مائل ہے اور گھریلو زندگی میں لایعنی اور لہو ولعب زیادہ ہے۔ **ھوالشافی:** الجورحوا، شربت عناب، 3 چمچ شہد، ایک چمچ دودھ میں گھول کر چلا کر کے دن میں 3 بار 2 ماہ تک استعمال کریں۔

آدھا چہرہ: میرے ساتھ کافی عرصہ سے مسئلہ درپیش ہے۔ میرے آدھے چہرے کا رنگ ہلکا سرخ ہو گیا ہے۔ دھوپ پر جو بہت واضح ہو جاتا ہے اور میرے چہرے پر داغ دھبے اور کالے تل بھی ہیں۔ میں بہت نسخہ جات آزما چکا ہوں لیکن میرے دانتوں کی پیلاہٹ دور نہیں ہو رہی۔ میں بہت پریشان ہوں۔ کوئی اچھا سا نسخہ تجویز کر دیں۔ (م،ش، لاوہ، ضلع چکوال)

مشورہ: عرق مکوہ' عرق کاسنی' عرق بادیان ہر ایک ایک اونس ملا کر پئیں۔ دن میں تین بار۔ غذا میں سبزیاں' سبزیوں کا شوربہ' سوپ روٹی لیں۔ پپیتہ کھائیں' پندرہ دن کے بعد دوبارہ مطلع کریں، پندرہ دن سے زیادہ یہ عرق نہ پئیں۔ سردی' کمزوری ہو تو یہ عرق استعمال نہ کریں۔

دانت ہل رہا ہے: میرا ایک دانت گزشتہ سات ماہ سے ہل رہا ہے' مسوڑھا بھی اپنی جگہ سے ہٹتا جا رہا ہے' مجھے دانت خراب یا ضائع ہونے کی بے حد پریشانی ہے' کیونکہ قدرتی دانت تو کروڑوں کا بھی نہیں ملتا۔ کوئی دوا یا ٹوٹکہ بتا دیں۔ لاکھوں کا فائدہ ہوگا۔ عبقری میں ہی ایک نسخہ تھا کہ پھٹکڑی پکا کر لیموں نچوڑ کر پیس کر لگاتے کا تھا۔ اس کے استعمال سے کچھ دن فرق پڑا جب چھوڑ دیا تو پھر ہلنے لگتا ہے۔ (امین اللہ' کوئٹہ)

مشورہ: یقیناً آپ نے گائے کا گوشت زیادہ کھایا ہے۔ گائے کا گوشت انسان کے مسوڑھوں کو نرم اور پلپلا کر دیتا ہے۔ اسے ترک کر دیجئے اور بالکل نہ کھایئے۔ گائے کا دودھ بھی فائدہ مند ہے۔ آپ کو وٹامن سی 500 ملی گرام روزانہ کافی دنوں تک کھانی چاہیے۔ دانتوں کیلئے ماہنامہ عبقری کے دفتر سے "سچا منجن" منگوا کر استعمال کریں۔ اس سے بہتر شاید ہی کوئی منجن ہو، غذا میں سبزیوں پر زیادہ توجہ کرنی چاہیے، بند گوبھی کا سلاد بھی فائدہ مند رہے گا۔

ورم رحم اور رحم کا ٹل جانا: میری بیوی جس کی عمر 26 سال ہے' تین بچوں کی ماں ہے' عرصہ تین سال سے بچہ دانی میں ورم ہے اور اپنے مقام سے نیچے آ گئی ہے جس کی وجہ سے لیکوریا اور کمر درد کی تکلیف ہے' بہت علاج کروا چکی ہے لیکن فائدہ بالکل نہیں۔ مہربانی فرما کر کوئی نسخہ تجویز کریں اور اس کا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں سو جاتے ہیں جس سے وہ بہت پریشان ہے۔ (ایک سائل)

مشورہ: آپ اپنی اہلیہ کو دفتر ماہنامہ عبقری سے جوہر شفاء مدینہ ٹھنڈی مراد اور ستر شفائیں لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔

ذکاوت حس کا مسئلہ: میں کچھ عرصہ سے ہی عبقری سے منسلک ہوا ہوں اور آپ کا نہایت مشکور ہوں کہ آپ نے لوگوں کی خدمت کیلئے ایک اچھا ادارہ قائم کیا ہے۔ مجھے ذکاوت حس کا مسئلہ ہے جو کہ کچھ عرصہ سے شروع ہوا ہے' اس کی وجہ سے میں سخت پریشان ہوں۔ میری عمر 19 سال ہے' براہ کرم میرا خط ضرور شائع کیا جائے تاکہ لاکھوں لوگوں کا مسئلہ حل ہو سکے۔ (نعمان علی امجد' چکوال)

مشورہ: ذکاوت حس کیلئے خشک دھنیا اور مصری برابر وزن میں کوٹ پیس کر بڑے کیپسولوں میں بھر کر صبح نہار منہ دو کیپسول استعمال کریں انشاء اللہ، اللہ کرم کرے گا۔

معدہ کا مسئلہ: مجھے عرصہ دراز سے معدہ کا مسئلہ ہے' نہ مجھے کھانا ٹھیک سے ہضم ہوتا ہے اور نہ جگر خون بناتا ہے' قبض' کھٹی ڈکاریں' گیس' سینے میں جلن' تیزابیت اور سر میں بہت زیادہ درد رہتا ہے' بلڈ پریشر لو رہتا ہے' جسمانی کمزوری بہت ہے' جس کی وجہ سے غصہ بہت زیادہ آتا ہے اور مزاج بھی چڑچڑا سا ہو گیا ہے' کوئی بھی چیز اچھی نہیں لگتی۔ منہ پر دانے ہیں جو داغ چھوڑ جاتے ہیں۔ سر کے بال بہت زیادہ گر رہے ہیں' مجھے لمبے بالوں کا بہت شوق ہے۔ بہت ٹوٹکے آزمائے مگر کسی کا فائدہ نہ ہوا۔ براہ مہربانی میرے امراض کا حل بتائیں شکریہ۔ (م، وہاڑی)

مشورہ: پودینہ اور لیموں کی چٹنی بنا کر مستقل اپنے ہر کھانے کے ساتھ استعمال کیا کریں۔ یہ چٹنی آپ کو کئی امراض سے نجات دے گی اور بے شمار بیماریوں سے بچائے گی، اجوائن دیسی، نوشادر، کالا نمک ہم وزن کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ چوتھائی چمچ دن میں 3 بار یا 2 بار پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ معدے کے امراض کیلئے لاجواب تریاق ہے۔ اس کے علاوہ دیگر امراض و کمزوری کیلئے آپ جوارش شاہی، خمیرہ گاؤ زبان سادہ، شربت عناب، مفرح شیخ الرئیس...... کسی اچھے دواخانہ سے لے کر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

چہرے پر تل: میری عمر سولہ سال ہے' میرے منہ پر کچھ عرصہ سے بھورے تل نکلنا شروع ہو گئے ہیں' پہلے یہ ہلکے تھے اب بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بازوؤں اور پورے جسم پر بال بہت زیادہ اگ رہے ہیں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: کھٹی ٹھنڈی بادی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔ اطریفل اسطخدوس، خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، جوارش جالینوس، معجون عشبہ کسی اچھے دواخانہ کا لے کر اوپر لکھی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

قسط نمبر 11

میری زندگی کیسے بدلی؟

حیوان بن چکی تھی درس نے انسان بنا دیا

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس خود تھوڑا انہیں روزانہ سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کیا بتاؤں؟ آپ کو کیا لکھوں؟ اپنے بارے میں کہ میں کیا تھی؟ میری زندگی گناہوں میں ڈوبی ہوئی تھی‘ میں نے اپنی زندگی میں اتنے گناہ کیے ہیں کہ شاید ہی مجھے ان گناہوں سے معافی مل سکے‘ میری ایسی حالت تھی کہ نہ میں زندہ لوگوں میں تھی نہ مردہ‘ میں اخلاق سے گری ہوئی ہر چیز دیکھتی تھی‘ میں نے کوئی بھی اچھا یا نیک کام نہیں کیا‘ ہر وقت برے کاموں کے بارے میں سوچتی اور کرتی تھی۔ اس طرح میں ہر گناہ کے کام کرتی چلی گئی۔ مجھے خواب بھی انتہائی غلیظ آتے اور ایسا لگتا کہ کوئی میرے ساتھ کچھ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ میری ذہنی حالت بد سے بدتر ہونا شروع ہوگئی کئی دفعہ اپنے آپ کو عجیب سی حالت میں بھی پایا‘ ہر وقت موت کا غم سر پر سوار رہتا تھا کئی دفعہ ایسی حالت ہوتی تھی کہ دل چاہتا تھا خودکشی کرلوں کئی دفعہ چھری اپنی کلائی پر رکھ کر ایسا کرنے کی کوشش کی تھی۔ پھر میں نے آپ کا درس سنا۔ میرے والدین آپ کا درس سنتے جاتے ہیں انہوں نے درس کی سی ڈیز اور میموری کارڈ گھر میں رکھے ہوئے تھے۔ ایک مرتبہ میرے والدہ نے لگایا تو میں بھی سننے بیٹھ گئی اور سنتی ہی چلی گئی۔ درس میں آپ نے باتھ روم کی دعا کا اہتمام کرنے کو کہا۔ بس جب میں نے باتھ روم کی دعا پڑھنی شروع کی۔ مجھے لگا میں دوبارہ زندہ ہوگئی ہوں۔ مجھے برے برے خواب آنا ختم ہوگئے۔ میرے دل میں بھی سکون سا آگیا کہ اب میں بھی اچھے اور نیک کام کرسکتی ہوں۔ اللہ مجھ سے بھی راضی ہوسکتا ہے۔ اب ماشاء اللہ میں تہجد بھی پڑھتی ہوں‘ ذکر اذکار بھی کرتی ہوں‘ دل کو بڑا سکون ملتا ہے۔ باتھ کی دعا کے ساتھ کچھ وظائف جو آپ نے میرے والدین کو عطا کیے ہیں میں بھی وہ پڑھتی ہوں۔ رات سونے سے پہلے اول و آخر تین مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص والا عمل کرتی ہوں۔ اس وظیفے کے اتنے کمالات ہیں کہ میں حیران ہوں۔ جب سے ہم نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے اللہ نے ہم پر بہت کرم کیا ہے۔ میری آپی کا عدالت میں دو سال سے کیس چل رہا تھا۔ اتنے ریال لگا دیئے تھے پھر بھی کیس ہمارے حق میں نہیں آرہا تھا۔ تاریخ پر تاریخ مل رہی تھی اور ریال لگ رہے تھے جبکہ ہم تھے بھی حق پر۔ پھر اللہ کی رحمت سے سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص والا وظیفہ شروع کیا ایک مہینے کے اندر کیس بھی ہم جیت گئے اور ہمارے پیسے بھی ہمیں واپس مل گئے جس کی ہمیں امید ہی نہ تھی۔ اللہ کا شکر اور آپ کا احسان ہے۔ آپ جو مخلوق خدا کیلئے کر رہے ہیں اس کی تعریف کیلئے میرے پاس کوئی الفاظ نہیں ہیں۔ میں حیوان بن چکی تھی مگر آپ کے درس نے مجھے انسان بنا دیا ہے۔ اس کیلئے میں آپ کا احسان کبھی نہیں بھولوں گی۔ میری ہر دعا، ہر ذکر، تسبیح میں آپ کا حصہ ہوتا ہے جو میں آپ کو ساری زندگی ہدیہ کرتی رہوں گی۔ آپ کا ہر جمعرات کو ہونے والا درس باقاعدگی سے سنتی ہوں اور اس پر عمل کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہوں دوسروں کو بھی وظائف بتاتی ہوں اور عبقری کی سائٹ کی طرف متوجہ کراتی ہوں۔ اللہ آپ کی ہر ضرورت کو غیب سے پورا کرے۔ تسبیح خانہ کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ میری طرف سے آپ کیلئے چھوٹا سا ہدیہ ہے۔ ایک عمرہ‘ ایک تسبیح تمام چوتھیں ہزار درود شریف‘ چھ نفل‘ چودہ سپارے۔ میری آپی کی طرف سے ایک پورا قرآن پاک اور ایک عمرہ قبول فرمائیں۔ خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں شکریہ! اللہ ہمیں ہمیشہ عبقری سے جوڑے رکھے۔ مجھے اور تمام مسلمانوں کو اپنا اور اپنے حبیب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا عاشق بنائے۔ آمین ثم آمین۔ حضرت حکیم صاحب! میرا نام ہرگز شائع نہ کیجئے گا۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو زندگی کی تمام خوشیاں دے اور آپ کی آنے والی تمام نسلوں کو اسلام پر چلنے والی زندگیاں عطا کرے‘ میں حقیقت میں آپ کو خط لکھتے ہوئے احساس کمتری کا شکار ہو رہا ہوں‘ کہاں میں گنہگار اور کہاں آپ۔ اللہ پاک عبقری کے پورے سسٹم کو پوری دنیا میں پھیلا دے اور عبقری میں شامل ہر مسکین کو آپ کے اس نیک کام کے صدقے راہ ہدایت نصیب فرمائے۔ میں اب اپنی گناہوں سے بھری زندگی کی طرف روشنی ڈالتا ہوں اور کیسے مجھے عبقری کا سہارا ملا وہ بتاتا ہوں۔ لوگوں کی نظر میں آج بھی بہت شریف اور عزت دار انسان ہوں لیکن مجھے حقیقت میں خود سے نفرت ہے نہ ہی میں خود کو آپ سے بات کرنے کا قابل سمجھتا ہوں۔ میں ایک گاؤں میں رہتا تھا‘ مجھے سکول میں تیسری کلاس سے ہی ہم جنس پرستی کا نشہ پڑ گیا تھا جو کہ ایم ایس سی تک میرے ساتھ رہا۔ میں ہر ماہ یہ گناہ کبیرہ کرتا اور نامعلوم کتنی بار کرتا۔ جب تک مجھ سے یہ غلیظ کام نہ ہوتا مجھے سکون نہ ملتا۔ میری صحت دن بدن گرتی جارہی تھی۔ مگر پچھلے سال سے میری زندگی میں بہت زیادہ مثبت تبدیلیاں آگئی ہیں۔ وہ بھی آپ کی ہی بدولت۔ ہمارے شہر میں آپ کا درس تھا‘ میرا دوست مجھے زبردستی درس میں لے گیا‘ بس وہ درس سنا اور میری زندگی بدل گئی۔ میں پچھلے سال سے آپ کے درس روزانہ سن رہا ہوں۔ درس سننے کے بعد دل کی کیفیت بہت اچھی ہوگئی ہے۔ آپ سے بیعت بھی ہوگیا ہوں، تمام برے کام چھوڑ چکا ہوں۔ اب صبح و شام کی مسنون دعائیں پڑھتا ہوں، سارا دن ذکر و اذکار، درود شریف پڑھتا رہتا ہوں۔ انٹرنیٹ کی گندگی میں دھنسا ہوا تھا اب الحمدللہ باہر نکل آیا ہوں۔ صحت بھی دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ اللہ پاک آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ (پوشیدہ)

نزلہ زکام و سر درد ہواؤں سے تنگ ضرور آزمائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی گزشتہ بائیس سال سے یورپ میں مقیم تھے‘ اس سال پاکستان آئے۔ انہیں شدید نزلہ اور زکام کا اٹیک ہوا۔ میں نے انہیں دفتر ماہنامہ عبقری جاکر بنفشی قہوہ اور شفائے حیرت لاکر‘ بنا کر پلایا اور دو سے تین دن مسلسل استعمال کروایا۔ جس سے ان کو بے حد افاقہ ہوا۔ یورپ جاتے ہوئے وہ یہ قہوہ اور سیرپ اپنے ساتھ لے کر گئے اور اب انہیں جب بھی زکام کی شکایت ہوتی ہے تو وہ یہ قہوہ بنا کر پی لیتے ہیں جس سے ان کو فوراً آرام آجاتا ہے۔ شکریہ عبقری! جس نے نسل انسانی کو سکون آرام دیا۔ اللہ حضرت حکیم صاحب کے بال بال میں سکون دے۔ آمین۔ (عبداللہ، لاہور)

(بقیہ: بدن پہ چند بوندیں گرائیں اور کرشماتی صحت پائیں)

لونگ کا تیل: لونگ کا تیل آج بھی دنیا بھر میں دوائی مقاصد کیلئے استعمال ہو رہا ہے۔ یہ ایک خوشبو دار اور حرارت بخش تیل ہوتا ہے۔ جاڑوں میں لیموں اور لونگ کو ملا جلا تیل مالش کی صورت میں حرارت بخشتا ہے۔ تیل کی چھوٹی شیشی میں بیس پچیس لونگ ڈال کر رکھ دینا کافی ہوتا ہے۔ کچلنے سے اس میں پایا جانے والا روغن تیل میں اچھی طرح شامل ہو جاتا ہے۔ **دیگر تیل:** اسی ترکیب سے دیگر اشیا کے تیل تیار کیے جاسکتے ہیں۔ ان میں زیادہ فرحت بخش تاثیر کیلئے گلاب، چنبیلی، چمپا، موتیا وغیرہ کے تیل شامل کرتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں ملتان کے دھنیے کے تیل کی مالش کی راحت بخش صدیوں سے مسلسل چلی آرہی ہے۔ اسی طرح گلاب کے تیل سے مالش دماغ کو تازگی اور جسم کو راحت بخشتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

کھانا کم مہمان زیادہ

اب پریشان ہونے کی ضرورت نہیں!

اس دعا میں اتنا اثر ہے کہ خواہ کتنا ہی کم کھانا ہو اور اچانک بن بلائے مہمان عین کھانے کے وقت آدھمکیں کہ مزید کھانا بنانے کی مہلت بھی نہ ملے تو آپ یہ دعا پڑھ کر دم کر کے مہمانوں کے سامنے پیش کردیں' تو اللہ کے فضل سے مہمان سیر ہوکر دسترخوان سے اٹھیں گے اور کھانا پھر بھی بچا رہے گا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا فرمودہ ہے کہ ''آپ کیلئے قیمتی موتی چن چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں'' تو اسی فرمودہ کے زیراثر ہم بھی ''سخی [illegible]'' ہوتے ہوئے کچھ اپنے مشاہدات آپ کی نذر کر رہے ہیں۔ [illegible] دعا ہے جو بے حد پر اثر اور بابرکت ہے جو ہمیں اپنی پھوپھی جان کے وسیلے سے عطا ہوئی انہیں کہاں سے حاصل ہوئی یہ خود انہیں بھی یاد نہیں۔ بہرحال اس دعا کی برکت سے ہم بارہا مستفید ہوئے اور متوقع شرمندگی سے بال بال بچے۔ اس دعا میں اتنا اثر ہے کہ خواہ کتنا ہی کم کھانا ہو اور اچانک بن بلائے مہمان عین کھانے کے وقت آدھمکیں کہ مزید کھانا بنانے کی مہلت بھی نہ ملے تو آپ یہ دعا پڑھ کر دم کر کے مہمانوں کے سامنے پیش کردیں تو اللہ کے فضل سے مہمان سیر ہوکر دسترخوان سے اٹھیں گے اور کھانا پھر بھی بچا رہے گا۔ اسی طرح اکثر تقریبات میں دھڑکا لگا رہتا ہے کہ کھانا کم نہ ہو جائے لیکن جب سے یہ دعا ہمارے علم میں آئی ہے ایسا کچھ نہیں ہوتا۔ میری بیٹی کی تکمیل حفظ پر ہم نے آمین کی تقریب منعقد کروائی تو مہمان اندازے سے زیادہ آئے یعنی میں نے ہر گھر سے دو افراد بلائے تھے مگر ہر گھر سے تقریباً پانچ سے چھ افراد آئے ہوئے تھے تو میں بہت زیادہ پریشان کہ ایسا نہ ہو کھانا کم پڑ جائے اور خواہ مخواہ کی شرمندگی اٹھانا پڑے۔ بہرحال کھانا کھلایا گیا تو الحمدللہ خدشے کے برعکس کھانے میں خوب برکت ہوئی اور سب نے کھانے کی تعریف کی اور بعد میں معلوم ہوا کہ میرے بڑے بیٹے نے ہر دیگ میں یہ دعا پڑھ کر دم کی تھی۔ یہ انتہائی قیمتی ہے اسے معمولی ہرگز نہ سمجھیے گا۔ وہ پرتاثیر دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ بَرَكَتُهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هَادِيْ۔

(زاہدہ یوسفی، لاہور کینٹ)

دعاءے ہر قسم کی حفاظت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی زیرسرپرستی عبقری رسالہ بہت ہی اعلیٰ رسالہ ہے اس میں آپ کی محنت اور خصوصی توجہ سے بہت چاشنی ہے۔ اللہ کریم آپ کے علم اور آپ کو خصوصی برکات سے مالامال فرمائے۔ آمین! رسالہ میں ایک عمل کی برکات لے کر حاضر خدمت ہوا ہوں۔ ایک دعا جو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ ہر طرح کی حفاظت رہتی ہے۔ **بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ** ۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ ایک مرتبہ بندہ جہلم سے سرگودھا جا رہا تھا میری عادت ہے کہ میں جب بھی گھر سے نکلوں تین دفعہ درج بالا دعا پڑھ لیتا ہوں۔ جہلم سے ویگن میں سوار ہوا تو موبائل میری دائیں جیب میں تھا۔ راستے میں سفر کرتے آنکھ لگ گئی۔ جب آنکھ کھولی تو موبائل جیب سے غائب تھا۔ بہت پریشان ہوا' دائیں بائیں دیکھا مگر ندارد۔ آخر کافی دیر کے بعد خیال آیا کہ کیا کروں' پیچھے مڑ کر دیکھا تو ایک بچے کے ہاتھ میں میرا موبائل تھا جو کہ ماں کی گود میں بیٹھا تھا۔ میں نے کہا کہ بیٹا یہ موبائل میرا ہے' مجھے دے دو' اس کی ماں نے مجھے موبائل پکڑا دیا۔ جب بھی سفر میں یا گھر سے باہر نکلتا ہوں تو اس دعا کی وجہ سے الحمدللہ خیر و حفاظت رہتی ہے۔

دولت کبھی ختم نہ ہوگی: اللہ رب العزت کا اسم مبارک یَابَاقِیْ (اے ہمیشہ قائم رہنے والے) بعد نماز فجر جو شخص یاباقی ہزار مرتبہ پڑھے ہر نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اگر گیارہ سو مرتبہ پڑھیں تو دولت کبھی بھی ختم نہ ہو، اگر عہدہ ہے تو اقتدار تا دم آخر قائم رہے گا۔ (سید خالد حیات' سرگودھا)

مزاج کی بات

مزاج ایسا رکھیے کہ ہر آدمی چھوٹا، بڑا، مخلص یا غیرمخلص آپ کو ٹوک سکے۔ آپ کی غلطی بتا سکے' آپ کا علم بڑھا سکے' ورنہ اکھڑپن ہوا تو ایک دفعہ آپ کی کوتاہی بتا کر دوسری دفعہ کوئی آپ سے بات بھی نہیں کرے گا کہ کیسے بتائیں؟ وہ مانے گا ہی نہیں۔ اس طرح آپ بہت سی غلطیوں اور برائیوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے آپ سن لیں اور کسی کی بات کو برا نہ مانیں نہ بحث کریں اگر وہ خرابی آپ میں نہیں ہوگی تو سن لینے میں آپ کا بگڑے گا ہی کیا؟ ورنہ تحقیق کرلیں اور پھر تحقیق پر عمل کریں کیونکہ آگاہی کی کوئی ایک سمت مقرر نہیں ہے۔ یہ مختلف اطراف سے ہوسکتی ہے اور قدرت مختلف ذرائع سے حجت تمام کرتی ہے اور اس کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے ترجمہ: ''برائی کو اچھائی سے دور کیجئے''۔ (فضل اللہ، اٹک)

مولانا وحیدالدین خاں

زندگی کی قوت

گھر کے آنگن میں ایک بیل اگی ہوئی تھی۔ مکان کی مرمت ہوئی تو وہ ملبہ کے نیچے دب گئی۔ آنگن کی صفائی کراتے ہوئے مالک مکان نے بیل کو کٹوا دیا۔ دور تک کھود کر اس کی جڑیں بھی نکلوا دی گئیں اس کے بعد پورے صحن میں اینٹ بچھا کر اس کو سیمنٹ سے پختہ کر دیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد بیل کی سابق جگہ کے پاس ایک نیا واقعہ ہوا۔ پختہ اینٹیں ایک مقام پر ابھر آئیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کسی نے دھکا دے کر انہیں اٹھا دیا ہے۔ کسی نے کہا کہ یہ چوہوں کی کارروائی ہے۔ کسی نے کوئی اور قیاس قائم کرنے کی کوشش کی۔ آخرکار اینٹیں ہٹائی گئیں تو معلوم ہوا کہ بیل کا پودا اس کے نیچے مڑی ہوئی شکل میں موجود ہے۔ بیل کی کچھ جڑیں زمین کے نیچے رہ گئی تھیں۔ وہ بڑھ کر اینٹ تک پہنچیں اور اب اوپر آنے کیلئے زور کر رہی تھیں۔ ''یہ پتیاں اور انکھوے جن کو ہاتھ سے مسلا جائے تو وہ آٹے کی طرح پس اٹھیں۔ ان کے اندر اتنی طاقت ہے کہ اینٹ کے فرش کو توڑ کر اوپر آ جائیں'' مالک مکان نے کہا: میں ان کی راہ میں حائل نہیں ہونا چاہتا' اگر یہ بیل مجھ سے دوبارہ زندگی کا حق مانگ رہی ہے تو میں اس کو زندگی کا حق دوں گا' چنانچہ انہوں نے چند اینٹیں نکلوا کر اس کیلئے جگہ بنا دی۔ ایک سال بعد ٹھیک اسی مقام پر تقریباً پندرہ فٹ اونچی بیل کھڑی ہوئی تھی جہاں اس کو ختم کر کے اس کے اوپر پختہ اینٹیں جوڑ دی گئی تھیں۔ پہاڑ اپنی ساری وسعت اور عظمت کے باوجود یہ طاقت نہیں رکھتا کہ کسی پتھر کے ٹکڑے کو ادھر سے ادھر کھسکا دے مگر درخت کے ننھے پودے میں اتنا زور ہے کہ وہ پتھر کے فرش کو دھکیل کر باہر آ جاتا ہے۔ یہ طاقت اس کے اندر کہاں سے آئی۔ اس کا سرچشمہ عالم فطرت کا وہ پراسرار مظہر ہے جس کو زندگی کہا جاتا ہے۔ زندگی اس کائنات کا حیرت انگیز واقعہ ہے۔ زندگی ایک ایسی طاقت ہے جس کو کوئی دبا نہیں سکتا۔ اس کو کوئی ختم نہیں کر سکتا۔ اس کو پھیلنے اور بڑھنے کے حق سے کوئی محروم نہیں کر سکتا۔ زندگی ایک ایسی قوت ہے جو اس دنیا میں اپنا حق وصول کر کے رہتی ہے۔ جب زندگی کی جڑیں تک کھود دی جاتی ہیں اس وقت بھی وہ کہیں نہ کہیں اپنا وجود رکھتی ہے اور موقع پاتے ہی دوبارہ ظاہر ہو جاتی ہے جب ظاہری طور پر دیکھنے والے یقین کر لیتے ہیں کہ اس کا خاتمہ کیا جا چکا ہے اس وقت بھی وہ ٹھیک اس مقام سے اپنا سر نکال لیتی ہے جہاں اسے توڑا اور مسلا گیا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مولانا منظور احمد نعمانی

قاتلانِ امام حسین رضی اللہ عنہ کا بھیانک انجام

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت یعلیٰ بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسین میرے ہیں اور میں حسین کا، جو حسین سے محبت کرے اللہ اس سے محبت کرے، حسین میرے ایک نواسے ہیں۔

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوسرے نواسے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ و حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے چھوٹے صاحبزادے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت شعبان 4 ہجری میں ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہی ان کا نام حسین رکھا، آپ رضی اللہ عنہ کو شہد چٹایا، آپ رضی اللہ عنہ کے منہ میں اپنی زبان مبارک داخل کرکے لعاب مبارک عطا فرمایا اور ان کا عقیقہ کرنے اور بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کرنے کا حکم دیا۔ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا نے ان کے عقیقہ کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ کی۔ اپنے بڑے بھائی حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرح حضرت حسین رضی اللہ عنہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ رضی اللہ عنہ سے بھی غیر معمولی محبت اور تعلق تھا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ کی عمر چھ یا 7 سال تھی لیکن یہ چھ سات سال آپ ﷺ کی صحبت اور شفقت و محبت میں گزرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خاص لطف و کرم اور محبت کا برتاؤ کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آخری زمانہ خلافت میں آپ رضی اللہ عنہ نے جہاد میں شرکت کی اور پھر بہت سے معرکوں میں شریک رہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب باغیوں نے آپ رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ کرلیا تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں بیٹوں حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو آپ رضی اللہ عنہ کے گھر کی حفاظت کیلئے مقرر کردیا تھا۔ حضرت امام حسن اور امیر معاویہ کی وفات کے بعد کوفہ والوں کے اصرار پر ان کی بیعت لینے کیلئے کوفہ کے لئے اپنے گھرانے کے ساتھ تشریف لے چلے، ابھی مقام کربلا ہی تک پہنچے تھے کہ یزید کے لشکر نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان کو گھیر لیا اور واقعہ کربلا پیش آیا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزیدی لشکر کے ساتھ لڑتے ہوئے شہید ہوگئے۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ۔ تاریخ 10 محرم 61 ہجری ہے، اس وقت عمر شریف تقریباً 55 سال تھی۔

رسول اللہ ﷺ کی نسل مبارک حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا سے چلی ہے اور ان کی اولاد میں حضرات حسنین اور ان کی دو بہنیں حضرت زینب اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہم اجمعین ہی آپ ﷺ کی بقاء نسل کا ذریعہ بنے ہیں۔

قاتلان امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انجام: حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قاتلوں کا انجام بڑا عبرتناک ہوا۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے مقام اور مرتبے سے کون سا مسلمان ہے جو ناواقف ہوگا۔ وہ صحابیت کے شرف کے حامل تھے، وہ نواسہ رسول ﷺ تھے، وہ ابن بتول رضی اللہ عنہا تھے، وہ حیدر کرار رضی اللہ عنہ کے فرزند تھے، ان کا زہد و تقویٰ مثالی تھا، وہ صورت و سیرت میں اپنے نانا سے بڑی مشابہت رکھتے تھے مگر ظالموں کو نہ جانے کیا ہوگیا تھا کہ انہوں نے سب کچھ فراموش کردیا، خونی اور مذہبی رشتوں کا بھی پاس نہ رکھا اور خاندان نبوت کے گل و لالہ کو ظلم کی چکی میں پیس کر رکھ دیا لیکن ان میں سے کوئی بھی ظلم کے انجام بد سے نہ بچ سکا۔ امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قاتلوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ بچا جو کسی نہ کسی عذاب میں مبتلا نہ ہوا ہو۔ بعض اندھے ہوگئے، بعض خوفناک بیماریوں میں مبتلا ہوگئے، بعض پاگل اور دیوانے ہوگئے، بعض کو اذیتیں دے کر قتل کردیا گیا۔ جب عبدالمالک بن مروان کے زمانے میں مختار بن ابی عبید ثقفی نے کوفہ پر قبضہ کرلیا تو اس نے اپنا مشن ہی یہ بنالیا تھا کہ وہ کربلا میں ستم ڈھانے والوں کی ٹوہ میں لگا رہتا تھا اور انہیں چن چن کر اپنی خونی تلوار کا نشانہ بناتا تھا، اس کے سامنے جب ایسے لوگوں کو لایا جاتا تو وہ ان میں سے کسی کے ہاتھ کٹوا دیتا، کسی کو تیروں سے مروا دیتا اور کسی زندہ جلا دیتا۔

(اقتباس: ندائے منبر و محراب از مولانا محمد اسلم شیخوپوری شہید)

حضرات حسنین رضی اللہ عنہم اجمعین کے فضائل و مناقب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے اور آپ رضی اللہ عنہ کے صحابی ہونے کا شرف کیا کم ہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرات حسنین رضی اللہ عنہم سے بہت محبت تھی۔ شفقت و محبت کا یہ عالم تھا کہ یہ دونوں بھائی بچپن میں حالت نماز میں آپ ﷺ کی کمر مبارک پر چڑھ جاتے کبھی دونوں ٹانگوں مبارک کے بیچ میں سے گزرتے رہتے اور آپ ﷺ نماز میں بھی ان کا خیال کرتے، جب تک وہ کمر پر چڑھے رہتے، آپ ﷺ سجدہ سے سر مبارک نہ اٹھاتے۔ آپ ﷺ اکثر آپ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو گود میں لیتے، کبھی کندھے مبارک پر سوار کرتے آپ رضی اللہ عنہ کا بوسہ لیتے آپ رضی اللہ عنہ کو سونگھتے اور فرماتے: انکم لمن ریحان اللہ" تم اللہ کی عطا کردہ خوشبو ہو۔ ایسے ہی ایک موقع پر حضرت اقرع ابن حابس رضی اللہ عنہ نے عرض کردیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے تو دس بیٹے ہیں لیکن میں نے آج تک کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ آپ ﷺ نے انہیں فرمایا: جو رحم نہیں کرتا، اس پر بھی منجانب اللہ رحم نہیں کیا جاتا۔

آیت تطہیر کے نزول کے بعد آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا اور حضرات حسنین کریمین کو اپنی ردائے مبارک (چادر مبارک) میں داخل فرما کر اللہ سے عرض کیا: ترجمہ: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، ان سے گندگی کو دور فرما دیجئے اور پاک و صاف کردیجئے۔ (ترمذی شریف) صحیح بخاری میں حضرت عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کندھے پر سوار کیے ہوئے تھے اور یوں دعا کر رہے تھے: اے اللہ! یہ مجھے محبوب ہے، آپ بھی اسے اپنا محبوب بنا لیجئے۔ (بخاری و مسلم)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ہی حضرات حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مناقب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے کہ ان سے کسی عراقی نے مسئلہ دریافت کیا کہ محرم اگر مکھی مار دے تو کیا کفارہ ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بڑی ناگواری سے جواب دیا کہ اہل عراق مکھی کے قتل کا مسئلہ پوچھنے آتے ہیں اور نواسہ رسول ﷺ (حضرت حسین رضی اللہ عنہ) کو قتل کردیا، حالانکہ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں نواسوں کے بارے میں فرمایا تھا: یہ دونوں میرے لئے دنیا کی خوشبو ہیں۔ (صحیح بخاری) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کی ہے کہ میں کسی ضرورت سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ گھر کے باہر اس حال میں تشریف لائے کہ آپ ﷺ دونوں کوکھوں پر (یعنی گود میں) کچھ رکھا ہوا تھا اور چادر مبارک اوڑھے ہوئے تھے، میں جب اپنے کام سے فارغ ہوگیا تو عرض کیا یہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے چادر مبارک ہٹادی، میں نے دیکھا کہ ایک جانب حسن رضی اللہ عنہ اور دوسری جانب حسین رضی اللہ عنہ ہیں اور فرمایا: ترجمہ: اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، آپ بھی ان سے محبت فرمایئے اور جو ان سے (باقی صفحہ نمبر 20 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

واش روم کی صفائی آپ کے سگھڑ پن کی نشانی

فرحت، لاہور

سب سے پہلے تو باتھ روم روز مرہ صفائی پر توجہ ضروری ہے۔ ہر مہینے میں ایک بار برش اور فنائل سے واش بیسن اور فلش کی صفائی لازم ہے، ہوسکے تو تیزاب منگوا کر نالیوں میں بھی ڈالئے۔ اگر باتھ روم میں تھوڑی بہت گنجائش ہو تو ایک چھوٹی کوڑے کی بالٹی یا باسکٹ (ڈسٹ بین) رکھنے میں کوئی برائی نہیں

گھر کا ہر حصہ خواتین کی توجہ کا طلبگار ہے اور عموماً تمام حصوں کا خیال رکھا بھی جاتا ہے سوائے واش روم (غسل خانے) کے۔ جبکہ کسی بھی عورت کے سلیقے کا ثبوت اس کا باتھ روم ہی دیتا ہے۔ عموماً ہوتا یہ ہے کہ تمام گھر کو تو آئینے کی طرح چمکا کر رکھا جاتا ہے مگر باتھ روم کا جائزہ لیا جائے تو اکثر و بیشتر گندگی اور بدبو استقبال کرتی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ یہ علاقہ گھر کا حصہ ہی نہیں ہے۔ یہ طرز عمل قطعاً مناسب نہیں۔

آیئے آج ہم آپ کو باتھ روم کی صفائی کے چند طریقے بتاتے ہیں۔ سب سے پہلے تو باتھ روم کی روز مرہ صفائی پر توجہ ضروری ہے۔ ہر مہینے میں ایک بار برش اور فنائل سے واش بیسن اور فلش کی صفائی لازم ہے، ہوسکے تو تیزاب منگوا کر نالیوں میں بھی ڈالئے۔ اگر باتھ روم میں تھوڑی بہت گنجائش ہو تو ایک چھوٹی کوڑے کی بالٹی یا باسکٹ (ڈسٹ بن) رکھنے میں کوئی برائی نہیں مگر اس کی روزانہ صفائی ضروری ہے، ہوسکے تو منہ پر پلاسٹک کی تھیلی چڑھا کر رکھیں۔

واش بیسن کے اوپر لگے ہوئے شیشے کو بھی ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور صاف کیجئے۔ ٹوتھ پیسٹ، ٹوتھ برش اور شیمپو وغیرہ رکھنے کیلئے اگر کوئی ریک نہیں تو کسی ایسے ریک کا انتخاب کر لیجئے جو دیوار میں کیل کی مدد سے لٹک سکتا ہو ایسے ریک عموماً کم قیمت ہوتے ہیں اور بآسانی دستیاب بھی ہوتے، اس سے آپ کا باتھ روم سمٹا سمٹا نظر آئے گا۔

صابن دانی ایسی نہیں ہونا چاہئے جس میں پانی جمع ہو کر صابن کو گھلا دے اور آپ کی محنت پر بھی پانی پھیر دے بلکہ وہ محض صابن کو محفوظ رکھنے کیلئے ہونی چاہئے۔ اس لئے انتخاب سوچ سمجھ کر کیجئے بازار میں مقناطیس والی صابن دانیاں موجود ہیں ان سے صابن دیوار پر لگا رہتا ہے نہ تو ضرورت سے زائد گھلتا ہے اور نہ باتھ روم کو چکنا کرتا ہے۔ بالٹی اور ڈونگا بھی ہر دوسرے تیسرے دن واشنگ پاؤڈر سے لازماً دھوئیں ورنہ کائی جم کر انہیں کافی چکنا کر دے گی۔ جو دیکھنے میں اور استعمال کرنے میں بہت بدنما معلوم ہوتی ہے۔

اگر ایئر فریشنرز خرید سکتی ہیں تو انہیں باتھ روم سے ختم نہ ہونے دیں ورنہ پرفیوم اور باڈی سپرے کی خالی بوتلیں پانی بھر کر باتھ روم میں رکھ دیں۔ ان میں موجود تھوڑی بہت خوشبو بھی باتھ روم کیلئے کافی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ اگر غسل خانہ تھوڑا بڑا ہو تو اس میں ایک چھوٹا سا پھولوں کا گلدستہ بھی ضرور رکھیں' چاہیں تو خالی بوتلوں میں پانی بھر کر منی پلانٹ کی شاخ لگا دیں۔ نہیں تو کسی کونے میں مصنوعی پھولوں کا بڑا سا گلدان رکھ دیں، اس سے بہت خوشگوار تاثر ابھرے گا۔ غسل خانہ چھوٹا ہو یا بڑا اس میں کھڑکی یا روشندان ضروری ہے تاکہ ہوا کا اخراج ہو سکے۔ غسل خانے کے دروازے کے باہر ایک چھوٹی رگ یا فٹ میٹ لازماً ہونا چاہیے۔ تاکہ پورے گھر میں گیلی چپلوں سے نشان نہ بنتے رہیں، اور غسل خانے کا پانی باہر نہ آنے پائے۔ ویسے تو غسل خانے کے استعمال کیلئے علیحدہ جوتا ہونا بے حد ضروری ہے یہ جوتا فٹ میٹ ہی پر رکھا ہے تو اچھا ہے اور اسے وقتاً فوقتاً دھوتے رہنا چاہئے۔ یاد رکھیں حد درجہ آرائش و سجاوٹ سے کہیں زیادہ حسن، سادگی اور نفاست میں ہے۔ آپ کے سگھڑ یا گھر کے کچن اور باتھ روم سے ہی جھلکتا ہے تو پھر آج کے بعد باتھ روم تو نظر انداز نہیں ہوگا نا!!!

کھردری جلد کیلئے: ایک دو چائے کے چمچ جو اور عرق گلاب کے اندر دس گرام موٹے پسے ہوئے بادام مکس کر کے آہستہ آہستہ چہرے پر ملیں، کچھ دیر بعد نیم گرم پانی سے دھولیں، جلد نرم و ملائم ہو جائے گی۔

رنگت نکھارنے کیلئے: لیموں کے رس میں برابر مقدار میں عرق گلاب اور گلیسرین یا شہد ملا کر رکھ لیں رات کو سوتے وقت مالش کر کے صبح منہ دھولیں رنگت نکھر جائے گی۔

خارش زدہ بدصورت پاؤں بالکل ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ کیا لاجواب میگزین ہے' اس میں موجود تمام ٹوٹکے اور اعمال واقعی لاجواب اور تیر بہدف ہوتے ہیں۔ ہم نے کافی آزمائے اور لوگوں کو بھی بتائے جس سے سب کو بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ مجھے کوئی دیسی ٹوٹکے کا تجربہ بالکل نہیں ہے۔ اصل میں ماہ رمضان کے تقریباً درمیان میں میرے پاؤں کے اوپر والے حصے میں شدید قسم کی الرجی ہوئی۔ معلوم نہیں کہ کسی جوتے کے پہننے سے ہوئی یا پھر ویسے ہی ہوئی۔ اصل میں امی کے پاؤں میں بھی ایسی الرجی تھی جو کہ ٹھیک ہو چکی تھی۔ مگر مجھے تو مہینے سے بھی زیادہ ہو گیا تھا کہ خارش نہ ہوئی' اتنے بدنما پاؤں لگنے لگے کہ کوئی جوتا بھی اچھا نہ لگتا۔ یقین کریں اس دوران میں نے بہت سی کریمیں اور ادویات اوپر لگائیں مگر فرق نہ پڑا۔ پھر میں نے ایک جیل (ایکنڈرمن) چہرے پر لگانے والی گھر میں رکھی ہوئی تھی وہ پاؤں پر لگائی تو اس سے بہت جلد میرا پاؤں ٹھیک ہو گیا اور آہستہ آہستہ نشان بھی ختم ہو رہے ہیں۔ یہ کریم یعنی جیل ڈاکٹر نے میرے چہرے کیلئے ریکمنڈ کی تھی۔

آنکھوں کیلئے آسان ورزش: عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ آنکھوں کی ورزش لکھی جو کہ سردیوں میں زیادہ اکسیر ہے۔ لہٰذا میں نے سردیوں میں جب بھی آنکھیں تھک جاتیں تو میں ایک یا دو بار ہی کرتی تو مجھے سکون مل جاتا ہے اور دماغ کو بھی بہت سکون مل جاتا ہے اور میں فریش ہو جاتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامل صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ ورزش یہ ہے: سر کو سیدھا رکھیں' پھر آنکھوں کو زور سے اوپر اٹھائیں' تھوڑی دیر تک آنکھوں کو اسی حالت میں رکھیں پھر جہاں تک ممکن ہو نظر نیچے کرلیں کچھ دیر وقفے کے بعد ٹھہریں اور بائیں جانب دور تک دیکھیں تھوڑی دیر وہیں دیکھتی رہیں' پھر دائیں جانب دیکھیں۔ ایک لمحہ یوں ٹھہرنے کے بعد چاروں طرف گھمائیں۔ اس ورزش سے آنکھیں چند روز کے بعد روشن اور چمکیلی ہو جاتی ہیں۔

دانت کا درد لمحوں میں ختم: میری امی کے دانتوں میں اکثر درد شروع ہو جاتا تھا' لہٰذا میں نے ان کے منہ کے اوپر جس طرف دانت درد ہو رہا تھا لفظ "محمد صلی اللہ علیہ وسلم" لکھ دیا پہلے امی درد سے تڑپ رہی تھیں مگر جیسے ہی میں نے لکھا امی کا درد ایسے ٹھیک ہوا جیسے ہوا ہی نہیں تھا۔ (ج۔ج)

سر کی خشکی دور کرنے کیلئے آسان ترین ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خالص تازہ مکھن لے کر ہاتھ کی ہتھیلی پر تھوڑا سا رکھ کر ملیں۔ جب پگھل جائے تو سر میں ہلکی ہلکی سی مالش کریں۔ مالش نہ کریں تو بالوں کی جڑوں میں ہی لگالیں۔ تھوڑی دیر کے بعد کسی اچھے سے شیمپو یا صابن سے سر دھولیں۔ چند بار ایسا کرنے سے ہی سر کی خشکی بالکل ختم ہو جائے گی۔ **نزلہ زکام کیلئے:** ھوالشافی: سونٹھ (سنڈھ) کو باریک پیس لیں۔ اب دو یا تین چمچ (یا حسب ضرورت) کھانے کے لیکر اس میں تھوڑا سا پانی ملا کر آگ پر دو تین منٹ پکائیں جب بالکل لئی کی شکل اختیار کرلے تو ناک اور پیشانی پر لگائیں۔ نیم گرم کو فوری آرام آجاتا ہے۔ رات کو سوتے وقت لگائیں۔ صبح کو دھولیں۔ دن میں ضرورت محسوس کریں تو لگا سکتے ہیں لیکن فوراً باہر ہوا میں نہ نکلیں تاکہ اس کا اثر زائل نہ ہو جائے۔ (از طرف کوثر نیر پور میرس)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

معمولی سی قربانی آپ کے گھر کو جنت بنا سکتی ہے

تو(میاں یا بیوی) اس نے میرے ساتھ تھوڑی تلخی کر بھی لی تو کیا ہو گیا؟ ہوسکتا ہے اسی کے ذریعے میرا رب مجھے بخشش دے۔ ایک طرف بیوی گھر اور عزت کی محافظ' بچوں کی نگران' باورچی' دھوبن بھی اور سب سے بڑھ کر آپ کو گناہ کبیرہ سے روکنے کا ذریعہ' تو اسے برداشت کرنا اتنا مشکل کیوں ہوتا ہے۔

عبقری میں ایک باکس پڑھا کہ میاں بیوی کی محبت کیلئے کوئی عمل بتایا جائے اور جو لڑکیاں اپنے گھروں میں بیٹھی ہیں' چاہے شادی سے پہلے یا بعد میں' ان کیلئے کوئی عمل بتایا جائے۔ سب سے پہلے میں ان تمام لڑکیوں کی ماؤں سے درخواست کروں گی کہ اپنی بچیوں کی برین واش سے پہلے اپنا دماغ درست سمت میں لگائیں کیونکہ لڑکیوں کے گھر واپس آنے میں ان کی ماؤں کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔ مائیں چونکہ اپنی اولاد کے معاملے میں بہت حساس ہوتی ہیں اس لیے وہ ان کی ذرا سی تکلیف بھی برداشت نہیں کرسکتی ہیں اور فوراً حکم صادر کرتی ہیں کہ ''گھر واپس آجاؤ'' اللہ تمہارے باپ اور بھائیوں کو سلامت رکھے ان کی کمائی میں برکت ہو' ہم تمہیں پال لیں گے' آگ دونوں طرف سے برابر لگی ہوتی ہے اور تیل ڈالنے والے ارد گرد بھی موجود ہوتے ہیں کچھ ایسے رشتے دار بھی موجود ہوتے ہیں جو پٹرول ڈالنا اپنا فرض سمجھتے ہیں اور ادھر شیطان تاک لگائے بیٹھا ہوتا ہے کہ کب موقع ملے اور وہ اپنا پسندیدہ کام کرے یعنی میاں بیوی میں پھوٹ ڈلوائے۔ ان دونوں کے دلوں میں غلط فہمیاں ڈالے اور آخر کار طلاق جیسا مکروہ اور اللہ کے ناپسندیدہ کام سرانجام ہو۔ طلاق سے صرف دو خاندان نہیں بلکہ پورا معاشرہ متاثر ہوتا ہے اور سب سے زیادہ ان کے معصوم بچے بدحال ہوتے ہیں اس لیے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے ان تمام باتوں کو ضرور سوچیں۔ لڑکے اور لڑکیاں اگر کم عمر ہیں تو ان کے باپ اور ماں ضرور انہیں سمجھائیں اگر بڑی بہن ہے تو وہ سمجھائے جہاں تک ہوسکے مثبت رویہ اختیار کریں۔ اپنی پیاری بیٹیوں کو شروع دن سے برداشت کا سبق دیں۔ جب شادی ہو کر جائے تو بار بار انہیں فون کرکے گھر کی ''ٹوہ'' مت لیں۔ بچپن سے انہیں غیبت اور چغلی سے بچائیں' یہی وہ عادت بد ہے جو آگے چل کر گھروں میں آگ لگا دیتی ہے کچھ لڑکیاں اپنے ماں باپ کے گھر میں بہت کام کرتی ہیں مگر شادی کے بعد یہی مائیں ان کو سکھا کر بھیجتی ہیں کہ سسرال جا کر زیادہ کام مت کرنا' میری ایک جاننے والی جن کی شادی کو بارہ سال کا طویل عرصہ گزر چکا ہے ان کو روٹی پکانی نہیں آتی بقول ان کے اگر سیکھ لی تو سب کیلئے پکانی پڑے گی ابھی تک روٹی ماسی یا پھر تندور سے آتی ہے اور اگر کسی دن ماسی نہ آئے اور ہوٹل بھی بند ہو تو کام ڈبل روٹی سے چلایا جاتا ہے۔ کچھ لڑکیاں صرف اس وجہ سے کام نہیں کرتیں کہ ان کے ناخن نہ ٹوٹ جائیں حتیٰ کہ سائنس بھی اب کہتی ہے کہ سب سے زیادہ خطرناک جراثیم ناخنوں کے اندر رہتے ہیں جو ہماری آنتوں میں جا کر پیٹ کی بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔ سب سے پہلے اپنے ناخنوں کی قربانی دیں آپ کی یہ قربانی آپ کا گھر بسا دے گی' انشاء اللہ۔ دوسری قربانی اپنے موبائل فون کی دیں' آج کے دور کا ایک بہت بڑا فتنہ موبائل بھی ہے ہوسکتا ہے کچھ لوگ میری بات سے رضامند نہ ہوں مگر یہ بات درست ہے کہ ہم موبائل کو ضروری کام کیلئے کم اور غیر ضروری کاموں کیلئے بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں جب ایک لوہار چھری بناتا ہے تو وہ قتل کے ارادے سے نہیں بلکہ جانوروں کو ذبح کرنے' پھلوں اور سبزیوں کے کاٹنے کیلئے بناتا ہے اسی طرح موبائل غلط نہیں بلکہ اس کا موقع بے موقع استعمال غلط ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر ساس، نندوں اور شوہر کی شکایت لگانے کیلئے موبائل کا استعمال مت کریں اگر بور ہو رہی ہیں تو پرکشش پیکج کی وجہ سے موبائل پر گھنٹے پیکج مت لگائیں ورنہ آپ ضرور اپنے دل کا حال اپنی ماں سے یا اپنی بہنوں سے ضرور کہیں گی کیونکہ جہاں دو برتن ہوں وہ آواز ضرور دیتے ہیں اور تیسری قربانی اپنی زبان کی دیں اس کو جتنا قابو میں رکھیں گی زندگی اتنی ہی آسان ہوگی۔ اینٹ کا جواب اینٹ سے نہیں بلکہ خاموشی سے دیں گی اگر سامنے والا بڑا ہے' قابل احترام ہے اور آپ جواب دینا ضروری سمجھتی ہیں تو اس بات کو میٹھی زبان سے جواب دیں تاکہ ان کو برا بھی نہ لگے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے اپنی زبان کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دوں گا۔ اگر زبان قابو میں رکھنے سے جنت مل سکتی ہے تو کیا آپ کا گھر نہیں بس سکتا؟ آپ کو اپنے خوابوں کی جنت بھی مل سکتی ہے بس تھوڑا سا شہد اپنی باتوں میں شامل کریں تھوڑی سی نرمی اپنے لفظوں میں لے آئیں' تھوڑی سی گرم جوشی اپنے جذبات میں پیدا کرلیں انشاء اللہ آپ کا گھر ضرور بسے گا اور شیطان کو ضرور شکست ہوگی۔ جن کی بیٹیاں اپنے گھروں میں دکھی ہیں یا دوبارہ اپنے ماں باپ کے گھروں میں بیٹھی ہیں ان کے ماں باپ وقت سے پہلے بوڑھے ہوجاتے ہیں۔ مختلف بیماریاں ان پر حملہ کردیتی ہیں اور معاشرہ الگ سے انہیں طعنہ زنی کرتا ہے۔ (فوزیہ مغل' بہاولپور)

میاں بیوی میں مثالی محبت کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ میری شادی کو تقریباً بائیس سال ہوگئے ہیں' کبھی کوئی بڑی لڑائی یا ناراضگی نہیں ہوئی۔ ایک دوسرے پر مکمل اعتماد کریں' کوئی کچھ بھی کہے دوسرے پر شک یا بداعتمادی کی بجائے آپس میں بات کرکے اس مسئلے کو رفع دفع کردیں۔ کبھی کبھار یہ بھی سوچا کریں میں اپنے رب کا کتنا زیادہ گنہگار ہوں پھر بھی میرا رب مجھے اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔ تو (میاں یا بیوی) اس نے میرے ساتھ تھوڑی تلخی کر بھی لی تو کیا ہوگیا؟ ہوسکتا ہے اسی کے ذریعے میرا رب مجھے بخش دے۔ ایک طرف بیوی گھر اور عزت کی محافظ' بچوں کی نگران' باورچی' دھوبن بھی اور سب سے بڑھ کر آپ کو گناہ کبیرہ سے روکنے کا ذریعہ' تو اسے برداشت کرنا اتنا مشکل کیوں ہوتا ہے۔ دوسری طرف شوہر' آپ کے سر کا تاج' آپ کا محافظ' آپ کے خرچ کا ذمہ دار' خواہش بد سے روکنے والا' یہ سب کچھ سوچنے کے بعد لڑائی جھگڑا ہو اس کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ آج سے پانچ یا چھ سال پہلے کسی نے میری اہلیہ پر زنا کا الزام لگایا' مجھے پتہ چلا تو میں نے کسی سے کچھ نہیں کہا بس اپنی بیوی سے پوچھا کہ یہ بات کہاں ہوئی اور سچ ہے یا جھوٹ؟ اس نے مجھے بتایا کہ میری ایک کزن سے کچھ رنجش تھی اس نے یہ سب کیا ہے اور قسم کھائی کہ سب جھوٹ ہے۔ میں نے بیوی کی بات مان لی' اس پر اعتماد کیا۔ کچھ عرصہ بعد اس کزن نے خود مان لیا کہ سب کچھ جھوٹ تھا۔ اگر میں اس وقت بداعتمادی کرتا تو آج شاید میرا گھر بکھر گیا ہوتا۔ میرا تجربہ تو کہتا ہے کہ ایک دوسرے پر بھرپور اعتماد اور برداشت سکون کی ازدواجی زندگی کیلئے بہت بہت ضروری ہے۔ براہ مہربانی میرا نام و پتہ راز میں رکھئے گا۔ (ج، ر۔ ڈی آئی خان)

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تجربہ، کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

ہر مرض اور بلا سے نجات کیلئے مجرب عمل

سورۂ اخلاص، سورۂ فلق و سورۂ ناس دس، دس بار پڑھ کر دم کریں اور تیل وغیرہ پر اور پانی پر دم کر کے اوپر لگائیں اور پانی مریضہ کو پلادیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے یہ عمل کریں۔ آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ اگر جانوروں کو بھی یہی مسئلہ ہو تو ان کیلئے بھی یہی دم ہے۔

سورۂ اخلاص، سورۂ فلق و سورۂ ناس دس، دس بار پڑھ کر دم کریں اور تیل وغیرہ پر اور پانی پر دم کر کے اوپر لگائیں اور پانی مریضہ کو پلادیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے یہ عمل کریں۔ آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ اگر جانوروں کو بھی یہی مسئلہ ہو تو ان کیلئے بھی یہی دم ہے۔

ناف کے درد کیلئے: اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿فاطر ۴۱﴾ لکھ کر ناف کے اوپر باندھ دیں۔ انتہائی مجرب ہے۔

مسان وغیرہ اور سوکھے پن کیلئے: فجر کی نماز کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم الحمد سے ملا کر پڑھنا ہے۔ پڑھ کر پانی پر دم کر کے چالیس دن تک مریض کو پلائیں۔ مجرب ہے۔

آنکھوں کا دکھنا، سرخی اور درد وغیرہ کیلئے: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿ق ۲۲﴾ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف سات بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ آنکھوں پر پھیر دیں۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے یہ عمل کریں اور پھر اس کا کمال خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ (محمد عبداللہ اعوان، مظفر آباد)

ہر مرض اور بلا سے نجات کیلئے مجرب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! محرم الحرام کی آمد ہے۔ اس ماہ مبارک کے چند اعمال جو کہ انتہائی لاجواب ہیں میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ ماہ محرم الحرام میں پہلی، دوسری اور تیسری تاریخ کو رات میں تہجد کے وقت دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک سو ایک بار دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص ننانوے بار پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک سجدہ کرے اور اس سجدہ میں اسم پاک "یااللہ" ایک ہزار مرتبہ پڑھے جس مریض پر بھی دم کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ صحت عطا ہوگی مگر بچوں کی بیماریاں اور بلیات وغیرہ کیلئے اسم اعظم یااللہ کو زعفران سے گیارہ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں اور چینی یا مٹی کے کورے برتن میں جس کو پانی نہ لگا ہو کاغذ کی گیارہ پرچیوں پر گیارہ گیارہ مرتبہ یااللہ لکھ کر گیارہ دن پلائیں اور مردوں کیلئے بعد نماز اشراق کے مندرجہ بالا عمل کریں۔ تمام امراض سے شفاء ہوگی۔ نیز جو مرض اطباء، حکماء اور ڈاکٹروں کی سمجھ میں نہ آئے تو بعد از نماز مغرب اس مریض کے موافق (یعنی مریض کے نام کے اعداد کے مطابق) اسم مبارک یااللہ کو لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ انشاء اللہ جل شانہٗ بیمار کی کیفیت سوتے وقت معلوم ہو جائے گی۔ بعد نماز اشراق ایک ہزار مرتبہ یااللہ پڑھ کر آنکھوں پر پھونکنے سے تا زندگی بصارت کم نہ ہوگی۔ انشاء اللہ عزوجل۔ (پ۔پ)

اب کوئی آپ سے کبھی ناراض نہ ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی عطا فرمائے اور آپ کے فیض سے سب کو مستفید فرمائے۔ آپ کا حکم ہے کہ اپنے تجربات، مشاہدات لکھیں تاکہ لاکھوں کا فائدہ اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں۔ اسی سوچ کو سامنے رکھتے ہوئے میں اپنا ایک تجربہ لکھ رہا ہوں۔ میاں بیوی یا کوئی بھی ناراض ہو جیسے ماں، باپ، بہن، بھائی، ساس، بہو، دوست احباب سب کیلئے نہایت ہی آزمودہ، تجربہ شدہ کامیاب، دم تعویذ اور وظیفہ جو کبھی بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خطاء نہیں ہوا۔ اگر دو گروہوں میں راضی نامہ کروانا ہو تو نیت میں اخلاص پیدا کر کے اول آخر اکیس مرتبہ درود شریف اور اکیس مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھیں اور صلح کی کوشش کریں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ میاں بیوی میں اگر ناراضگی ہے۔ بیوی یا میاں ایک دوسرے سے علیحدہ رہتے ہوں تو اس کا تعویذ لکھ کر کسی بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں خیال رہے جگہ پاک ہونی چاہیے۔ اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے یَا وَدُوْدُ یَا قَرِیْبُ یَا جَامِعُ اپنے نام کے اعداد کے مطابق تصور قائم کر کے صبح و شام پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ اس وظیفہ کو چینی یا کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر دیں اور اس سب کو کھلائیں۔ گھر والے محبت کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یَابُدُّوْحُ یَابُدُّوْحُ یَابُدُّوْحُ اَلِّفْ بَیْنَ الزَّوْجِ وَالزَّوْجِ (یہاں جن میں الفت محبت کروانی ہے ان کا اور والدہ کا نام لے اگر تعویذ لکھنا تو دونوں کا بحق الْقَلَمِ وَاللَّوْحِ اور والدہ کا نام لکھیں) وَ اٰدَمَ وَحَوَّآءَ وَنُوْحٍ (محمد سلیمان قاسم، جہلم)

(بقیہ: قاتلانِ امام حسین رضی اللہ عنہ کا بھیانک انجام)

محبت کرے اس کو بھی اپنا محبوب بنا لیجئے۔ (ترمذی) دعائیہ کلمات صحیح سندوں سے حدیث کی متعدد کتابوں میں مروی ہیں اور اس میں کیا شک ہے کہ آپ ﷺ کے دونوں نواسے اللہ کے بھی محبوب اور اللہ کے رسول ﷺ کے بھی محبوب اور ان دونوں سے محبت رکھنے والے بھی اللہ اور اس کے رسول کے محبوب ہیں، ایک بار ایسا ہوا کہ آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، دونوں نواسے تشریف لے آئے آپ ﷺ نے خطبہ روک کر ان دونوں کو اٹھا لیا اور اپنے پاس بٹھایا پھر باقی خطبہ پورا کیا۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت یعلیٰ بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حسین میرے ہیں اور میں حسین کا، جو حسین سے محبت کرے اللہ اس سے محبت کرے، حسین میرے ایک نواسے ہیں۔ (جامع ترمذی) حسین منی انا من حسین کے کلمات انتہائی محبت، اپنائیت اور قلبی تعلق کے اظہار کیلئے ہیں، اس کے بعد وہی دعائیہ کلمات ہیں جن کے متعلق عرض کیا گیا ہے الفاظ متعدد روایات میں مذکور ہیں، اس مضمون کی کئی روایات امام ترمذی نے مناقب الحسن والحسین رضی اللہ عنہم کے عنوان کے تحت ذکر کی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی والدہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو سیدۃ نساء اہل الجنۃ (جامع ترمذی) اور دونوں بھائیوں رضوان اللہ علیہم اجمعین کو سید اشباب اہل الجنۃ (جامع ترمذی) فرمایا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین خصوصاً حضرات شیخین (حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما) کا معاملہ بھی آپ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ بہت ہی لطف و کرم کا رہا، ابھی حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے بچپن ہی کا زمانہ تھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو گود میں اٹھا لیا تھا بلکہ بعض روایات میں تو کندھے مبارک پر بٹھانے کا ذکر ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت میں دونوں بھائیوں کا وظیفہ اہل بدر کے وظائف کے بقدر یعنی پانچ پانچ ہزار درہم مقرر کیا اور اس کی وجہ رسول اللہ ﷺ کی قرابت بیان کی، حالانکہ حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کے آخر میں بالکل نوجوان ہی تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت کا واقعہ ہے کہ وہ مسجد نبوی ﷺ میں رسول اللہ ﷺ کے منبر پر کھڑے خطبہ دے رہے تھے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے فرمایا: میرے باپ (نانا جان) کے منبر سے اترو اور اپنے والد کے منبر پر جا کر خطبہ دو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے باپ کا تو کوئی منبر نہیں ہے یہ فرمایا اور آپ رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس منبر پر بٹھایا اور بہت اکرام و لطف و محبت کا معاملہ فرمایا۔ آپ رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں یمن سے کچھ حلے (چادروں کے جوڑے) آئے، آپ رضی اللہ عنہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے درمیان میں تقسیم کر دیے اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کیلئے ان سے بہتر حلے منگوائے اور حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دیے اور فرمایا اب میرا دل خوش ہوا ہے۔ (سیر اعلام النبلاء)۔ حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اگرچہ کثیر الروایت نہیں لیکن پھر بھی براہ راست رسول اللہ ﷺ اور اپنے والدین سے احادیث رسول اللہ ﷺ نقل کرتے ہیں۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ بہت ہی عبادت گزار تھے، آپ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بار بار مدینہ سے پیدل سفر کر کے حج کئے ہیں۔ اللہ کے راستے میں کثرت سے مال خرچ کرتے تھے، جود و سخا، ماں باپ اور نانا جان سے وراثت میں ملی تھی۔ رضی اللہ عنہما وارضاھما"۔ (بشکریہ ختم نبوۃ)

(بقیہ: مراقبہ سے فیض پانے والے)

سی ایسی بیماریاں تھیں جن کی وجہ سے میں بہت پریشان تھیں، مگر مراقبہ کرنے کے بعد اللہ نے مجھ پر خاص کرم کیا اور میری تمام ادویات چھوٹ چکی ہیں۔ گھر میں کوئی بھی چھوٹا یا بڑا مسئلہ ہو ہم مراقبہ سے ہی اس کا حل تلاش کرتے ہیں۔ بعض دفعہ مراقبہ کے دوران مجھے اس کا حل تفصیل سے دکھا دیا جاتا ہے۔ ایک دو ماہ میں کچھ مصروفیات کی وجہ سے مراقبہ نہ کر سکی تو ایک رات عشاء کی نماز پڑھ کر سوئی تو مجھے ایک بزرگ نے آکر مراقبہ کرنے کی تلقین کی اس دن کے بعد سے آج تک میں مراقبہ کیے بنا نہیں سوئی۔ (پوشیدہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

آپ کا سوال۔۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

آسیہ تنویر' فیصل آباد۔ روزینہ' پشاور۔ بی بی جویریہ' حضرو۔ محمد مشتاق' ہری پور۔ سونیا نعیم' جامشورو۔ محمد انور' ڈیرہ غازیخان۔ فہمید حسین' ڈیرہ غازیخان۔ ت۔ خانم' کراچی۔ رشیدہ بی بی' وہاڑی۔ ریحانہ کوثر' گجرات۔ مصباح عائشہ' چک علی شاہ۔ محمد ندیم' کراچی۔ نادیہ اعجاز' دومیل۔ مصباح تحسین' راولپنڈی۔ بشریٰ تبسم' راولپنڈی۔ گلفام حسین' چشتیاں۔ تحسین فاطمہ' کراچی۔ جاوید علی' ٹنڈو الہ یار۔ صائمہ کوثر' اٹک۔ سید وقار حسین' مانسہرہ۔ سید آصف نور شاہ' راولپنڈی۔ بشیر احمد' کراچی۔ محمد یاسین' رسالپور۔ روبینہ یاسمین' ملتان۔ حنا' کوٹ ادو۔ محمد وقار نسیم' کراچی۔ محمد ندیم خان' راولپنڈی۔ اقصیٰ ممتاز' صادق آباد۔ اشفاق احمد' پشاور۔ صبا نسیم' کراچی۔ فائزہ ریاض' کرک۔ وقاص بشیر' فقیر تحت۔ سعیدہ بی بی۔ فرزانہ پروین' اسلام آباد۔ صائمہ تبسم' سرگودھا۔ محمد حمزہ منیر' رحیم یار خان۔ حافظ غلام مرتضیٰ' کمالیہ۔ نصرت فاطمہ' ایبٹ آباد۔ بشریٰ فاطمہ' سرگودھا۔ ظہور احمد' راولپنڈی۔ عصمت اللہ' سیالکوٹ۔ ریحانہ' شیخوپورہ۔ بلقیس' ایبٹ آباد۔ شبیہ الحسن' کراچی۔ آسیہ' ڈیرہ غازیخان۔ رضیہ سلطانہ' گوجرانوالہ۔ محمد شریف' نکودری۔ غزالہ قادر' پنڈ سلطان۔ نبیلہ تبسم' حضرو۔ سدرہ محمود' فیصل آباد۔ میمونہ بی بی' ملتان۔ ممتاز کوثر' فیصل آباد۔ اسرام الحق' فیصل آباد۔ حسینہ کوثر' کچا کھوہ۔ سید ناصر علی شاہ' ایبٹ آباد۔ شازیہ بشیر' گجرات۔ ثانیہ زیب' مانسہرہ۔ ستار احمد' کھلابٹ۔ روبینہ' سرگودھا۔ پوشیدہ' گوجرانوالہ۔ محمد اسرار' کلر کہار۔ زمرود بیگم' کراچی۔ رفعت' کینیڈا۔ محمد ایان عمر' سیالکوٹ۔ عبدالغفور' بھیکی۔ جمیل احمد' بھیکی۔ محمد کامران' جہلم۔ عظمیٰ کنزہ' مصباح' مانسہرہ۔ نزہت پروین' لاہور۔ ناصر عباس' جھنگ۔ ایم مصطفیٰ عباسی' راولپنڈی۔ بی بی عابد ماہ جبین' چمن۔ بلقیس بیگم' کراچی۔ محمد اشرف خان' پشاور۔ شازیہ بتول' گجرات۔ روبینہ' سیالکوٹ۔ صادق علی' ملتان۔ اصغر علی صدیقی' فیصل آباد۔ مسز انیس جبین' کوٹ رادھا کشن۔ عالیہ خان' کراچی۔ قرۃ العین' کراچی۔ عدینہ' ملتان۔ شمع گیلانی' بھمبر۔ رضیہ سلطانہ' چکوال۔ فرحت' پشاور۔ غلام نبی بھٹہ۔ سکندر مہران' خیر پور۔ محمد حسنین لیاقت پور۔ زرقا بانو' پلندری۔ رقیہ خانم' پلندری۔ ناصرہ پروین' راولپنڈی۔ رمیسا گل' ساہیوال۔ فرخ ناز حسین' ساہیوال۔ رضیہ' سرگودھا۔ راشد حنیف' جلوموڑ۔ عمران رشید' منڈی بہاؤالدین۔ احمد وسیم چوہدری' راولپنڈی۔ ملک محمد وحید' ہری پور کھلابٹ۔ قیصر محمود بھٹی' لاہور۔ نعیم اختر' کوہاٹ۔ چمن فاطمہ' حیدرآباد۔ مہوش سرور' لاہور۔ محمد ارشد' صادق آباد۔ نگہت تصدق' حیدرآباد۔ نذیر محمد' میرپور خاص۔ عزیزہ بیگم' ملتان۔ وقار احمد خان' مانسہرہ۔ راشدہ' ڈی جی خان۔ عائشہ طاہر' فیصل آباد۔ محمد اسلام' کراچی۔ سید عثمان حسین' حیدرآباد۔ مسز اسرار' کے پی کے۔ شازیہ' سرگودھا۔ فائزہ' شیخوپورہ۔ غ۔ ش۔ حافظ محمد مدثر' اٹک۔ فرحت' آزاد اٹک۔ ثریا بی بی' چپ ساندی۔ سیدہ فرح مقصود' ٹبہ سلطان۔ سید نجم الحسن' حیدرآباد۔ شمروز' اٹک حضرو۔ لبنیٰ ضیغم' لاہور۔ شفیق' کراچی۔ سدرہ سحر' لاہور۔ مہوش ستار' کراچی۔ عروج جمال' لاہور۔ روما ستار' کراچی۔ ن۔ ر' راولپنڈی۔ سلمیٰ شاہین' گوجر خان۔ محمد بشیر شہزاد' میرپور آزاد کشمیر۔ محمد ارشد اختر' سرگودھا۔ عشرت بانو' اسلام آباد۔ فاطمہ ماجد' فیصل آباد۔ عائشہ سعید' ملتان۔ محمد مسکین' واہ کینٹ۔ سید بلال عالم رضوی' لاہور۔ محمد محفوظ الحق طیب' تحصیل فتح جنگ۔ خالدہ شاہین' پنڈی بھٹیاں۔ زرین تاج' چنیوٹ۔ روبینہ بابر' میاں چنوں۔ اللہ پاک کی بندی' لاہور۔ حاجی محمد حماد حسن' گروڑ۔ روبینہ مشتاق' عابد رشید' فیصل آباد۔ زاہد اقبال' ڈھوک لاہم۔ عصمت فاطمہ' فتح آباد۔ ثمینہ بی بی' مانسہرہ۔ ماسٹر نذیر احمد' لیہ۔ سراج الدین' کراچی۔ سیدہ سعدیہ رضا' جڑانوالہ۔ امامہ کوثر' سرگودھا۔ عمارہ سہیل' سرگودھا۔ عروج فاطمہ' لاہور۔ سید ابرار حسین بخاری' ٹبہ سلطان پور۔ عبدالوحید' کنڈیارو۔ نائلہ ناصر' ملتان۔ حفصہ' اٹک۔ نصرت تاولہ' جنڈ۔ غلام مرتضیٰ' خان پور۔ محمد ابوبکر' جھنگ صدر۔ وقار احمد یوسف۔ رشیدہ بیگم' کراچی۔ ارشد محمود' لالہ موسیٰ۔ شیریں' گوجرانوالہ۔ حمیرا کنول' راجن پور۔ شاہدہ پروین' لاہور۔ محمد عمر چوہدری' عارف والا۔ عدیلہ ادریس' ساہیوال۔ محمد عثمان' گوجرانوالہ۔ ریحانہ کوثر' لاہور۔ مریم شاہین' اڈرانہ۔ محمد رمان قریشی' ٹھٹھہ۔ ساجد لطیف' لاہور۔ نسرین اختر' نارووال۔ حافظ حسین صدیق' کراچی۔ صائمہ' کھگر۔ شہر بانو' کھاریاں۔ ماریہ محبوب' کہروڑ پکا۔ صائمہ سلیم' جہلم۔ خالدہ مہمان' اسلام آباد۔ گل' اوکاڑہ۔ لیاقت علی خان' ڈھورا پٹھان۔ عرفان شبیر' عمرکوٹ۔ مرزا سعید فاروق' پیرس۔ ثاقب علی' آزاد کشمیر۔ ماریہ خان' آزاد کشمیر۔ شائقہ' پتوکی۔ عاطف نسیم' پتوکی۔ پرویز بٹ' پتوکی۔ سراج حسین' مردان۔ سیدہ ماریہ عزیز' تاجکوٹ۔ فائزہ فاطمہ' کراچی۔ شمائلہ ساجد' صادق آباد۔ فرح حنیف' گجرات۔ اسماء پروین' جھنگ۔ نسرین رشید' کھوکی رٹ۔ نعیم کوثر' سیالکوٹ۔ عظمیٰ یونس' سیالکوٹ۔ ریحانہ کوثر' گجرات۔ شیر افضل' خوشاب۔ عائشہ ہارون' لاہور۔ شہناز فاطمہ' لاہور۔ روزینہ تبسم' اسلام آباد۔ سعدیہ' فیروز باغ۔ عبدالرشید' باغ۔ ثوبیہ عالمگیر' لاہور۔ سونیا' لاہور۔ نگہت پروین' کالا گجراں۔ ڈاکٹر فضل مالک عادل' اسلام آباد۔ ثوبیہ' کراچی۔ حسن رشید' کراچی۔ امداد حسین' پشاور۔ مصباح کوثر' چشتیاں۔ محمد اقبال خان' تکونڈی ملک۔ محمد عمران' ملتان۔ طیبہ شریف' کراچی۔ محمد شعیب خان' کمر مشانی' میانوالی۔ زاہدہ پروین' سوہا غربی۔ منیر حسین' کوہاٹ۔ محمد ایوب' رحیم یار خان۔ حبیب اللہ' سرگودھا۔ صبا نورین' رحیم یار خان۔ محمد معظم فاروق' جھنگ۔ محمد عتیق الرحمٰن' کراچی۔ محمود الٰہی' راولپنڈی۔ ناز النساء' راولپنڈی۔ ابوبکر اسحاق' جہلم۔ رحمت اللہ' کراچی۔ آصف' فیصل آباد۔ ہما نیاز' اوکاڑہ۔ رضوان احمد' چکوال۔ ریاست نیاز' اوکاڑہ۔ سہیل خان' اوکاڑہ۔ حاجی ظفر اقبال' دیپالپور۔ احمد رضا' ریناله خورد۔ امتیاز ملک' گوجر خان۔ حسنین بابر' لاہور۔ محمد اقبال خان' راولپنڈی۔ عاصمہ نعمان' لاہور۔ عبداللہ عاشق' بہاولنگر۔ ناہید اختر' بہاولنگر۔ محمد ناصر شہزاد' جام پور۔ چنگیز اختر' راولپنڈی۔ نسرین اختر' راولپنڈی۔ اسماء بانو' پشاور۔ نرگس' لاہور۔ سمیہ ارم' فیصل آباد۔ ثریا بی بی' فیصل آباد۔ اسماء افتخار' کھاریاں۔ انصر نوید' سعودی عرب۔ محمد ایوب' لکی مروت۔ مہر النساء' گجرات۔ محمودہ' ملتان۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

قسط نمبر 5

گندم کو سارا سال محفوظ بنانے کا آزمودہ عمل

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا یہ مضمون کسان کے مسائل کے حوالے سے ضرور لگایئے گا۔ ہمارے ہاں دیہات میں سال بھر کی گندم سٹور کر لی جاتی ہے۔ ان کو لوہے یا مٹی کے بڑے بڑے ڈرموں (بھڑولے) میں ڈالا جاتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر نیچے ایک ڈھکن لگا ہوتا ہے وہاں سے گندم نکالی جاتی ہے۔ مذکورہ بالا ڈرم گاؤں کے تقریباً ہر گھر میں موجود ہوتا ہے۔ میرے گھر میں بھی موجود ہے۔ میں نے گھر کیلئے چھ من گندم رکھی۔ سب سے پہلے میں نے ڈرم کو صاف کیا پھر اس میں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا اور 313 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر ڈرم پر دم کردیا اور پھر اس میں چھ من گندم ڈال دی۔ پھر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا اور 313 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر ڈھکن بند کردیا پھر جب بھی آٹے کی ضرورت پڑی نیچے والے ڈھکن سے تین، تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا اور 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر ڈھکن کو بند کردیا۔ جو گندم نکالی اس کو قریبی چکی سے پسوا کر تقریباً تین ماہ تک کھاتے رہے۔ اسی دوران سیلاب بھی آ گیا' سیلاب کے دوران علاقے کے دوست احباب کو جن کا کچھ بھی نہ بچا ان کو بھی درج بالا عمل کرکے گندم دیتے رہے۔ محترم قارئین! یہ عمل عبقری میں چھپا تھا اور کیا لاجواب فائدہ ملا۔ تقریباً وہ چھ من گندم دو سال تک ہم استعمال کرتے رہے' پورے گاؤں میں بانٹنے کے باوجود گندم تھی کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔ جب میں نے دوبارہ اس میں گندم ڈالنے کیلئے اوپر کا ڈھکن کھولا تو ابھی بھی ڈرم میں گندم موجود تھی۔ گندم کو کیڑے مکوڑوں اور گھن سے بچانے کیلئے کسی قسم کی کوئی دوائی نہیں ڈالی دو سال تک گندم پڑی رہی' بارشیں ہوئیں سیلاب آیا مگر گندم بالکل تازہ رہی جیسے ابھی کاٹ چھانٹ کر ڈرم میں ڈالی ہے۔ کسان بھائیوں کیلئے لاجواب عمل ہے۔ ضرور کریں آپ اپنا اناج جب بھی محفوظ کریں اس عمل کو کرتے رہیں ان شاء اللہ آپ کے اناج میں برکت ہی برکت ہوگی اور کسی قسم کا کوئی نقصان نہ ہوگا۔ عبقری میں سے چنی چنائی باتیں زندگی کیلئے راہ ہدایت کا ذریعہ بن رہی ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب' عبقری کے تمام سٹاف کی محنت سے ایک ایسا شمارہ ہمیں ملتا ہے جس سے کئی لوگوں کی پریشانیاں دور ہو رہی ہیں ہر طبقے کو فائدہ مل رہا ہے' بے روزگار افراد کو روزگار مل رہا ہے اور اطمینان قلب بھی مل رہا ہے۔

مچھروں سے جان چھڑوانے کا آسان طریقہ

اجوائن دیسی، حرمل، گلاب کے خشک پھول، چائے کی پتی استعمال شدہ خشک۔ کوئلے کو اچھی طرح دہکا لیں اور اس کے اوپر درج بالا چیزیں ڈالتے جائیں اور کمرے میں دھونی دیتے جائیں۔ کمرہ بھی خوشبودار اور مچھروں سے پاک اور انتہائی کم خرچ بالانشین ہے۔ (محمد بلال یارو کھوسہ)

کھیت کھلیان کو چیونٹیوں سے پاک کرنے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ اگر آپ کے گھر میں چیونٹیوں کی بھرمار ہے یا آپ کسان ہیں اور آپ کے کھیت یا باغ میں چیونٹیوں نے اودھم مچا رکھا ہے تو ان کو روکنے کیلئے یہ مجرب عمل ہے۔ یہ آیت مبارکہ کاغذ پر لکھ کر ان کے بلوں (سوراخوں) کے قریب پاک جگہ پر رکھ دیں۔ سب چیونٹیاں سوراخ میں سے نکل کر چلی جائیں گی۔ وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔ يَآيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (النمل ۱۸) چیونٹیاں قرآنی آیات کا احترام کرتی ہیں۔ (ح، ع، م)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

(بقیہ: درس سے فیض پانے والے)

محبت چھا گئی ہے۔ اب میں صبح اٹھ کر گیارہ مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھ کر وہ تسبیحات جو آپ درس میں بتاتے رہتے ہیں وہ صبح و شام پڑھتی ہوں۔ شکر کی تسبیح اور مسنون دعاؤں کی تسبیح ضرور پڑھتی ہوں۔ سارا دن کلمہ پڑھتی رہتی ہوں وضو کی دعا اور وضو کے بعد پانی کے تین گھونٹ پیتی ہوں۔ کوشش کرتی ہوں ہر وقت باوضو رہوں۔ (بہن، قصور)

قسط نمبر 5

حکیم ضیاالرحمٰن ملتان

پیٹ بھرنے کا بنیادی میٹریل

بچپن میں ہم اپنے گھر کے بالکل قریب سارا دن ایک آواز سنتے تھے" ٹکے دی روٹی تے مفتی دال" یعنی دو پیسے کی روٹی اور دال مفت' ایسے ہی ٹکے کی روٹی کے ساتھ اوجھڑی کا سالن بھی مفت ملتا تھا۔ پھر بے برکتی آئی تو روٹی کی قیمت بڑھتی گئی اور دال مفت کا تصور ختم ہوتا گیا اور آج چھ روپے کی روٹی اس ٹکے کی روٹی کے برابر نہیں ہے۔ نہ وزن کے اعتبار سے نہ ہی شکل اور ذائقے کے اعتبار سے۔ وہ روٹی ایسے ہوتی جسے چکنی اور چوپڑی کہا جاسکتا ہے۔ آج کی گندم میں اپنا روغن نہیں ہے جسے جرم آئل یا روغن گندم کہا جاتا ہے ناپید ہوگیا ہے۔ اس کی وجہ؟ ایک تو گندم کا بیج پہلے والا نہیں رہا پھر مصنوعی کھاد اور سپرے نے مزید کام بگاڑ پیدا کیا جس کے نتیجے میں جو گندم موجود ہے اس میں روغن نہیں ہے جس سے بنی ہوئی روٹی میں لوچ نہیں ہے اکڑ جاتی ہے چبانے میں مشکل ہے۔ میرے گھر کیلئے گندم دریائے چناب کے کنارے ٹیوب ویل کے پانی سے تیار کی ہوئی آتی ہے اور گھر والوں کو کافی عرصے سے شکایت ہے کہ روٹی کھال کی طرح اکڑ جاتی ہے موٹے چھان سمیت آٹے کی روٹی پکانی مشکل ہوگئی ہے۔ پھر آٹا نسبتاً کم موٹا کرایا تب بھی شکایت رہی اور میں احباب کے ساتھ تو میں لگا رہا کہ اچھی روٹی کیسے تیار ہوسکتی ہے تو اب یہ سمجھ میں آیا کہ درمیانہ موٹا آٹا اور ہلکی آنچ پر روٹی پکے تو بہتر ہوگی کبھی اس آٹے میں دہی ملا کر گوندھا گیا کبھی گھی یا آئل ملا کر گوندھا گیا تب کہیں جا کر روٹی سنبھلی ہے جس روٹی کیلئے اتنی محنت کی جاتی ہے اس کا معیار اور مقدار دونوں کا حصول روز بہ روز مشکل ہوتا جارہا ہے۔ لندن گیا تو چچا نے کہا میں جانتا ہوں تم حکیم ہو۔ پھر بھی احتیاط رکھنا یعنی پیٹ نہ بھرنا اس پر عمل کے باوجود صرف ایک ماہ میں ہم پانچ افراد بالخصوص اتنے موٹے ہو چکے تھے کہ واپسی پر عمرہ کرنے میں سخت دشواری ہوئی۔ ملتان پہنچا تو لوگ پوچھتے آپ ضیا بھائی ہیں ناں!۔ لندن میں ایک مثال مشہور ہے کہ تین ناقص چیزیں دو تو میں ہی استعمال کرتی ہیں ایک سفید آٹا، دوسری سفید چینی، تیسری پچارو، یعنی یہ تینوں گھٹیا چیزیں شمار ہوتی ہیں۔ وہاں پورا معاشرہ گندم سے زیادہ جو، جوار، مکئی، باجرہ اور چنا بھرپور استعمال کرتا ہے وہاں طرح طرح کی ڈبل روٹی اور دہی دستیاب ہیں۔ چھتیس فٹ لمبی آنتوں کو صحت مند حرکات (دودیہ) کیلئے پھوک یعنی فائبر چاہیے جو آنتوں کو گدگدائے۔ آٹے کے چھان میں پائے جانے والے وٹامنز اور منرلز (باقی صفحہ نمبر 27 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com

لاعلاج پراسٹیٹ گلینڈ صرف تین دن میں ختم

الٹرا ساؤنڈ ہوا تو معلوم ہوا کہ میرے دونوں گردوں میں پانچ ایم ایم کی ایک پتھری ہے۔ ڈاکٹر سے مشورہ کیا کہ اس کا علاج؟ انہوں نے کہا فوری آپریشن ہے۔ میں نے دوسرا علاج پوچھا تو انہوں نے کہا کہ دوائی کھائیں آہستہ آہستہ تکلیف ختم ہو جائے گی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے فروری 2014ء میں پیشاب کی تکلیف ہوئی' جس میں پیشاب رک رک کر آتا' شدید جلن اور درد سے آتا کہ الامان الامان۔ مریض کو ایسے محسوس ہوتا کہ پیشاب آرہا ہے لیکن آتا نہیں۔ جونہی لیٹرین سے باہر قدم رکھتا' پیشاب کھل کر آنے لگتا۔ اس بیماری کو مثانہ کی غدود کا ورم یا پھول جانا یا انگریزی میں پراسٹیٹ گلینڈز کہتے ہیں۔ یہ بیماری عام طور پر پچاس سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کو ہوتی ہے۔ جن لوگوں کو اس بیماری سے واسطہ پڑا ہو وہ بہتر طریقہ سے جانتے ہیں جب جلن اور درد ہوتی ہے اور پیشاب بھی نہیں آتا تو انسان بے اختیار دیواروں سے سر ٹکرانے پر مجبور ہو جاتا ہے میں نے ڈاکٹر سے رجوع کیا تو انہوں نے فوراً الٹرا ساؤنڈ کرانے کا کہا۔ الٹرا ساؤنڈ ہوا تو معلوم ہوا کہ میرے دونوں گردوں میں پانچ ایم ایم کی ایک پتھری ہے۔ ڈاکٹر سے مشورہ کیا کہ اس کا علاج' انہوں نے کہا فوری آپریشن ہے۔ میں نے دوسرا علاج پوچھا تو انہوں نے کہا کہ دوائی کھائیں آہستہ آہستہ تکلیف ختم ہو جائے گی۔ تکلیف سے فوری بچنے کیلئے آپ پیشاب کی نالی میں ربڑ کی نالی لگوالیں چنانچہ ربڑ کی نالی لگوائی جس سے پیشاب کے اخراج میں تکلیف سے چھٹکارا مل گیا لیکن ربڑ کی نالی پندرہ دن کے بعد تبدیل کرانا پڑتی ہے کیونکہ اس سے کوئی اور بیماری لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ مجھے چونکہ حکمت سے رغبت ہے اور بے شمار کتب میرے پاس ہیں انہی میں سے ایک کتاب ''قانون شفاء'' ہے اللہ تعالیٰ مجھے اس میں سے شفاء دینی تھی۔ اس کے صفحہ نمبر 96 پر پراسٹیٹ گلینڈز کا ذکر ہے اور دوائی استعمال کی۔ پتھری کی دوائی صرف تین دن۔ ایک پڑیا دوائی کی سیون اپ کی ایک لیٹر بوتل سے روزانہ لینی تھی۔ دوسری دوائی پورا مہینہ استعمال کرنے کے بعد الٹرا ساؤنڈ کروایا تو معلوم ہوا کہ پراسٹیٹ گلینڈ بالکل نارمل حالت میں ہیں تاہم حفظ ماتقدم تیسرے ماہ بھی دوائی استعمال کی۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ دوبارہ تکلیف نہیں ہوئی۔ میں یہ تو بتانا بھول گیا کہ ربڑ کی نالی میں نے دس دن کے بعد ہی نکلوا دی تاکہ معلوم ہو کہ دوائی کا اثر کتنا ہوا ہے۔ تاہم اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے رات پر سکون گزری۔ جو نسخہ جات استعمال کیے وہ حسب ذیل ہیں۔ یہ نسخہ جات ایک ایک ماہ کی خوراک ہیں۔ **نسخہ نمبر1:** سنڈھ۔ کالی مرچ۔ نوشادر ہر ایک پندرہ گرام۔ سناء کی پینتالیس گرام پیس کر سفوف بنا کر چمچ چائے والا ایک چوتھائی یا ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ تازہ پانی۔ **نسخہ نمبر2:** حجر الیہود۔ نوشادر۔ چھوٹی الائچی۔ کہربا شمعی ہر ایک دس گرام۔ چینی چالیس گرام پیس کر سفوف بنا کر چمچ چائے والا کا ایک چوتھائی یا ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ تازہ پانی سے۔ **نسخہ نمبر3:** قلمی شورہ' کاسنی' جوکھار' صندل سفید ہر ایک پندرہ گرام۔ گل سرخ 45 گرام پیس کر سفوف بنا کر چمچ چائے کا ایک چوتھائی یا ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ تازہ پانی سے۔ **نسخہ نمبر4:** سر پھوکا' گل منڈی' ریوند چینی ہر ایک چار سو گرام لے لیں۔ گھر لا کر ہر ایک چھ' چھ گرام لے کر اس کی ایک پڑیا بنا لیں۔ ایک پڑیا صبح ایک گلاس پانی میں ڈبو دیں۔ رات کو سوتے وقت ابال کر ٹھنڈا کرکے چھان کر پی لیں۔ اسی طرح عصر اور مغرب کے درمیان ایک پڑیا گلاس میں ڈبو دیں اور صبح نہار منہ ابال کر ٹھنڈا کرکے چھان کر پی لیں۔ (ر۔ش)

چھپاکی سے ستائے افراد کیلئے فوری اور سستا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ فرماتے ہیں اپنے آزمائے ٹوٹکے مریضانہ کیفیات، لوگوں سے ملے ہوئے حال مجھے لکھ کر بھیجیں۔ سو میں آج لکھ رہا ہوں۔ مزید آپ اصلاح فرمادیں۔ عبقری کی سابقہ فائلیں جو کہ اس وقت میرے پاس موجود ہیں۔ میں انہیں دن میں کئی بار پڑھتا ہوں۔ عبقری سے محبت کی وجہ سے اپنا ایک چھوٹا سا مطب بن گیا اور پورے قصبے میں حکیم مشہور ہو گیا ہوں۔ اپنی زندگی کا ایک عجیب واقعہ جو میں بیان کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ ہم دیہات میں رہتے ہیں' میرا گھر الحمدللہ سوا دو مرلے کا ہے مگر مجھے جب سے عبقری ملا ہے اس سوا دو مرلے میں اتنی آسودگی ملی ہے' اتنا سکون ملا ہے جس کی جتنی تعریف اور اللہ کا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ میرے گھر میں گرمیوں کے سیزن میں کمرے میں مچھروں کی بہتات ہوتی ہے۔ عبقری میرا استاد ہے۔ عبقری سے دل کا سکون ملتا ہے اور روزگار بھی عبقری میں لکھے کم خرچ نسخے بنا بنا کر لوگوں کو دیتا ہوں کہ میں سبب ہوں' میں ضرورت ہوں۔ شفاء تو اللہ تعالیٰ دیتا ہے۔ کچھ ایسا ہی حال میرے ساتھ ہوا کہ میرے وجود پر چھپاکی ظاہر ہوگئی۔ دن بھر خارش رہتی تھی۔ ڈاکٹری علاج کرانے گیا تو ڈاکٹر نے طعنے دیئے کہا کہ کیسے حکیم ہو آپ کو خارش ہے؟ آپ مریضوں کا علاج کیسے کرتے ہو؟ تین دن کی دوائی لی' مگر خارش وہیں کی وہیں۔ ایک دن عبقری کی فائل نمبر ایک شمارہ 2007ء صفحہ نمبر 5 پڑھا' مکمل پڑھنے کے بعد میرے پاس تقریباً 120 روپے تھے۔ میں نے بازار کا رخ کیا' بازار میں کریلے کا ریٹ پوچھا تو اس وقت اسی روپے کلو تھا' خرید لیے۔ گھر آ کر کریلوں کے چھلکے اتار کر ہاون دستے میں کوٹ لیے' پھر کپڑے کی مدد سے اس پانی کو پورے جسم پر ملتا رہا۔ مجھے بے حد ٹھنڈک محسوس ہوئی جب میں فارغ ہوا تو جسم بہت زیادہ نارمل ہو چکا تھا۔ میں اس پانی سے تین دن تک پورے جسم کی مالش کرتا رہا صرف تین دنوں میں پورے جسم سے چھپاکی وجود سے ختم ہوگئی۔ اس سے اگلے دن ڈاکٹر کے پاس گیا تو اس نے گپ شپ کے انداز میں کہا کہ بھائی بہت برا مرض ہے جس کو لگتا ہے اسے چھوڑتا نہیں' اس نے حافظ گل کا نام بتایا کہ اس آدمی کو بھی چھپاکی ہے وہ مجھ سے ہر دوسرے دن دوائی لیتا ہے۔ جب میں نے اسے بتایا کہ مجھے یہ بیماری کریلوں کے چھلکوں کے پانی سے ختم ہوگئی تو وہ یکدم چونک اٹھا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ میں نے اس سے کہا کہ میں آج ہی حافظ گل محمد کو بتاتا ہوں۔ پھر میں نے اسے یقین دلانے کیلئے اپنی قمیص اتاری' اسے دکھایا وہ بہت زیادہ حیران ہوا۔ میں نے حافظ گل محمد کو بتایا تو اس نے بازار سے دو کلو کریلے خریدے اور گھر کی راہ لی۔ اس نے پانی سے جسم کی مالش کی اور اسے بیس فیصد فائدہ ملا۔ پانچ دن کے بعد ملا۔ ماتھا چوما اور کہا کہ ڈاکٹر صاحب تو میرا خون چوس لیتا تھا ہر دوسرے روز میرے تین سو روپے لگتے تھے' میں تو کریلے لگا بھی رہا اور چھلکے اترے کریلے پکا کر کھا بھی رہا ہوں جس کے کھانے سے میری شوگر بھی نارمل ہوگئی ہے۔ (م۔پ۔ی)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

سے پہلے میں زندگی سے بیزار تھا حالانکہ مالک دو جہاں نے مجھے بہت سی صلاحیتوں سے نوازا ہے' چھوٹی سی عمر میں کئی سپارے حفظ کر چکا تھا اس کے علاوہ بہت سے ہنر میرے ہاتھ میں ہیں۔ جب بڑا ہوا تو بری سوسائٹی اور غلط دوستوں کی وجہ سے ان گنت مسائل میں دب کر رہ گیا۔ ساتھ ہی بدن صحت بھی جواب دیتی جارہی تھی انتہائی کوشش کے باوجود صبح نماز کیلئے اٹھ نہیں پاتا تھا۔ پھر مجھے ایک بک سٹال سے عبقری ملا عبقری سے مجھے روحانی محفل کا عمل ملا اس عمل نے مجھے نئی زندگی سے نوازا دیا۔ میں ہر ماہ کی روحانی محفل اپنے گھر پر کرتا ہوں۔ الحمدللہ اللہ نے تمام پریشانیوں سے نکال دیا ہے' رزق کی پریشانیاں' گھریلو الجھنیں' صحت کے مسائل سب ختم ہوتے جارہے ہیں۔ [illegible] سکون ہوتا ہوں اور صبح سکون نماز کیلئے اٹھتا ہوں۔ میری دینی اور دنیاوی مشکلات اس محفل سے دور ہو گئیں۔ (مرتضیٰ چھکال)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

صحت کے چند اصول

آپ کا میرا یارانہ اور شناسائی گزشتہ اٹھارہ بیس سال سے ہے لیکن آج میں خالص صرف یہی جذبہ لے کر آیا ہوں کہ میں حکیم صاحب کے پاس جا کر ان کی صحت فلسفہ، تندرستی، اور راحت کا منشور اور ترتیب بتاؤں گا۔

میرے سامنے ایک صحت مند نہایت تندرست آدمی' چہرے پر سرخی' دانت مضبوط' ہاتھ گرفت اور جسم کا ہر عضو نہایت خوبصورت تومند اور تندرست، میرے ہاتھ کو جھٹک کر بولے: آپ بیمار نہیں ہوں گے' آپ سدا صحت مند رہیں گے' ان کی آواز تو بعد میں سمجھ آئی لیکن ان کے ہاتھ کی طاقت قوت اور جھٹکے کا انداز میرے کندھے کے ایک ایک جوڑ کو ہلا کر دردمند کر گیا اور احساس ہوا کہ یہ چالیس سالہ شخص واقعی اپنی صحت اور تندرستی کو بچا کر چل رہا ہے۔ میں نے سوالیہ انداز میں پوچھا آخر مجھے اپنی صحت اور تندرستی کو کیسے بچانا چاہیے؟ مجھے قہقہہ لگا کر کہنے لگے انجان نہ بنیں' آپ کے پاس سب معلومات ہیں لیکن آپ کے پاس ان کو اپنانے اور کرنے کا وقت نہیں' پھر اٹھے اور میرا گلا دبایا اور میری آنکھیں باہر آگئیں اور بمشکل میں نے اپنے آپ کو چھڑایا میری سانس بحال ہوئی اور کہنے لگے کہ اگر میرے ان اصولوں پر عمل نہ کیا تو میں تیرا گلا دبا دوں گا؟ ان کے لہجے کی اپنائیت' خلوص' طاقت' جسمانی قوت' ہاتھوں کی گرفت یہ ساری چیزیں میرے احساسات کو جھنجھوڑ رہی تھیں اور ایک تصور اور خیال دے رہی تھیں کہ مجھے کیا کرنا ہے؟ ان کی بات کو سنتا ہے' سمجھتا ہے یا اس بندے کو پرکھتا ہے۔

میں انہی خیالات میں کھویا ہوا تھا تو مجھ سے پوچھنے لگے آپ سوچتے ہوں گے میں چالیس پینتالیس سال کا ہوں' میں یکا یک چونک پڑا میں نے کہا بالکل ایسے ہی۔ کہا اس وقت میں پینسٹھ سال سے نکل گیا ہوں، چھیاسٹھ میں میرا قدم چل رہا ہے۔ وہ مخلصانہ اور نہایت کھلے اور سادہ انداز سے مجھ سے باتیں کر رہے تھے ان کے ہر ہر بول میں درد، ہمدردی، تجربہ، کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ آخر میں نے اپنے آپ کو ان سے چھڑواتے ہوئے کہہ ہی ڈالا اچھا اچھا آپ بتائیے کہ آپ مجھ سے کیا کرانا چاہتے ہیں۔ کہنے لگے دیکھیں! میں بہت دور سے آپ سے ملاقات کرنے آیا ہوں

یاد رکھیں گڑ اور کشمش اور انجیر جتنا ڈارک براؤن ہوں گے یعنی جتنے میلے ہوں گے اتنا ان میں صحت تندرستی اور کیمیکل کا ملاپ نہیں ہوگا ورنہ یہ گندھک کے تیزاب سے دھلے ہوئے بظاہر خوبصورت اندر زہری زہر بس ان تینوں چیزوں کو کوتا نہیں اکٹھا رکھیں۔

توسنیئں: سب سے پہلا کام تو آپ نے یہ کرنا ہے کہ بغیر ہڈی کے گوشت کبھی نہیں کھانا، ہڈی والا گوشت اور بہت تسلی سے اور ہمیشہ ہڈی کو چبانا ہے اور اس کے رس چوستے ہیں' اور باقی پھینک دیں۔ لیکن گوشت زیادہ بھی نہ کھائیں' آپ دراصل ہڈی پھینک کر اور اس کا رس نہ لے کر اپنے جوڑوں کو کھوکھلا کر رہے ہیں جو کچھ ہڈیوں میں ہوتا ہے وہی ہمیں جوڑوں کیلئے مطلوب ہے اور ہمارے جسم کے ایک ایک انگ کیلئے نہایت ضروری ہے۔ جو لوگ اٹھتے بیٹھتے جوڑوں کے درد، یا ان کی آوازیں، پٹھوں کا کھچاؤ، پنڈلیوں کی ٹیسیں اور تناؤ کی شکایت کرتے ہیں وہ ہمیشہ ہڈیاں چبائیں اور تسلی سے چبائیں۔ میری انگلی پکڑ کر کھینچی تو میرا پورا ہاتھ کھنچتا چلا گیا اور بولے کبھی بھی پندرہ منٹ سے کم نہ نہائیں' جسم کے ایک ایک حصے کو تسلی سے جسم کے مساموں میں پانی داخل کریں اتنا کہ طبیعت پانی سے لبریز ہو جائے اور آپ کا من جی اور تن یہ کہہ اٹھے کہ ہاں میری صرف کھال گیلی نہیں ہوئی بلکہ جسم کے اندر تک پانی کی نمی پہنچی ہے اور پھر اپنی بات پر زور دیتے ہوئے اگلی نصیحت کی کہ اس کے بعد تلوں کا تیل یا زیتون یا سرسوں یا بادام روغن سے اپنے جسم کے ایک ایک حصے کی مالش کریں یعنی دونوں ہتھیلیوں پر ہلکا سا تیل لگائیں پھر سر پر لگائیں' کانوں اور کنپٹیوں پر خوب مالش کریں' پھر ہتھیلیوں پر تیل لگائیں چہرے، گالوں پر، گردن پر، ڈاڑھی پر خوب گھما گھما کر مالش کریں۔ اس طرح پورے جسم اور آخر پاؤں کے انگوٹھے تک اور ہاں ایک بات بھول گیا مجھے جھنجھوڑ کر کہنے لگے کہ نہاتے ہوئے ہلکا سا صابن ناک کے اندر انگلی سے خوب ملیں یعنی دونوں نتھنوں میں اور ناک کو اچھی طرح دھوئیں چوبیس گھنٹوں کی آلودگی، جس نے آپ کی ناک کے ذریعے آپ کے تمام جسم کو متاثر کرنا تھا وہ سب دھل جائے گی اور پاکیزہ سانس آپ کے جسم کا حصہ بنے گی اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے پٹھے اور اعصاب مضبوط رہیں یادداشت کبھی کمزور نہ ہو نظر عقاب اور شاہین کی طرح ہو جو میلوں فضا سے زمین پر چلتے سانپ کو دیکھ کر وہیں سے جھپٹ کر فضا سے سانپ کو اٹھاتا ہے اور مزے لے لے کر اس کو نوچتا اور کھاتا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے گھٹنے سو سال تک ساتھ دیں اور کمر کبھی صبروں اور کبھی درد کے نام پر شکوہ نہ کرے بلکہ حافظہ، انوکھی یادداشت، جبڑے اور گردن کے پٹھے مضبوط' طبیعت میں ہر وقت چستی ایسی کہ مایوسی قریب نہ آئے تو پھر دیر کیسی جلدی کریں ایک پاؤ بادام کی گریاں لیکن ہاں برائیلر بادام نہیں لانا' میں حیرت سے اپنے محسن اور دلبر کو دیکھنے لگا کیا مطلب؟ اپنا مخصوص قہقہہ لگا کر کہنے لگے مقصد یہ ہے کہ آج کل امریکن بادام کے نام سے جو برائیلر بادام آئے ہوئے ہیں یہ نہیں چھوٹے بادام میٹھے مل جاتے ہیں وہ لیں اس برائیلر میں کچھ نہیں ہوتا۔ تو ہاں! ایک پاؤ بادام ایک چھٹانک سونف، آدھ پاؤ زرشک اور آدھ پاؤ کشمش اور کشمش بھی دھلی ہوئی بھی نہ لیں یہ ہمیشہ تیزاب سے دھوتے ہیں یاد رکھیں گڑ اور کشمش اور انجیر جتنا ڈارک براؤن ہوں گے یعنی جتنے میلے ہوں گے اتنا ان میں صحت تندرستی اور کیمیکل کا ملاپ نہیں ہوگا ورنہ یہ گندھک کے تیزاب سے دھلے ہوئے بظاہر خوبصورت اندر زہری زہر، بس ان تینوں چیزوں کو کوٹنا نہیں اکٹھا رکھیں۔ یہ چیزیں ہر وقت آپ کی جیب میں رہیں دن میں وقفے وقفے سے تھوڑی تھوڑی مقدار میں یہ چیزیں کھاتے رہیں اپنے جسم کو پہلے ان میووں کا ہلکا ہلکا عادی بنائیں پھر آہستہ آہستہ اس کی مقدار بڑھائیں۔ اور اگر مزید صحت و تندرستی چاہتے ہیں تو اس سارے مرکب میں صرف دس گرام کلونجی ملا لیں۔ آپ اس کو استعمال کرنا شروع کر دیں اور چند دنوں اور چند ہفتوں میں اپنے جسم صحت اور تندرستی کا کمال دیکھیں چاہے وہ شوگر کے مریض ہوں یا ہیپاٹائٹس کے وہ پٹھوں کے ہیں یا اعصابی اور قوت خاص کی کمزوری کے جسم میں کہیں بھی کمی محسوس ہو رہی ہو میووں کے اس مرکب کو زندگی کا ساتھی بنائیں بس ایک نادانی نہ کیجئے کہ لفظ "جلدی" قریب نہ آنے دیجئے کہ بس میں نے کھایا اور ہواؤں میں اڑنا شروع کیوں نہیں کیا۔ یہ ساری چیزیں کرتے ہوئے بس اس چیز کا خیال رکھیں آپ کی بھوک باقی رہے۔ بہت زیادہ پیٹ بھر کر نہ کھائیں اور اگر کھا بھی لیں ایک یا دو وقت کا فاقہ کریں صرف پانی پیتے رہیں۔ آپ کا جسم، آپ کی صحت، آپ کی تندرستی کیلئے آج کی ملاقات کیلئے آیا تھا۔ اس دوران کچھ مشروب اور کھانے کی چیزیں جب ان کے سامنے لائی گئیں تو قہقہہ لگایا اور میرے کندھے پر زور سے تھپڑ مار کر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے یہی اگر کھا لیا اور پی لیا اور میری فیس تو پھر مجھے مل گئی میں یہی فیس نہیں لینا چاہتا بس آخری چلتے چلتے ایک بات کہنا چاہتا ہوں خالص عرق گلاب اگر آپ صبح نہار منہ ایک یا آدھا کپ پی لیں تو پھر آپ کبھی شوگر' بلڈ پریشر اور بڑی بڑی لاعلاج بیماریاں اپنے قریب نہیں دیکھیں گے۔ سلام کیا، اور وہ ہمدرد چلا گیا اور میں سوچوں میں ڈوب گیا کہ میں یہ قیمتی موتی خود اپنے پاس سنبھال کر رکھوں یا اپنے لاکھوں پیار کرنے والوں کو دوں؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں' مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

کنارہ کشی: پہلے احساس نہیں تھا، اب پریشان ہوتا ہوں کہ میرے چہرے کے نقوش سے ظاہر ہوتا ہے کہ میں غصے میں ہوں یا ناراض ہوں۔ اجنبی لوگ اچھی رائے نہیں رکھتے۔ دل چاہتا ہے اتنی دولت آجائے کہ اپنا چہرہ خوبصورت کروالوں یا پھر لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کرلی جائے۔ (کاشف' لاہور)

جواب: مسکراہٹ خوبصورتی ہے اس حسن کیلئے دولت کی ضرورت نہیں، یہ بظاہر ایک لفظ ہے لیکن اسے اپنایا جائے تو اپنے اور زیادہ قریب آجاتے ہیں بلکہ اجنبی بھی اجنبی نہیں رہتے۔ اس سے صرف چہرہ ہی نہیں شخصیت اور زندگی بھی دلکش ہوجاتی ہے۔ جتنے، مسکرانے والے لوگ ڈپریشن سے محفوظ رہتے ہیں۔ آپ نے مسکرانا شروع کردیا تو کنارہ کشی اختیار کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

دوسری شادی: میرا بیٹا 5 سال کا تھا اس وقت شوہر نے طلاق دے دی وہ دوسری شادی کررہے تھے اور مجھے یہ بات برداشت نہ تھی اس بات کو 12 سال گزر گئے۔ والدین جنہوں نے مجھے سہارا دیا تھا، دنیا سے چلے گئے، مجبوراً نکاح کرنا پڑا، چند ماہ کا بیٹا میری ایک دوست کے گھر رہا، پھر ہم نے اسے بلالیا۔ وہ یہاں بہت اداس ہے، تعلیم بھی مکمل نہیں کرپایا۔ ہمارے گھر میں اس کو اجنبیت محسوس ہوتی ہے حالانکہ میرے شوہر اسے کچھ نہیں کہتے۔ نکاح کرنے کا مقصد یہ تھا کہ مجھے سہارا مل جائے اور بیٹا باپ کی کمی محسوس نہ کرے۔ (س۔ کوئٹہ)

جواب: ایک بچے نے جوانی تک اپنی ماں کی توجہ کا مرکز صرف خود کو دیکھا۔ وہ ماں کی محبت میں کسی اجنبی کی شرکت اس وقت تک برداشت نہیں کرسکتا جب تک اس کے جذبات اور احساسات کو تعمیری رخ نہ دے دیا جائے کیونکہ لڑکا اپنی عمر کے اس دور میں ہے جب جذبات سیلاب کی طرح امڈ آتے ہیں۔ اس دور میں بکھرے ہوئے والدین کے بچوں میں سرکش ہوجانے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ انہیں فرمانبرداری اور صالح بنانے کیلئے دین سے قریب کرنا سب سے کارآمد طریقہ ہے۔ اس کی تعلیم پر توجہ دیتے ہوئے ہاسٹل میں داخل کروایا جاسکتا ہے اس دوران آپ کی طرف سے فون پر رابطہ، اس سے ملنے جانا اور اس کی چھٹیوں میں گھر پر ساتھ رکھنا نہ صرف اداسی میں کمی کا سبب ہوگا بلکہ شخصیت میں بھی بہتری آئے گی۔

سب کو مایوس کیا: ہم 3 بہنیں اور ایک بھائی ہے، بھائی ابھی چھوٹا ہی تھا کہ والد کا انتقال ہوگیا۔ والدہ نے مجبوراً ملازمت کرلی، بھائی کو اچھے دوست نہیں ملے۔ ہمیں معلوم نہ ہوسکا وہ کس طرح نشے کا عادی ہوا، محلے کے ایک لڑکے نے بتایا کہ وہ چرس پیتا ہے، اس کے علاوہ اور بھی نشہ کرتا ہے۔ ہمیں تو ان چیزوں کے نام بھی نہیں معلوم، جس کا ایک ہی بھائی ہو اور جس ماں کا اکلوتا بیٹا ہو، وہ بھی بے حس ہوجائے تو کوئی کیا کرے۔ امی کہتی ہیں یہ بھی بیٹی ہی ہوتا اس نے سب کو بہت مایوس کیا۔ ہر نصیحت بے کار ثابت ہوتی ہے۔ (سائرہ' راولپنڈی)

جواب: یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ آپ کا بھائی کتنے عرصے سے نشہ کررہا ہے، ابتدائی سطح پر اگر اس رجحان پر قابو پالیا جائے تو نشہ ترک کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے لیکن اگر نشہ اپنا اس قدر عادی بنالے کہ ذہنی کیفیت بھی بگڑ جائے تو ایسے فرد کو کسی کلینک یا ادارے میں داخل کروانا بہتر ہوتا ہے جہاں فوری طور پر نشہ چھڑوایا جاتا ہو، دماغ سے نشے کا اثر دور کرنے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی تکلیفوں پر بھی قابو پانے کے بعد ہی کوئی نصیحت کارگر ہوتی ہے۔

ہر وقت کی ندامت: 3 سال پہلے میں نے ایک لڑکی سے بہت زیادہ محبت کی اور 7 ماہ تک ہمارا تعلق رہا۔ میں اس کیلئے سچا تھا اور وہ میرے لئے دیانتدار بھی۔ اپنے امتحانات کی وجہ سے اس نے کچھ دن مانگے، میں صبر نہ کرپایا اس کو اور اس کے گھر والوں کو ایسی باتیں کہہ ڈالیں جو بدنامی کا سبب بنیں، پھر اس نے مجھ سے رابطہ نہ کیا۔ ڈیڑھ سال ہوگیا میں اس کو ہر دن یاد کرتا ہوں، اپنے دل سے اس کی محبت ختم نہ کرپایا۔ اس دوران اس کو دو یا تین بار دیکھا بھی لیکن بات نہ ہوپائی۔ ہر دن اس کیلئے روتا ہوں، ہنسنا مسکرانا چھوڑ دیا، ہر وقت ندامت کا احساس ہوتا ہے۔ (نبیل اکرم' کراچی)

جواب: اپنی طرف سے کی گئی غلط باتوں کا تاثر ختم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ موقع کی مناسبت سے اچھی باتیں کہی جائیں۔ یہ بھی بتادیں کہ میں غلط تھا جبکہ لڑکی اور اس کے گھر والے بہت بلند اور باکردار لوگ ہیں۔ صبر نہ کرنے والے، برداشت نہ رکھنے والے، جلد غصہ میں آکر اپنی باتوں سے دوسروں کو نقصان تک پہنچا دینے والے لوگ بھروسے کے قابل نہیں ہوتے۔ آپ نے صرف اپنے جذبات کا احساس کیا اور اب بھی اپنی ہی جذباتی حالت پر پریشان ہیں۔ دراصل آپ کی شخصیت غیر متوازن ہے ڈپریشن ہے لیکن شدید نہیں۔

کورٹ میرج: 2 سال تعلقات رہنے کے بعد ہم نے کورٹ میں جاکر شادی کرلی۔ ہماری ذات، زبان اور خاندان سب ہی الگ تھا۔ شادی کو 6 ماہ ہوئے ہیں لیکن اب میری بیوی کو مجھ سے الجھن ہونے لگی ہے ذرا ذرا سی بات پر جھگڑا کرتی ہے، نفرت کا اظہار بھی کرتی ہے اور سارا دن اپنے گھر والوں کو یاد کرتی ہے حالانکہ اس کی رخصتی اپنے گھر سے ہوئی ہے، ہم نے چھپ کر نکاح کرلیا تھا' لڑکی اپنے گھر پر ہی رہی تھی جب گھر والوں نے شادی کرنا چاہی تو اس نے بتایا کہ وہ نکاح کرچکی ہے رخصتی کے بعد انہوں نے اس کے گھر واپس آنے پر پابندی لگادی۔ یہ اپنے والدین کے علاوہ باقی گھر والوں سے فون پر بات کرتی رہتی ہے۔ اس نے اپنا گھر چھوڑا ہے تو میں نے بھی اپنا گھر چھوڑا اور ہم علیحدہ رہتے ہیں، مختصر یہ کہ ہم دونوں خوش نہیں۔ (م۔ق)

جواب: شادی سے پہلے خواہ کتنے ہی سال تعلقات رہیں، یہ شادی کے بعد کی زندگی کو کامیاب بنانے کی ضمانت نہیں ہوتے کیونکہ بعد میں عائد ہونے والی ذمہ داریوں سے نمٹنا اور ایک دوسرے کو خامیوں کے ساتھ قبول کرنا بہت بڑی آزمائش ہے۔ صورتحال کتنی ہی مشکل کیوں نہ ہو، جھگڑا کرنے کے بجائے اطمینان سے بیٹھ کر بات کرنا ضروری ہے، محبت کے بعد نفرت کا اظہار حیرت کا سبب ہے، اگر وجہ صرف گھر والوں سے ملنا ہے تو آپ سمجھائیں کہ وقت کے ساتھ تعلقات میں بہتری آجائے گی اور آپ کو ان سے ملنے پر اعتراض نہ ہوگا۔ میاں اور بیوی ایک دوسرے کے مزاج کو سمجھتے ہوئے طرز عمل کی اصلاح کرسکتے ہیں۔

دل کے دورے اور تکلیف سے حفاظت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے درج ذیل دعا پرنٹ شدہ کسی خیر خواہ نے ہدیہ کی تھی' میں یہ دعا بتائے گئے طریقہ سے پڑھتا ہوں الحمدللہ مجھے کبھی بھی دل کے علاوہ کسی بھی قسم کی کوئی بیماری نہیں ہوئی' حالانکہ یہ دعا خاص کر دل کے امراض سے نجات کیلئے ہے۔ طریقہ اور دعا درج ذیل ہے:۔ ہر فرض نماز کے بعد دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں پھر ہتھیلی پر دم کرکے سینے پر پھیرلیں' دعا یہ ہے: یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ اس کے بعد شہادت کی انگلی دل پر رکھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ (ھود 112) اس کے بعد سات مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھیں۔ انشاء اللہ بیماری سے حفاظت رہے گی۔ (شاکر' لاہور)

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.paksociety.com

میری کامیابی کا راز! اب ہر طالب علم کیلئے حاضر

امتحان شروع ہونے سے دو تین دن پہلے یہ درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّعَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کو اکتالیس مرتبہ روزانہ عصر اور مغرب کی نماز کے درمیان پڑھنا ہے۔ بلاناغہ پڑھنا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ میں نے ماہنامہ عبقری سے بہت کچھ پایا ہے۔ ہمارے گھر میں کوئی بھی مسئلہ ہو سب سے پہلے عبقری کے گزشتہ شمارے کھول کر دیکھے جاتے ہیں ہمیں اسی میں سے اپنے ہر طبی و روحانی مسئلے کا حل مل جاتا ہے۔ اب تو میں دوسروں کو بھی بتاتی ہوں اور ان کو بھی بہت فائدہ ہوتا ہے اور خاص کر امتحان کی کامیابی کیلئے میں نے جو کچھ پایا ہے وہ میں آج بیان کر رہی ہوں جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔

امتحان شروع ہونے سے دو تین دن پہلے یہ درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّعَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کو اکتالیس مرتبہ روزانہ عصر اور مغرب کی نماز کے درمیان پڑھنا ہے۔ بلاناغہ پڑھنا ہے۔ امتحان کے دوران بھی پڑھنا ہے اور یہ وظیفہ چالیس دن تک پڑھنا ہے اور امتحان کی کامیابی کیلئے گڑگڑا کر دعا کرنی ہے جس دن امتحان ہوگا اس دن صبح بعد نماز فجر اول و آخر تین، تین مرتبہ درود شریف کے درمیان یہ آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحٰنَ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِيِّ الْمُتَعَالِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ نو مرتبہ پڑھنی ہے اور ساتھ میں دعا بھی کرنی ہے۔ اس کے علاوہ یَا رَافِعُ کو سو مرتبہ پڑھنا ہے پھر سورۂ یٰسین پڑھنی ہے۔ ایک مرتبہ سورۂ قلم پڑھنی ہے۔ ایک بار پڑھ کر سیاہی پر بھی دم کرنا ہے۔ تین مرتبہ سورۂ اعلیٰ بھی پڑھنی ہے۔ امتحان شروع ہونے سے پہلے صدقہ بھی ضرور دینا ہے۔ امتحان کیلئے جاتے ہوئے راستے میں درود شریف پڑھتے رہیں اور پھر کمرہ امتحان میں پہنچ کر آیۃ الکرسی پڑھیں اور پھر پرچہ شروع کرنے سے پہلے یہ آیت فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿الانفال ۶۲﴾ سات مرتبہ پڑھنی ہے۔ یہ پڑھ کر شروع کرنے سے تمام سوالات کے جوابات آسان ہوجاتے ہیں۔ پرچہ حل کرنے کے بعد یہ آیت وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿یٰسین ۹﴾ ایک بار پڑھ کر پرچہ پر دم کرنا ہے اور پھر آیۃ الکرسی پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینا ہے اور پھر پرچہ دے کر آ کر دو شکرانے کے نوافل بھی ادا کرنے ہیں۔ امتحان ختم ہونے کے بعد یَا حَسِيْبُ کا ورد کرنا ہے جو کہ تین دن تک کرنا ہے اور پہلے دن چار ہزار مرتبہ دوسرے دن بھی چار ہزار مرتبہ اور تیسرے دن تین ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس کے علاوہ 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فجر کی نماز کے بعد پڑھنی ہے۔ امتحان میں کامیابی کیلئے اس کے علاوہ انمول خزانہ نمبر ایک تو ہر نماز کے بعد پڑھنا ہے جبکہ انمول خزانہ نمبر دو فجر کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنا ہے اس کے علاوہ آیت حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ سو مرتبہ پڑھنی ہے۔ اس کے علاوہ یہ آیت اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ کو ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ پڑھنا ہے۔ امتحان میں کامیابی کیلئے جبکہ عشاء کی نماز کے بعد یعنی کہ عشاء کے وتر اور نوافل کے درمیان 333 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا ہے۔ اس کے علاوہ عشاء کی نماز کے بعد ہزار مرتبہ یہ آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھنی ہے۔ ایک ہی دن۔ اس کے علاوہ سورۂ رحمٰن گیارہ دن گیارہ مرتبہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھنی ہے۔ اس کے علاوہ بارہ ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنی ہے عشاء کی نماز کے بعد امتحان میں کامیابی کیلئے۔ اس کے علاوہ یہ آیت ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ پڑھنی ہے اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ اول و آخر درود شریف کے ساتھ امتحان میں کامیابی کیلئے اس کے علاوہ محنت بھی بہت ضروری ہے۔ رزلٹ والے دن فجر کی نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 31 اور 32 سات مرتبہ پڑھنی ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ امتحان میں کامیابی کیلئے گڑگڑا کر دعا کرنی ہے۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

دانت درد کی آزمودہ دعا

امام بیہقی حضرت عبداللہ بن رواحہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دانت درد کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک ان کے رخسار پر جس میں درد تھا رکھ کر سات مرتبہ پڑھا اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ مَا يَجِدُ وَ فُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الْمَكِيْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ ترجمہ: اے اللہ جو تکلیف یہ شخص محسوس کر رہا ہے اس کو اس کی سختی کو دور فرما دیجئے اپنے نبیؐ کی دعا سے جو آپ کے نزدیک بابرکت ہے۔ دست مبارک ابھی اٹھایا بھی نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے درد کو رفع فرما دیا۔

ناسور کیلئے خاص عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ مجھے ہر ماہ اس رسالے کا شدت سے انتظار رہتا ہے۔ میں نے ماہنامہ عبقری سے بہت کچھ پایا ہے۔ اسی لیے آج میں آپ کو اپنا ذاتی مشاہدہ لکھ رہا ہوں میرے والد صاحب کو بہت خطرناک ناسور تھا جو کہ کولہے کے قریب چار یا پانچ انچ گہرا تھا دو دفعہ آپریشن کروایا مگر کچھ دنوں کے بعد دوبارہ خون رسنا شروع ہوجاتا تھا ڈاکٹر نے کہا یہ بھگندر (فسچولا) ہے بہرحال ہر وقت میرے والد کے پاجامے میں خون لگا نظر آتا تھا۔ میرا بہت دل دکھتا تھا پھر ایک دن عبقری میں اس کا علاج نظر آ گیا دل کو بہت تسلی ہوئی وہ علاج بہت آسان تھا مگر جب سے ابو نے شروع کیا اللہ کا کرم ہوا بھگندر کا نام و نشان تک نہ رہا صرف 2 ماہ میں بالکل بند ہوگیا ورنہ ہم تو مایوس ہو چکے تھے۔ تیسرا آپریشن کرانے کے ہمارے پاس پیسے نہیں تھے۔ وہ طریقہ یہ تھا کہ عشاء کے وتر ایک خاص ترکیب سے پڑھنے تھے۔ وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ نصر دوسری رکعت میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھنے سے میرے والد کا بھگندر بالکل صحیح ہوگیا۔ (بحوالہ: عبقری جلد 4)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں رزق کی تنگی پریشانیوں سے نجات کیسے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور قیمتی معلومات سے مکمل طور پر

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

گھر بیٹھے کتب و رسائل منگوانے کیلئے صرف کال نمبر 0332 7552382

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بچوں کا صفحہ

بچو! نہ میں حسد کرتا نہ مجھے یہ سزا ملتی!

اچانک سامنے سے بونا دوڑتا ہوا آیا اور اس کی گردن پر سوار ہو گیا۔ بونے نے زور سے چابک ماری اور بولا' چلو، مجھے چاند پر لے چلو۔ وہاں میری نانی اماں رہتی ہے۔ میں اپنی نانی اماں سے ملوں گا۔ ملا نصر الدین تو ہکا بکا رہ گیا۔ سخت گھبرایا کہ یہ بلا کہاں سے میرے گلے پڑ گئی۔

ملا نصر الدین اپنی دلچسپ باتوں کی وجہ سے بہت مشہور تھا۔ اس کی انہی باتوں کی وجہ سے بادشاہ نے اسے اپنا خاص وزیر بنالیا۔ وہ ہر روز ملا نصر الدین کی دلچسپ باتیں سنتا اور خوش ہوتا۔ بادشاہ ملا نصر الدین کو بہت پسند کرتا تھا۔ یہ دیکھ کر درباری ملا نصر الدین سے حسد کرنے لگے۔ وہ ہر وقت اسے بادشاہ کی نظروں سے گرانے کی ترکیبیں سوچتے رہتے۔ آخر انہیں ایک موقع ہاتھ آ ہی گیا۔ انہیں معلوم ہوا کہ ملا نصر الدین نے کئی غریبوں کو اس وعدے پر روپیہ قرض دے رکھا ہے کہ جب بادشاہ مر جائے گا تو قرض واپس کر دینا۔ ایک درباری نے بادشاہ کے کان بھرے اور کہنے لگا: حضور! ملا نصر الدین تو آپ کو مرتا ہوا دیکھنا چاہتا ہے۔ بادشاہ کو بہت غصہ آیا کہ جس شخص کو میں نے اتنی عزت دے رکھی ہے وہ ہی میری موت کا خواہش مند ہے۔ اس نے اسی وقت ملا نصر الدین کو بلایا اور اس سے پوچھا: کیا یہ سچ ہے کہ تم نے خزانے کا روپیہ کئی غریبوں کو اس وعدے پر قرض دے رکھا ہے کہ جب بادشاہ مر جائے تو واپس کر دینا۔ ملا نصر الدین نے جواب دیا: بادشاہ سلامت! آپ نے بالکل ٹھیک سنا ہے۔ بادشاہ نے ناراض ہو کر کہا: نصر الدین! کیا تو میری موت چاہتا ہے؟ ملا نصر الدین نے کہا: حضور! میں نے تو یہ سب کچھ آپ کی سلامتی کیلئے کیا ہے۔ بادشاہ نے حیران ہو کر پوچھا: وہ کیسے؟ ملا نصر الدین کہنے لگا: حضور! جن غریبوں کو میں نے اس وعدے پر قرض دیا ہے کہ بادشاہ کے مرنے کے بعد واپس کر دینا، وہ تو دن رات آپ کی سلامتی کی دعائیں مانگتے ہیں تاکہ آپ زندہ رہیں اور انہیں قرض واپس ہی نہ کرنا پڑے۔ بادشاہ یہ سن کر ہنس پڑا اور دشمن اپنا سا منہ لے کر رہ گئے۔ بادشاہ نے اس انوکھے جواب پر اپنا قیمتی ہار ملا نصر الدین کو انعام میں دیا اور اس کی بہت تعریف کی۔ ایک وزیر پہلے ہی ملا نصر الدین سے دشمنی رکھتا تھا۔ وہ جلتا تھا کہ بادشاہ اس کو اتنا پسند کیوں کرتا ہے۔ اب تو اس نے فیصلہ کرلیا کہ وہ نصر الدین پر ایسی مصیبت ڈالے گا کہ وہ پھر کبھی دربار میں نہ آسکے۔ ایک جادوگر اس وزیر کا دوست تھا۔ وزیر اس کے پاس گیا اور کہنے لگا' کوئی ایسی ترکیب کرو کہ ملا نصر الدین پھر کبھی شاہی دربار کا رخ نہ کرے۔ جادوگر بولا: فکر نہ کرو۔ میرے پاس ایک بونا ہے جو ملا کو ایسا مزہ چکھائے گا کہ وہ یہ شہر ہی چھوڑ کر چلا جائے گا۔ جادوگر نے ایک کاغذ پر ملا نصر الدین کا نام لکھا اس کے آگے جادو کے چند الفاظ لکھے اور وزیر سے کہا: یہ کسی طرح ملا کی جیب میں ڈال دو پھر تماشا دیکھو۔ وزیر جادوگر سے وہ کاغذ لے کر واپس آیا۔ اس نے اپنے ایک خاص آدمی کو بلایا اور اس سے کہنے لگا میرا ایک کام کرو یہ کاغذ لو اور جب ملا نصر الدین اپنے کمرے میں سو رہا ہو تو یہ اس کی جیب میں ڈال دینا لیکن ذرا احتیاط سے، کہیں کوئی دیکھ نہ لے۔ وہ شخص دبے پاؤں ملا کے کمرے میں داخل ہوا۔ ملا نصر الدین اس وقت زور زور سے خراٹے لے رہا تھا۔ اس آدمی نے بہت ہوشیاری سے وہ کاغذ ملا کی جیب میں ڈال دیا۔ جادوگر اپنے جادو کے شیشے کے سامنے بیٹھا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ وہ اسی وقت اس پنجرے کے پاس گیا، جس میں اس نے ایک بونا قید کر رکھا تھا۔ جادوگر نے پنجرے کا دروازہ کھول کر بونے کو باہر نکالا اور بولا جاؤ جس شخص کی جیب میں تمہارے نام کی پرچی ہے وہ تمہیں چاند پر لے جائے گا۔ یہ سن کر بونا بہت خوش ہوا اور دوڑتا ہوا وہاں سے نکل گیا اور سیدھا ملا نصر الدین کے گھر کے پاس جا پہنچا۔ ملا نصر الدین گھر سے نکلا ہی تھا کہ اچانک سامنے سے بونا دوڑتا ہوا آیا اور اس کی گردن پر سوار ہو گیا۔ بونے نے زور سے چابک ماری اور بولا' چلو، مجھے چاند پر لے چلو۔ وہاں میری نانی اماں رہتی ہے۔ میں اپنی نانی اماں سے ملوں گا۔ ملا نصر الدین تو ہکا بکا رہ گیا۔ سخت گھبرایا کہ یہ بلا کہاں سے میرے گلے پڑ گئی۔ اس نے بونے سے کہا: بھائی میں تمہیں چاند پر کیسے لے جاؤں۔ چاند پر تو کوئی بھی نہیں جا سکتا۔ بونے نے زور سے چابک ماری اور کہا چل مجھے چاند پر لے جا نہیں تو میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا۔ بے چارے ملا نصر الدین کی تو جان مصیبت میں آگئی۔ اس نے بونے کو نیچے اتارنے کی بہت کوشش کی مگر وہ تو جادو کا بونا تھا۔ نیچے اترنے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔ سوتے جاگتے ملا نصر الدین کی گردن پر ہی سوار رہتا اور چابک مار کر اسے بھگاتا رہتا۔ شرم کے مارے ملا نصر الدین شہر سے باہر چلا گیا۔ وہ بھلا اپنی گردن پر بونے کو سوار کروائے کس منہ سے شاہی دربار میں جاتا۔ وزیر بڑا خوش ہوا کہ اس طرح سے ملا نصر الدین بادشاہ کی نظروں سے دور ہو گیا۔ بادشاہ نے وزیر سے پوچھا کہ ملا نصر الدین دربار میں کیوں نہیں آتا؟ وزیر نے کہا: بادشاہ سلامت! ملا نصر الدین تجارت کرنے ملک روم چلا گیا ہے۔ شاید اب کبھی واپس نہ آئے' بادشاہ خاموش ہو گیا۔ ایک دن پریشان حال ملا نصر الدین جنگل میں بیٹھا اپنی قسمت کو رو رہا تھا کہ ایک درباری کا ادھر سے گزر ہوا۔ اس نے ملا نصر الدین کی یہ حالت دیکھی تو کہنے لگا میں جانتا ہوں' تمہاری یہ حالت وزیر نے بنائی ہے۔ وہ تم سے حسد کرتا ہے' اب تو وہ بہت خوش ہے کہ تم اس بلا سے کبھی چھٹکارا نہ پا سکو گے۔ مگر ملا نصر الدین ہار ماننے والا آدمی نہیں تھا۔ اس نے سوچا کہ اس بونے کی تلاشی لینی چاہیے ہو سکتا ہے کہ نجات کی کوئی ترکیب ہی ہاتھ آجائے۔ بونا اس وقت گہری نیند سو رہا تھا۔ ملا نصر الدین نے بونے کی جیب میں ہاتھ ڈالا تو کاغذ کی ایک پرچی نکل آئی۔ یہ وہی پرچی تھی جو بونے نے آنکھ بچا کر ملا کی جیب سے نکال لی تھی۔ پرچی پر اپنا نام اور جادو کے الفاظ لکھے ہوئے دیکھ کر ملا نصر الدین ساری بات سمجھ گیا۔ اس نے اسی وقت پرچی پر اپنا نام کاٹ کر اس کی جگہ وزیر کا نام لکھ دیا اور درباری سے کہنے لگا: بھائی! یہ میرے گھر جا کر میری وفادار کنیز کو پہنچا دو اور اسے کہو کہ یہ پرچی کسی طرح اس وزیر کی جیب میں ڈال دے۔ درباری نے وہ پرچی شہر جا کر اس کنیز کو دی اور اسے ساری بات بتا دی۔ رات کے وقت کنیز ایک خفیہ راستے سے وزیر کے محل میں گئی اور وہ پرچی بڑی احتیاط سے وزیر کی جیب میں ڈال دی۔ بس پھر کیا تھا۔ بونا نصر الدین کو چھوڑ کر وزیر کی گردن پر آ سوار ہوا۔ اسے زور سے چابک ماری اور بولا: چل مجھے چاند پر لے چل۔ وزیر پریشان ہو کر بھاگتا ہوا جادوگر کے پاس پہنچا مگر جادوگر تو مر چکا تھا۔ اب تو وزیر کی جان پر بن گئی۔ وہ جنگل جنگل بھٹکتا پھرتا اور یہی کہتا "نہ میں حسد کرتا نہ مجھے یہ سزا ملتی" ملا نصر الدین واپس دربار میں آگیا۔ بادشاہ کو وزیر کے انجام کا پتہ چلا تو بولا جو کرو گے وہی بھرو گے۔ (انتخاب: ساتول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

(بقیہ: پیٹ بھرنے کا بنیادی میٹریل)

دھاتیں ہمارے جسم کو مضبوط بناتیں اور قوت مدافعت پیدا کرتی ہیں بقائے نسل کیلئے ضروری ہیں اور ہم نے اس کو غذا سے نکال رکھا ہے۔ اب قبض، پیٹ بڑھنا، وزن کی زیادتی یعنی موٹاپا یا پھر وزن کی کمی، عام جسمانی کمزوری، شوگر، بلڈ پریشر، ہاضمے کی خرابیاں ہر طبقے میں دیکھنے کو عام مل رہی ہیں ان کا علاج صرف دوائیں ہرگز نہیں ہیں بلکہ اصلاح غذا ہے چاہے سستی چیزیں استعمال کریں لیکن بامقصد ہوں مثلاً گوشت کی کافی مقابلے میں سبزی کی قلیل مقدار زیادہ جاندار اور بامقصد اور مفید ہے اس مہنگائی کے دور میں جب کہ آٹا جنس نایاب کی حیثیت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ پیٹ بھرائی کیلئے روٹی غیر معیاری ہوتی جا رہی ہے غریب اور سفید پوش آدمی کہاں جائے، ہانڈی روٹی کا نخرہ پورا کرے یا دیگر ضروریات پر توجہ دے؟ عقل، عاجز اور پریشان ہے۔ آٹے کی کوالٹی کیا ہے؟ اس میں غذائیت کیا ہے؟ جیسے مل رہی ہے اس جسم کا کیا حال ہے جیسے اسے آپ گھسیٹ رہے ہیں؟ بس اچھی جا رہی ہے خدا کے سہارے۔ طاقت کی دوائیں نہیں غذا پر توجہ کی ضرورت ہے۔ یہ آپ کا ذاتی کام ہے ورنہ صحت کی طرف نہ دیکھیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

باکمال عامل کی جن سے لڑائی

کمزور دل ہرگز نہ پڑھیں!

ایک ہفتہ بعد ہمسایہ بھاگتا ہوا آیا کہ اس کی بیٹی کو دورہ پڑ گیا ہے۔ والد صاحب فوراً موٹر سائیکل پر شاہ صاحب کو لینے کیلئے روانہ ہوگئے۔ تھوڑی دیر میں شاہ صاحب آگئے۔ شاہ صاحب نے گھر والوں کو حکم دیا کہ فوراً چولہا جلائیں

واجد حسین بخاری ایڈووکیٹ، احمد پور شرقیہ

اصلی عامل حضرات کو کسی جن سے مقابلہ کرتے ہوئے کن کن مشکلات سے گزرنا پڑتا ہے یہ سن کر دل دہل جاتا ہے۔ بعض اوقات جن اور عامل کی لڑائی میں کسی ایک کی جان لازمی چلی جاتی ہے۔ بہر حال یہ ایک انتہائی خطرناک کھیل ہے۔ ایک عامل اور جن کی خوفناک لڑائی کا آنکھوں دیکھا حال پڑھیے۔ یہ ایک ایسے نوجوان کی کہانی ہے جسے بچپن سے عامل بننے کا شوق تھا۔ میرے والد صاحب کو عملیات کا بہت شوق تھا، خود بھی عامل تھے اور اکثر وہ اپنے پیر و مرشد پیر اللہ بخش شاہ مرحوم کے ساتھ رہتے تھے جہاں بھی پیر صاحب جاتے تھے میرے والد محترم کو ساتھ لے کر جاتے تھے۔ چھوٹے چھوٹے کام والد صاحب سے کراتے تھے۔ میری عمر 14/15 سال تھی، میں اکثر ضد کرکے والد صاحب کے ساتھ اللہ بخش شاہ صاحب کے پاس چلا جاتا تھا۔ شاہ صاحب عجیب و غریب باتیں بتاتے تھے جو میری سمجھ میں نہ آتی تھیں۔ شاہ صاحب اکثر بتاتے تھے کہ آج فلاں جگہ گیا تھا، جن معافی مانگ رہا تھا، آج فلاں جگہ گیا تھا جن دیکھتے ہی بھاگ گیا اور لڑکی ٹھیک ہوگئی۔ مجھے بھی عملیات سیکھنے کا شوق ہوا۔ میں نے والد صاحب سے تذکرہ کیا تو وہ ناراض ہونے لگے کہ یہ بہت مشکل کام ہے اس میں جان کو خطرہ ہوتا ہے میں نے والد صاحب سے عرض کی کہ چلو مجھے عملیات نہ سکھائیں مگر کسی دن شاہ صاحب اور جن کی لڑائی ہی دکھا دیں۔ والد صاحب نے کہا اگر شاہ صاحب نے اجازت دی تو ساتھ لے چلوں گا۔ اسی دوران ہمارا ہمسایہ پریشان حال والد صاحب کے پاس آیا کہ اس کی جوان بیٹی بہت بیمار ہے اس پر کسی جن نے قبضہ کیا ہوا ہے اور بیٹی کو جب دورہ پڑتا ہے تو وہ سر زمین پر لگا کر ٹانگیں اوپر کر لیتی ہے اور سر کے بل گھومنا شروع کر دیتی ہے اور گھنٹوں گھومتی رہتی ہے اور گر کر بے ہوش ہو جاتی ہے، پردے کا کوئی ہوش نہیں، گھوم گھوم کر سر پر ''گومڑ'' سا بن گیا ہے۔ والد صاحب نے کہا کہ یہ کام صرف اللہ بخش شاہ صاحب ہی کر سکتے ہیں اور میں شاہ صاحب سے پوچھ کر بتاؤں گا۔ والد صاحب نے شاہ صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ جب دورہ پڑے تو لڑکی کو میرا سلام کہنا ہے۔ جن ہوگا تو بول پڑے گا۔ والد صاحب نے ہمسائے کو کہا کہ جب لڑکی کو دورہ پڑے تو مجھے بلا لینا۔ اس نے کہا کہ ٹھیک ہے دوسرے دن لڑکی کو دورہ پڑ گیا ہمسائے نے بھاگ کر والد صاحب کو بلا لیا۔ والد صاحب جلدی جلدی اس کے گھر پہنچے میں بھی ساتھ تھا۔ جیسے ہی والد صاحب نے لڑکی کو سلام کیا تو فوراً لڑکی کی آواز بدل گئی، مردانہ آواز میں کہا کہ اللہ بخش کو کہو کہ اس معاملہ میں نہ آئے۔ میں نے بڑے بڑے عامل دیکھے ہیں، والد صاحب خاموش ہوگئے اور واپس آگئے اسی وقت اللہ بخش شاہ صاحب کے پاس روانہ ہوگئے سارا ماجرا سنایا۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی لڑکی کو دورہ پڑے فوراً میرے پاس آجانا۔ میں ساتھ چلوں گا۔ میں بھی ساتھ تھا۔ میں نے شاہ صاحب سے عرض کیا کہ میں بھی یہ لڑائی دیکھنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے مہربانی فرماتے ہوئے مجھے اجازت دے دی کہ والد صاحب کے ساتھ آجانا۔ ایک ہفتہ بعد ہمسایہ بھاگتا ہوا آیا کہ اس کی بیٹی کو دورہ پڑ گیا ہے۔ والد صاحب فوراً موٹر سائیکل پر شاہ صاحب کو لینے کیلئے روانہ ہوگئے۔ تھوڑی دیر میں شاہ صاحب آگئے۔ شاہ صاحب نے گھر والوں کو حکم دیا کہ فوراً چولہا جلائیں اور اس پر بڑی دیگچی پانی کی گرم کرنے کیلئے رکھ دیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ والد صاحب کو حکم دیا کہ کاغذ قلم تیار رکھنا جب میں کہوں کہ اب کاغذ قلم دو تو فوراً مجھے کاغذ قلم تھما دینا۔ جیسے ہی میں، والد صاحب اور شاہ صاحب کمرے میں داخل ہوئے تو لڑکی کی آواز بدل گئی اور اس نے شاہ صاحب کو کہا کہ میں نے منع کیا تھا کہ مت آنا پھر بھی آگئے ہو۔ مجھے شاہ صاحب نے کہا کہ گھبرانا نہیں ہے اور خاموشی سے ایک مخصوص جگہ کی نشاندہی کی کہ اس جگہ پر بیٹھے رہنا۔ میں نے دیکھا کہ کوئی بلا ہے جس کا نچلا جبڑا زمین سے نکل رہا ہے، پورے کمرے جتنا جبڑا تھا اور اوپر والا ہونٹ آسمان سے چھت پھاڑ کر آرہا ہے۔ آواز ایسی تھی کہ جیسے بہت سے سپیکر مل کر اونچی آواز میں بات کر رہے ہوں۔ شاہ صاحب نے پڑھائی شروع کی، اس کے بعد باقاعدہ لڑائی شروع ہوگئی ایسے محسوس ہوتا تھا کہ شاہ صاحب جن کے سینے پر سوار ہیں، پھر شاہ صاحب کو کسی نے اٹھایا، شاہ صاحب چھت تک اڑتے ہوئے گئے اور نیچے دھڑام سے گرے۔ شاہ صاحب نے پڑھائی تیز کر دی (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

دنیا دھوکے کا گھر

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ایک بادشاہ تھا۔ اس کا ایک باغ تھا، اس کے کئی حصے تھے، بادشاہ نے ایک آدمی کو حکم دیا کہ میرے لیے اس ٹوکری میں بہترین اور عمدہ قسم کے پھل لے آؤ، مگر شرط یہ ہے کہ جس حصے میں جاؤ اور وہاں تمہیں کوئی پھل پسند نہ آئے تو دوبارہ اسی حصے میں نہ آنا۔ وہ آدمی باغ کے ایک حصے میں داخل ہوا تو وہاں اسے کوئی پھل پسند نہ آیا۔ اسی طرح وہ ایک ایک کرکے تمام حصوں میں گیا لیکن کوئی ایک پھل بھی اس کے دل کو نہ بھایا جب وہ آخری حصے میں پہنچا تو حیرت زدہ رہ گیا کیونکہ وہاں کچھ بھی نہیں تھا اور وہ شرط کے مطابق واپس ان حصوں میں جا بھی نہیں سکتا تھا، جہاں پھل تھے۔ مجبوراً وہ خالی ٹوکری لے کر بادشاہ کے سامنے حاضر ہوا۔ بادشاہ نے پوچھا میرے لیے کیا لائے ہو؟ اس نے کہا کچھ بھی نہیں لایا۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بادشاہ سے مراد اللہ رب العزت کی ذات ہے۔ اس باغ سے مراد انسان کی زندگی ہے اور اس کے حصوں سے مراد انسان کی زندگی کے ایام ہیں، ٹوکری سے مراد انسان کے نامہ اعمال ہے۔ انسان کہتا ہے میں کل سے نیک اعمال شروع کروں گا اور کل سے نماز پڑھوں گا لیکن کل کل کرتے ایک دن موت اسے اپنی آغوش میں لے لیتی ہے اور جو دن گزر جاتے ہیں واپس نہیں آتے، تو یہ اللہ کے پاس خالی دامن چلا جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ دنیا دھوکے کا گھر ہے۔ (بشیرو احمد شاہ)

کھانسی گلے کے امراض اور الرجی کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں روزگار کے سلسلے میں سعودی عرب میں رہتا ہوں۔ ہم سعودیہ میں رسالہ عبقری انتہائی شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہمارے ساتھ ایک بزرگ بھائی اشتیاق رہتے ہیں جن کا تعلق انڈیا سے ہے، حکمت سے انہیں بہت لگاؤ ہے۔ انہوں نے ایک آزمودہ نسخہ کھانسی، گلے کے امراض اور الرجی کیلئے بتایا۔ ھوالشافی: کلونجی، سونٹھ دونوں چائے والا چوتھائی چمچ لے کر ایک کپ پانی میں ابال لیں اور پی لیں۔ دن میں دو سے تین مرتبہ ایسا کرنے سے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ گلے کیلئے ایک اور نسخہ: کاکڑسنگی جڑی بوٹی لیکر پیس کر آدھا چمچ ایک کپ پانی میں ابال لیں، گلے کے امراض، نزلہ زکام کا فوری حل ہے۔ منہ کی بدبو سے نجات: کلونجی کے دانے چند عدد منہ میں رکھنے سے منہ کی بدبو غائب ہو جاتی ہے۔ (ش، ج)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

خدارا! کسی مظلوم، فقیر، یتیم کی بددعا سے بچیں ورنہ!

میری پڑوسن جوکہ ایک پہاڑی خاتون ہیں اس نے رات کے اندھیرے میں آکر آری سے درخت کو 75 فیصد تک کاٹ کر معمولی سا چھوڑ دیا اور سوچا کہ اگر زور سے آندھی آئی تو خود ہی گر جائے گا۔ خیر صبح جب میں نے دیکھا تو درخت کٹا ہوا تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب العالمین ہم سب کیلئے اور پوری امت مسلمہ کیلئے آسانیاں پیدا فرمائے۔ آمین! ہم تین بھائی اور ایک بہن ہیں۔ ہم سب شادی شدہ ہیں۔ اب میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے دادا سے ایک غلطی ہوئی جس کا خمیازہ ہم اب تک بھگت رہے ہیں۔ ویسے تو میرے دادا کردار کے بہت اچھے ہیں مگر ان سے غلطی یہ ہوئی کہ ہمارے دادا نے کسی کو ناجائز طلاق دلوائی تھی اس واقعہ کے بعد ہمارے خاندان کے ساتھ بربادی یہ شروع ہوئی کہ ہمارے خاندان کی لڑکیاں سسرال میں وہ جائز مقام اور عزت نہیں حاصل کر پاتیں جوکہ بہوؤں یا بیویوں کا حق ہوتا ہے۔ میں نے بھی زندگی کے سات سال اذیت میں گزارے میری بہن کا بھی یہی حال ہے اور خاندان کی باقی سب لڑکیاں بھی ایسے ہی زندگی گزار رہی ہیں۔ اپنے بڑوں کی طرف سے میں اللہ سے بخشش کی دعا کرتی رہتی ہوں تاکہ ہم اور ہماری نسلیں ترقی کرسکیں۔ آمین۔ (پوشیدہ)

سود کا انجام فاقے ہی فاقے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میرا مسئلہ یہ ہے کہ شوہر کو ان کے ایک رشتہ دار نے سولہ لاکھ روپے کا ادھار دیا تھا اس کے بعد وہ نہ دے سکے تو انہوں نے پچاس ہزار سود لینا شروع کردیا اس واقع کو چھ سال ہوگئے ہیں اب حالات یہ ہیں کہ ہمارے پلے کچھ بھی نہیں رہا صرف فاقے ہی فاقے بچے ہیں۔ باقی رقم تو بعد کی بات ہے سود بھی ادا نہیں کرپا رہے ہیں۔ ہم اتنی سخت پریشانی سے گزر رہے ہیں کہ میں بیان بھی نہیں کرسکتی۔ میرے پاس تو درس میں آنے تک کا کرایہ نہیں ہوتا۔ ایک وقت کا کھالیں تو دوسرے وقت کیلئے پریشانی شروع ہوجاتی ہے۔ تین تین دن ہمارا چولہا نہیں جلتا، بچے بھوک سے بلکتے دیکھے نہیں جاتے۔ سود نے ہمیں کہیں کا نہیں چھوڑا۔ (ح،س)

چوری درخت کاٹا شوہر کی ٹانگیں کٹ گئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کی صحت، عمر اور علم میں مزید برکت عطا فرمائے۔ آمین! میں عبقری کا 2010ء سے مسلسل قاری ہوں۔ 2010ء میں پشاور میں کے گولڈ میڈل لینے وزیراعلیٰ ہاؤس گیا واپسی پر یونہی ایک کتب فروش کے پاس رکا اور عبقری پر نگاہ پڑی، ورق گردانی کی اور ساتھ ہی خرید لیا۔ اب میں اس کا الحمدللہ قاری بن چکا ہوں اور ہر ماہ انتظار رہتا ہے۔ یہ واقعہ جو میں تحریر کررہا ہوں میرے پڑوس کا ہے۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ میں نے گھر کے باہر شہتوت کا درخت لگایا ہوا ہے، میرے پڑوسی نے بکریاں پال رکھی ہیں۔ ان کے بچے اکثر ڈنڈوں کے ساتھ درخت کے پتے جھاڑنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، کبھی پتھر مارتے ہیں، کئی دفعہ پتھر میرے صحن میں بھی آکر گرے جس پر ہم نے ان سے گلہ بھی کیا مگر پھر وہی حال رہا۔ ایک مرتبہ ہماری ان سے تلخ کلامی بھی ہوئی۔ میری پڑوسن جوکہ ایک پہاڑی خاتون ہیں اس نے رات کے اندھیرے میں آکر آری سے درخت کو 75 فیصد تک کاٹ کر معمولی سا چھوڑ دیا اور سوچا کہ اگر زور سے آندھی آئی تو خود ہی گر جائے گا۔ خیر صبح جب میں نے دیکھا تو درخت کٹا ہوا تھا۔ میں نے مٹی وغیرہ ڈال کر اس کو سپورٹ دے دی۔ کچھ عرصہ کے بعد وہ درخت الحمدللہ ٹھیک ہوگیا اور تنا پھر سے جڑ گیا۔ اب وہ درخت بالکل صحیح سلامت ہے مگر باعث عبرت جو بات ہے وہ یہ ہے کہ پڑوسن کے خاوند کو شوگر ہوگئی اور تھوڑے ہی عرصہ میں اس کے شوہر کی دو مرتبہ ٹانگیں کٹ چکی ہیں۔ یہ بات ہماری دوسری پڑوسن نے ہمیں بتائی تھی کہ آپ کا درخت اس عورت نے کاٹا تھا۔ درخت کاٹنے سے پہلے اس کا شوہر بالکل تندرست تھا۔ مگر جب سے درخت کاٹا اس کے بعد سے اس کا شوہر چارپائی پر پڑ گیا ہے۔ ہمیں کسی کے ساتھ بھی زیادتی نہیں کرنی چاہیے ورنہ وہ ہمارے ساتھ بھی پیش آسکتی ہے۔ (مقصود الٰہی زرگر)

خدارا! بددعا سے بچو

ایک گھر میں ایک مرتبہ ایک سوالی آیا کہ اللہ کے نام پر کچھ دے دو تو عورت نے کہا کچھ بھی نہیں ہے، چلے جاؤ تو سوالی نے کہا مجھے بہت بھوک لگی ہے، روٹی ہی دے دو یا کچھ کھانے کو دے دو، بہت بھوکا ہوں۔ عورت نے کہا دفعہ ہوجاؤ، گھر میں کچھ بھی نہیں ہے اور مزید نامناسب الفاظ بولے تو سوالی نے جاتے ہوئے یہ جملہ بولا کہ اللہ کرے تمہیں بھی کھانے کو کچھ نہ ملے اور نہ تجھے کھانا نصیب ہو۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ اس کے منہ سے نکلی بددعا اور آہ پوری ہوئی اور سالن میں کیڑے پڑ گئے اور پھر پریشان کہ یہ کیا ہوگیا، جتنی مرتبہ بھی کھانا بنایا اور جو بھی بنایا ہر مرتبہ اس میں کیڑے ہوتے اور کوئی بھی کھانے کے قریب نہ گیا۔ پھر کسی کے گھر سے مانگ کر کھانا کھایا پھر فوراً وہ کسی عالم کے پاس بھاگے کہ ایسا کیوں ہورہا ہے؟ تو اس عالم نے دریافت کیا کہ ایسا آپ نے کیا عمل کیا تو اس عورت نے ساری بات بتائی کہ فقیر آیا اس کے بار بار اصرار پر بھی میں نے کچھ نہ دیا اور دھتکار دیا جبکہ میرے پاس سب کچھ تھا تو اس نے بددعا دی جس کی وجہ سے ایسا ہوا کہ کھانا ہمیں بھی نصیب نہ ہوا جو بناؤں اس میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ عالم نے فرمایا کہ اللہ سے توبہ و استغفار کرو اور ایسا کرو میری موجودگی میں بہترین کھانا بناؤ اور لوگوں کو کھلاؤ۔ عورت نے کھانا بنایا اور تمام لوگوں میں بانٹ دیا عالم صاحب نے خود بھی کھانا تناول فرمایا اور دعا فرمائی اور فرمایا آئندہ ایسا ہرگز مت کرنا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو بددعا سے بچائے۔ جو ہو تو دے دیا جائے ورنہ ایسا جملہ نہ بولا جائے جو بددعا کا سبب بنے۔ (م۔م، بھکر)

ہونٹ پھٹنے اور خشک ہونے کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میرے پاس کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں مخلوق خدا کے فائدے کیلئے قارئین عبقری کو ہدیہ کررہا ہوں۔ سردیوں کی آمد آمد ہے اور اس موسم میں ہونٹ اکثر پھٹ جاتے ہیں اور خون بہنے لگتا ہے۔ ایسی کیفیت میں ہلدی کے بیج، لیموں کے رس میں ملالیں پھر دودھ میں حل کرکے ہونٹوں پر لگائیں۔ دن میں دو یا تین مرتبہ ایسا کرنے سے افاقہ ہوگا۔ یہ ہمارا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔

کھٹمل دور کرنے کا طریقہ: گندھک جلا کر اس کی دھونی دینے سے کھٹمل چارپائیوں سے نکل کر بھاگ جاتے ہیں۔ سفیدی میں گندھک اور نیلا تھوتھا ملا کر پھر مکان میں سفیدی کرائیں ہر قسم کے کیڑے مکوڑوں اور کھٹملوں سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔ **پان یا کتھے کا داغ دور کرنا:** پان یا کتھے کا داغ دور کرنے کیلئے متاثرہ جگہ کو دودھ سے اچھی طرح دھولیں۔ داغ دور ہوجائیں گے۔

سلاد باسی ہوجائے تو اس کو تازہ کرنے کیلئے: سلاد باسی ہوجائے تو اس کو پھینکنے کی ضرورت نہیں بلکہ ایک پیالہ میں ٹھنڈا پانی لے کر اس میں چائے کا ایک چمچ لیموں کا رس ڈال دیں اور آدھ گھنٹے تک اس میں ڈبو کر رکھیں پھر پانی پھینک دیں بہترین تازہ سلاد آپ کے سامنے ہے کھانے کے ساتھ استعمال کریں۔ (عبداللہ، ڈیرہ اسماعیل خان)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

عبقری روحانی اجتماع کے حسین مناظر

جب سے اجتماع میں شرکت کی ہے اللہ سے تنہائی میں بہت رو رو کر معافی مانگتی ہوں' وہ مجھے معاف کردے اس کی رحمت تو بیکراں ہے وہ ضرور معاف کرے گا۔ اجتماع سے واپسی پر آپ کی کتاب ''آداب معرفت جدید'' لے کر گھر آئی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا درس باقاعدگی سے سنتی ہوں اگر جمعرات کو نہ سن سکوں تو جمعہ، ہفتہ تک ضرور سن لیتی ہوں۔ میں بڑی خواہش تھی کہ میں عبقری کے روحانی اجتماع میں ضرور شرکت کروں۔ میں اللہ سے رو رو کر التجا کرتی کہ یا اللہ! میرا تسبیح خانہ کا سفر لکھ دے کیونکہ میرے پاس کرایہ تک کے پیسے نہ تھے۔ چند دنوں کے بعد مجھے ایک خوشگوار حیرت اس وقت ہوئی جب میرے شوہر نے خود ہی کہا: اجتماع میں شرکت کیلئے لاہور چلوگی' میں نے جھٹ سے کہا کیوں نہیں؟ پھر ہم دونوں بھی آئے اور میرے شوہر نے اپنے کزن اور اس کی بیوی کو بھی ساتھ تیار کرلیا۔ ہم نے کرایہ ادھار مانگا اور اجتماع میں شرکت کی۔ یقین جانیں اللہ کا اتنا شکر ادا کیا کہ مجھ جیسی کو بھی آنا نصیب ہوا۔ یہاں آکر ہم سب نے آپ سے بیعت کی۔ لیکن میرے دل میں بیعت ہونے سے کچھ عرصہ پہلے بہت وساوس گستاخانہ خیال اور نعوذ باللہ میں نے ایک گستاخانہ خواب بھی آپ کے متعلق دیکھا۔ اللہ مجھے معاف فرمائے۔ میں تو ان ساری نعمتوں کے قابل نہیں پھر بھی اس کا کرم رہا ہے۔ اجتماع میں آنے سے مجھے میری بہت سی پریشانیوں کا حل ملا۔ مجھے وساوس کے بارے میں سورۂ کافرون کی صورت میں حل ملا' میں نے سورۂ کافرون کو پڑھنا شروع کردیا ہے جس کی وجہ سے وساوس سے مکمل نجات مل چکی ہے۔ جب سے اجتماع میں شرکت کی ہے اللہ سے تنہائی میں بہت رو رو کر معافی مانگتی ہوں' وہ مجھے معاف کردے اس کی رحمت تو بیکراں ہے وہ ضرور معاف کرے گا۔ اجتماع سے واپسی پر آپ کی کتاب ''آداب معرفت جدید'' لے کر گھر آئی۔ پڑھنے کے بعد مجھے یہ احساس شدت سے ہوتا ہے کہ میں تو حد سے زیادہ دنیا کی تمام حدوں سے زیادہ چھوٹے سے چھوٹے گناہ اور بڑے سے بڑے گناہ جن پر میری پکڑ ہوگی سب کرتی ہوں' کرچکی ہوں۔ اب توبہ کی نماز پڑھتی ہوں' میں ایک نوکری کرتی ہوں جو میں اب چھوڑنا چاہتی ہوں۔ میں نے تو اپنی آدھی سے زیادہ زندگی بے پردگی میں گزاردی' اللہ کی نافرمانی میں گزاردی' اللہ مجھے معاف کرے۔ میں اب اپنے رب کی اطاعت کرنا چاہتی ہوں۔

الحمدللہ! اجتماع کے بعد سے لے کر اب تک اللہ نے بہت کرم کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ آگے بھی اللہ کرم کرے گا۔ اپنا دھیان نماز میں زیادہ سے زیادہ لگاتی ہوں اکثر خیال آتا ہے کہ میرے اوپر وہ وقت نہ آجائے کہ میرے سے ایمان سلب ہوجائے میں گنہگار ہوکر مروں' پھر اللہ سے خوب گڑگڑاتی ہوں' خوب دعا مانگتی ہوں' اپنے بچوں کو بھی کہتی ہوں کہ اللہ سے مانگو۔ غرض آج کل اللہ کا کرم ہے کہ میری عادات بد میں تبدیلیاں آرہی ہیں مگر ساتھ فکر اور خوف بھی ہے کہ میں تکبر نہ کرلوں کہیں میرے اندر سے یہ ساری چیزیں پھر سے ختم نہ ہوجائیں' میں دنیا کی طرف واپس نہ چلی جاؤں میں دین سے ہمیشہ جڑے رہنا چاہتی ہوں۔ اجتماع نے میری زندگی بدل کر رکھ دی ہے۔ مجھے گناہوں کی دلدل سے نکال کر راحت کے سمندر میں ڈال دیا ہے۔ انشاء اللہ اگلے اجتماع میں بھی ہم ضرور شرکت کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمت اور کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین۔

(میمونہ طارق' گاؤں سنگ جانی)

مرہموں کی سرتاج مرہم کا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری دسمبر 2013ء کا رسالہ پڑھا۔ ایک آرٹیکل کے نیچے کالی مرہم کا نسخہ مانگا گیا تھا۔ آپ کی فرمائش پر کالی مرہم کا نسخہ ارسال کررہا ہوں۔ اگر آپ کے علاوہ مجھے کوئی اور کہتا تو میں کبھی بھی نہ دیتا لیکن محترم حضرت حکیم صاحب بندہ آپ کو انکار نہیں کرسکتا۔ نسخہ بھیج کر دلی خوشی محسوس کررہا ہوں۔ **ہر قسم کے پھوڑے پھنسی کیلئے لاجواب: ھوالشافی:** میٹھا تیل ایک پاؤ' سندور دو چھٹانک۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ **ترکیب تیاری:** تیل کو گرم کریں۔ جب ابلنے لگے پھر آگ پر نرم کردیں اور چٹکی چٹکی سندور ڈالتے جائیں اور ہلاتے رہیں جب سب مل جائیں تو نیچے اتار کر نیلا تھوتھا جو کہ باریک پیس رکھا ہے ملا کر رکھ لیں اور کاغذی بنا کر لگائیں۔ کاغذی تب ہی اترے گی جب مکمل آرام ہوجائے گا۔ یہی اصل کالی مرہم ہے جو نائی حضرات کے پاس ہوتی تھی۔ اب تو شاذ و نادر ہی کوئی نائی ہے جس کے پاس اس کالی مرہم کا نسخہ ہے۔ (شیخ شوکت علی' شیخوپورہ)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

عبدالرحمٰن بن ازرق سے کہ علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس (گھر) تشریف لائے جبکہ میں سونے کی جگہ سو رہا تھا۔ حسن یا حسین (رضی اللہ عنہم) نے پانی مانگا تو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہماری ایک کم دودھ دینے والی بکری کی طرف اٹھے اور اس کو دوہا' دودھ خوب آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حسن آگئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پرے ہٹایا تو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گویا دوسرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایسے نہیں بلکہ اس نے اس سے پہلے پانی مانگا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں تو اور یہ دونوں اور یہ آرام کرنے والا قیامت کے دن ایک جگہ میں ہوں گے۔ (مسند احمد)

طیالسی نے بھی اسکو روایت کیا ہے اور البزار میں اس طرح ہے کہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہم ایک ہی لحاف یا گرم چادر میں سوئے ہوئے تھے تو حسن رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن کی طرف آئے اور پیالے میں پانی لیا اور آئے تو حسین رضی اللہ عنہ لپکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ہاتھ سے پیچھے ہٹایا تو فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا گویا وہ دوسرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اس سے پہلے پانی مانگا تھا اور یہ کہ میں' تو اور یہ دونوں اور یہ آرام کرنے والا قیامت کے دن ایک ہی جگہ میں ہوں گے۔ (طبرانی)

ٹی بی سے نجات کا روحانی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ بہت ہی باکمال رسالہ ہے۔ ہمارے ہر طبی و روحانی مسئلے کا حل اس میں سے مل جاتا ہے۔ ٹی بی سے نجات کیلئے ایک عمل قارئین کی خدمت میں ہدیہ کررہا ہوں: ٹی بی کے خاتمہ کیلئے پانی پر سورۂ فاتحہ گیارہ مرتبہ' آیۃ الکرسی ایک بار' آخری تینوں قل تین تین مرتبہ دم کریں۔ پانی مریض کے منہ اور سینے پر چھڑک دیں۔ انتہائی مجرب عمل ہے اور اگر مریض مرد ہے تو کہے اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ۔ اور اگر مریض عورت ہے تو کہے اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَمَتَكَ۔ آزمائیں تو عبقری میں ضرور لکھیں۔ شکریہ! (ڈاکٹر سخاوت حسین)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

پتھر پر موبائل: میں اپنے والد کے ساتھ موٹر سائیکل پر جارہی ہوں، رات کا وقت ہے تو نوید (جس سے میرا نکاح ہوا ہے) کا فون آتا ہے کہ آکر اپنا موبائل فون لے جاؤ۔ میں اکیلی گاڑی میں مارکیٹ جاتی ہوں، وہاں پتھر پر بہت سے موبائل فون پڑے ہوئے ہیں، میں صرف اپنا اور اپنی پھوپھو کا موبائل فون اٹھاتی ہوں اور گاڑی کی طرف آتے ہوئے سوچتی ہوں کہ جس نے بلایا تھا وہ تو آیا ہی نہیں۔ اتنے میں آواز آتی ہے مجھ سے ملے بغیر واپس جارہی ہوں۔ میں مڑ کر دیکھتی ہوں تو پوچھتی ہوں آپ کون ہیں؟ میں نے آپ کو پہچانا نہیں۔ وہ کہتا ہے میں نوید ہوں۔ میں بہت خوش ہوتی ہوں کہ نوید کتنا خوبصورت اور ماڈرن ہے وہ مجھے اپنے ساتھ ایک زیر تعمیر بلڈنگ کے سامنے لے جاتا ہے اور کہتا ہے کہ میں یہاں انٹرویو دینے آیا تھا اور میں سلیکٹ بھی ہوگیا ہوں۔ وہاں ایک لڑکی بھی ہوتی ہے جو مجھ سے ہنس ہنس کر باتیں کرتی ہے۔ پھر ہم واپس آتے ہیں، پتا نہیں گاڑی کون چلا رہا ہے گاڑی سے مجھے ایک اور موبائل فون ملتا ہے جو حقیقت میں گم ہوگیا ہے۔ (ک۔ش۔لیہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق جو استخارہ آپ چاہتی ہیں، وہ بالکل واضح ہے کہ نوید نامی لڑکے کے ساتھ آپ کی ازدواجی زندگی بہت اچھی گزرے گی اور وہ آپ کا بہترین شریک زندگی ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ بعد نماز عشاء یَا لَطِیْفُ 129 مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

اللہ کا شکر ادا کریں: میں نے دیکھا کہ میں اور میرے خاندان والے سب پکنک پر گئے ہیں میں اور میرے دو کزن اور میرے ماموں ساتھ گھر والوں سے کچھ دور بیٹھے ہیں۔ ہم چاروں پانی کے قریب بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں اتنے میں اپنا ہاتھ ریت میں ڈالتا ہوں اور ریت کو ٹٹولتا ہوں۔ ریت میں سے مجھے ایک سونے کی انگوٹھی ملتی ہے میرے کزن اور ماموں دیکھ لیتے ہیں اس کے بعد سب ریت میں کچھ اور ڈھونڈنے کیلئے ہاتھ مارتے ہیں مجھے بہت سے کڑے اور انگوٹھیاں اور مل جاتی ہیں، تو سب مجھ کو برا بھلا کہنا شروع کردیتے ہیں میں وہ سب کچھ جیب میں ڈال کر وہاں سے بھاگ کر گھر آجاتا ہوں۔ پھر اس میں سے ایک انگوٹھی جس پر حرف "ن" واضح طور پر لکھا ہوتا ہے مجھے پسند آتی ہے۔ (محمد اقبال، شاہدرہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو خوشخبری دی گئی ہے کہ آپ کو ایسی نعمت عطا کی جائے گی جس سے آپ کا پورا خاندان مستفید ہوگا۔ یہی مراد حرف "ن" سے ہے۔ آپ ہر وقت اللہ کا شکر ادا کیا کریں، بالخصوص بعد نماز فجر ایک تسبیح تیسرے کلمہ کی ضرور پڑھ لیا کریں۔

مرحوم والد کو دیکھا: میں نے اپنے والد مرحوم کو دیکھا کہ وہ ٹیبل پر رکھا ہوا پانی جو دم کیا ہوا ہوتا ہے اٹھا کر چھڑک رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ میرے بچوں کو اب ختم کیا جارہا ہے، پہلے میرے پیچھے لگے ہوئے تھے۔ تھوڑی دیر بعد وہ میرے بڑے بھائی کے بستر کے پاس آکر پانی چھڑکتے ہیں۔ اتنی دیر میں سب سے چھوٹا بھائی اٹھ کر اپنے بستر پر خوبصورت چادر بچھا کر انہیں بٹھا دیتا ہے، وہ خوش ہو کر کہتے ہیں دیکھا میرے بیٹے نے مجھے بادشاہوں کی طرح بٹھا دیا ہے۔ پھر میری جانب دیکھ کر بتاتے ہیں، مجھے بھائی نے دولت کی خاطر مار ڈالا، اب وہ میرے بچوں کو ختم کرنا چاہتا ہے۔ انہیں دیکھنے کیلئے کچھ برقع پوش عورتیں اور چھوٹے بچے موجود ہوتے ہیں، جو کہتے ہیں ان کے کپڑے کتنے چمکدار ہیں، ان کے چہرے پر کتنا نور ہے۔ میرے والد میری بے چینی دیکھ کر کہتے ہیں ٹھہرو! ابھی فجر میں کچھ وقت باقی ہے، تھوڑی دیر بعد کہنے لگے اب جاؤ اذان فجر شروع ہورہی ہے، پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (سویرا، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے والد صاحب انتقال کے بعد اچھی حالت میں ہیں اور آپ سے اب اس بات کی توقع رکھتے ہیں کہ انہیں نفلی عبادات وصدقات کرکے ثواب پہنچایا جائے۔

اچھا رشتہ: میں نے اپنی پسند کی شادی کیلئے استخارہ کیا تو دیکھا کہ میں اپنے سونے کے کمرے میں بیٹھی باریک باریک پیاز کاٹ رہی ہوں، میری خالہ میرے پاس صوفے پر بیٹھی ہیں اور میری بہن چارپائی پر بیٹھی ہوئی ہے کمرے میں زیرو کا بلب روشن ہے، میرے ذہن میں ہے کہ میرے امی کزن نے اپنی پسند سے میرا رشتہ لینے بھیجا ہے ورنہ اس کی امی کو نہیں آنا تھا۔ میں کمرے میں جس جگہ بیٹھ کر پیاز کاٹ رہی ہوں وہاں سے ہمارے گھر کے برآمدے اور صحن کا تھوڑا تھوڑا حصہ نظر آتا ہے، وہاں پر بہت زیادہ اندھیرا ہے لیکن اس میں تھوڑی روشنی بھی ہے، میری خالہ اور میری بہن میرے ہی بارے میں بات کررہی ہیں، میں ان کو کہتی ہوں کہ آہستہ بولو کوئی سن لے گا۔ اس کے بعد میں دیکھتی ہوں کہ میں اپنے بھائی کی سفید رنگ کی گاڑی میں بیٹھی ہوں اور اپنی پسند کی کتاب ڈھونڈتی ہوں۔ مجھے اپنی پسند کی کتاب مل جاتی ہے پھر منظر بدلتا ہے میں کچن میں اپنے لئے روٹی پکارہی ہوں، روٹی پکی گول تھی پھر چوکور ہوگئی۔ کچن میں بہت زیادہ اجالا ہے، ساتھ والے چولہے پر میری بہن روٹیاں پکارہی ہے، میری بہن کہتی ہے کہ سالن گرم کرلو۔ میرا سالن گرم کرنے کو دل نہیں چاہتا لیکن میں پھر بھی کرلیتی ہوں۔ (ق۔ن، فیصل آباد)

تعبیر: آپ نے جو استخارہ کیا ہے، اس میں اس بات کا اشارہ ہے کہ اگر مناسب طریقے سے رشتہ کی بات آگے بڑھائی جائے تو اس جگہ رشتہ بہت بہتر ثابت ہوگا۔ آپ یَا لَطِیْفُ یَا مُجِیْبُ بعد نماز عشاء 100 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

روشن صبح: میں نے دیکھا کہ ہم سب اہل خانہ سمندر پر جارہے ہیں جب ہم وہاں پر پہنچتے ہیں تو شام ہوچکی ہوتی ہے میں کہتی ہوں کہ یہ شام کا وقت ہے جب ہم یہاں سے جاتے ہیں آج ہم اس وقت یہاں آئے ہیں پھر ہم ایک ہٹ میں چلے جاتے ہیں، ہٹ کے ایک کمرے میں سمندر کا پانی آرہا ہوتا ہے پھر میں اور میری چھوٹی بہن اس کمرے کے پانی میں کھڑے ہوجاتے ہیں۔ مجھے ہٹ میں ایک سوراخ بہت بڑا نظر آتا ہے، میں اس میں جھانکتی ہوں تو اس میں ترتیب سے صفیں بچھی ہوتی ہیں اور مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ان صفوں کے پیچھے ایک بزرگ کی قبر ہے، میں دیکھتی بھی ہوں مگر قبر مجھے نظر نہیں آتی۔ پھر سلسلہ ختم ہوگیا۔ (غ۔ش)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو انشاء اللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق نصیب ہوگی اور نیک اعمال میں دلچسپی ہوگی، تاہم آپ اپنے اوقات کو ضائع ہونے سے بچائیں اور اکثر اوقات میں استغفار اور درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔

(بقیہ: آئیے سیرت پاک کو پھیلانے کی فکر کریں)

علماء اور مفتیان کو خیال ہورہا ہے کہ صحابہ ضرور ایسے ہوتے ہوں گے تو اگر ہم اس نبی رحمت ﷺ کی سیرت، آپ ﷺ کے دین و اخلاق سے اس ملکی اور بیرونی انسانیت کو متعارف کرانے کا فریضہ ادا کرتے تو کتنے لوگ جوق در جوق اسلام میں آتے، کاش! ہم اپنی ذمہ داری محسوس کرتے؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

دوسروں کا بھلا سوچا

اللہ نے میرے بیٹے کی جان بچالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں خود عبقری رسالہ انتہائی شوق سے پڑھتا ہوں۔ انسان کی زندگی میں طرح طرح کے واقعات، حالات، قصے، کہانیاں رونما ہوتے ہیں بعض ناقابل فراموش ہوتے ہیں۔ بہرحال میں ناقابل فراموش کہانی عبقری کے محترم قارئین کے نام لکھ رہا ہوں۔ انشاء اللہ محترم قارئین عبقری کو پسند آئے گی۔ 1996ء میں پاراچنار کے حالات کی وجہ سے ہم سب گھر والے ٹل سٹی میں رہائش کرنے لگے۔ میرا پیشہ ڈرائیوری تھا' میں پاراچنار، پشاور اور بعد میں صرف ٹل وغیرہ میں کوچ چلاتا تھا۔ میری یہ عادت تھی جب کبھی مستری گاڑی میں کام کرتا تو میں ضرور گاڑی کی خود صفائی کرتا' سروس کراتا' اگر مجھے فرصت ہوتی تو خود کہیں پانی والی جگہ لے جاتا اور صفائی کرتا تاکہ کسی سواری کے کپڑے وغیرہ گندے نہ ہو جائیں۔ اس روز مستری سے فارغ ہوکر گھر آکر کوچ کو صاف کرنے کیلئے دریائے کرم لے جانے کیلئے پروگرام بنایا۔ ٹل سٹی کے نزدیک ٹل روڈ پر تھوڑے فاصلے پر تو رپل کے نزدیک مغرب سائیڈ دریائے کرم بہتا نظر آتا ہے۔ یہ پانی ٹل سے جاتے ہوئے علاقہ بنوں میں ختم ہوجاتا ہے۔ میرے ساتھ میرے بھائی جن کی عمر 25 سال' بیٹی عمر 8 سال' بیٹا عمر 6 سال' بیٹا عمر 4 سال۔ دریائے کرم جانے کیلئے اصرار کرنے لگے۔ مغرب کی اذان کو تقریباً گھنٹہ باقی تھا۔ میں نے اور ان کی والدہ نے کہا وقت کم ہے' آپ سب نہ جائیں کیونکہ گرمی کے ایام میں دریا تیز ہوکر بربادی کرجاتا ہے یہ سب ضد کرنے لگے۔ ان سب کو لے کر میں نے کوچ کو کم بہاؤ والے پانی میں کھڑی کی اور دریا کے زیادہ بہاؤ والے پانی سے کچھ فاصلے پر رہا۔ میں نے اپنے بھائی کو تاکید کی کہ آپ میرے دونوں بیٹوں کا خیال رکھیں اور بیٹی کو کہا کہ آپ میرے ساتھ مدد کریں' پانی کے گیلن کو جلدی جلدی بھر کر مجھے دیں تاکہ میں کوچ کو جلدی سے صاف کرلوں کیونکہ وقت بہت کم ہے۔ وقت گزرتا گیا مغرب کی اذان کو تقریباً پندرہ، بیس منٹ باقی تھے' اسی دوران بیٹی جو گیلن میں مجھ تک پانی لاتی اور میں کوچ پر ڈالتا۔ اچانک اس کے منہ سے ایک خطرناک چیخ نکلی میں نے جب اس کی طرف دیکھا' ایک پاؤں اٹھاتی ہوئی خون میں لت پت تھی' میں جلدی وہاں پہنچا۔ دیکھا کیکر کے درخت کا ایک بڑا کانٹا اس کے پاؤں کی ایڑی میں گھس گیا ہے میں نے فوراً نکالا اور یہ فکر کرتے ہوئے کہ کہیں کسی اور جاندار کو تکلیف نہ ہوجائے وہاں پر ایک بڑا پتھر ہٹا کر اس کے نیچے کانٹے کو دفنا دیا۔ میں بیٹی کے زخمی پاؤں کی فکر میں سرگرداں تھا اسی اثنا میں میرا بڑا بیٹا آگیا اور کہا میرا چھوٹا بھائی نہیں ہے۔ مغرب کی اذان شروع ہوچکی تھی شام کے سائے چھانے لگے تھے۔ ان کی ماں بھی کہہ رہی تھی کہ ان کو دریا پر نہ لے جائیں کیونکہ وقت بہت کم ہے۔ میں نے اپنے چھوٹے بھائی کی طرف دیکھا گھبرایا ہوا کھڑا تھا' میں نے بچے اس کے حوالے کیے تھے' میں نے اس کے ساتھ مزاحمت' تکرار میں وقت ضائع نہیں کیا۔ پھر رات کا اندھیرا چھا گیا تھا۔ میں انتہائی پریشانی میں بیٹھ گیا مجھے کچھ سمجھ نہ آرہا تھا' ان کی ماں کا خیال آیا تو اور گھبرا گیا اس کو کیا جواب دوں گا؟ دریا کی طرف اردگرد آنکھوں سے خوب جائزہ لیا۔ تقریباً پندرہ بیس گز فاصلے پر ایک سیاہ دھبہ پانی میں تیرتا ہوا نظر آیا۔ میں نے دوڑ لگائی' اللہ کا نام لے کر وہاں پہنچ گیا۔ میرے بیٹے کو دریا کبھی اوپر اور کبھی نیچے ڈبو رہا تھا۔ میں نے اس کو پکڑ لیا' اگر تھوڑا وقت ضائع کرتا' دریا کا زیادہ بہاؤ والا پانی اس سے تھوڑے فاصلہ پر تھا۔ خدانخواستہ اگر یہ وہاں گرجاتا پانی اس کو وہاں لے جاتا پھر اس کا ڈھونڈنا ناممکن ہوجاتا۔ اللہ رب العزت نے بہت مدد کی' اس کو اللہ نے دوبارہ زندگی دی۔ میرا بچہ بالکل صحیح سلامت تھا۔ میرا بڑا بیٹا کہہ رہا تھا مجھے بالکل بھی سمجھ نہیں آیا کہ کب غائب ہوگیا البتہ اتنا معلوم ہے کہ ہم ایک دوسرے کو کنکر مار رہے تھے۔ وہ کچھ دیر بے سدھ پڑا رہا اور تھوڑی ہی دیر بعد اس کے اوسان بحال ہوئے اور یہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اب الحمدللہ سیکنڈ ایئر کا طالب علم ہے۔ اللہ رب العزت نے اس کو اس وقت نئی زندگی دی ورنہ یہ تو موت کے منہ میں چلا گیا تھا۔ بے شک قدرت کے کھیل کچھ زیادہ ہی نرالے ہوتے ہیں۔ محترم قارئین! مجھے اپنی دعاؤں میں شامل رکھیے گا' شاید اس کہانی سے کسی کو سبق حاصل ہوجائے کیونکہ معمولی غفلت سے آپ کا کوئی اپنا آپ سے بچھڑ سکتا ہے پھر عمر بھر غم برداشت کرنا پڑتا ہے۔

شراب کی عادت چھوٹ سکتی ہے دیر کیسی؟

قارئین! آپ کے پاس کوئی ٹوٹکہ یا وظیفہ ہو جس کے پڑھنے یا کرنے سے شراب کی عادت چھوٹ جائے کیونکہ عبقری سے بہت زیادہ قارئین شراب چھوڑنے کا علاج پوچھتے ہیں۔ اگر آپ پاس ہو تو عبقری کو ضرور بھیجیں۔

عبقری سے سب کچھ پانے والے

ہر مسئلے کا حل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پہلی دفعہ آپ کو خط لکھ رہی ہوں۔ جون 2013 کا عبقری رسالہ لے کر پڑھا تھا تعارف تو آپ کا پہلے بھی دو انمول خزانہ کے توسط سے تھا۔ پانچ چھ سال پہلے دو انمول خزانہ مجھے کہیں سے پڑھنے کو ملا' بہت فائدہ ہوا۔ عبقری پڑھا ہے تو خط لکھنے پر مجبور ہوگئی ہوں۔ بہت فائدہ مند رسالہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اسی طرح خدمت خلق کی توفیق دیتا رہے۔ اس رسالے نے میرے بہت مسائل حل کیے ہیں۔ (ق،ش)

عبقری کے ذریعے سب کچھ ملا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو میں آپ کیلئے دعاگو ہوں جس طرح آپ عبقری کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں اور ہم جیسے بہت سے لوگ اس سے فیض یاب ہورہے ہیں۔ میں ایک سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں۔ عبقری کے توسط سے اللہ رب العزت نے مجھے بہت کچھ عطا کیا ہے جس کا میں تصور بھی نہیں کرسکتی تھی۔ اس میں چھپے وظائف پڑھ کر اللہ نے ہمیں بہت عزت بخشی اور منافقوں کے شر سے بچایا۔ (عظمیٰ فرحت کمال' نواب شاہ)

عبقری شفاء کا خزانہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ 2012ء سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' کیونکہ ہم لوگ عرصہ دراز سے بہت سی پریشانیوں اور بیماریوں میں گھرے ہوئے تھے عبقری سے بہت سکون ملا۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ مجھے کافی عرصے سے لیکوریا اور معدے میں گیس کا مسئلہ تھا گیس کی وجہ سے سر چکراتا تھا' چکر آتے' پریشان کن خیالات آتے' بائیں سائیڈ سر بھاری رہتا' مجھے معدے میں جلن تھی نہ ہی درد ہاں پیٹ میں اکثر درد رہتا۔ دوسری مرتبہ ٹوائلٹ جانے پر طبیعت خراب ہوجاتی' زور زور سے دل دھڑکتا' ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوجاتے' پھر میں نے عبقری سے دیکھ کر اسپغول' کلونجی، شہد والی دوائی بنا کر تقریباً چار ماہ کھائی اس سے مجھے یہ افاقہ ہوا کہ نہ پیٹ میں درد ہوتا ہے نہ دوسری مرتبہ ٹوائلٹ جانا پڑتا ہے۔ ہم نے عبقری دواخانہ سے شفائے حیرت، بنفشی قہوہ، ستر شفائیں استعمال کیں ان کے استعمال سے بہت فرق پڑا ہے۔ بہت لاجواب ادویات ہیں۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ عبقری کی وجہ سے ہمارے مسائل حل ہوئے۔ ہم لوگ آپ کا درس بھی سنتے ہیں۔ ہر نماز میں روحانی منزل' وارالتوبہ' تسبیح خانہ' دردگل کیلئے دعا ضرور کرتے ہیں۔ اللہ مزید ترقی عطا کرے۔ (حوریہ یمن' نوشہرو فیروز)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

خواتین پوچھتی ہیں؟

(ام اوراق)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

کارٹون اور ہماری نئی نسل: ہمارا مشترکہ خاندانی نظام ہے' ایک ہی گھر میں چار پانچ بہوئیں رہتی ہیں۔ بچے بھی تین سے لے کر گیارہ سال تک کے ہیں۔ چند ماہ سے میں دیکھ رہی ہوں کہ بچے بگڑتے جا رہے ہیں۔ ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتے ہیں۔ بچے شرارتی ہوتے ہیں مگر کارٹون دیکھ دیکھ کر ان کی زبان خراب ہوئی ہے۔ کاغذ کے پرزوں پر نجانے کیا لکھ کر ایک دوسرے کو دیتے رہتے ہیں۔ میں نے اپنی ساس سے ذکر کیا تو وہ ناراض ہوگئیں' کہنے لگیں: ننھے منے بچے ہیں' کارٹون دیکھ کر اگر انہوں نے کچھ لکھ دیا تو کیا ہوگیا؟ آپ ذرا کارٹونوں کے نقصانات پر قلم اٹھائیے' ان کی وجہ سے ہماری نئی نسل بگڑ رہی ہے۔ (ام ابوبکر)

مشورہ: جدید دور کے ان کارٹونوں نے واقعی بچوں کی ذہنیت خراب کردی ہے۔ پہلے زمانے میں دادا' دادی بیٹھ کر بچوں کو کہانیاں سناتے تھے۔ ان میں اخلاقی سبق ہوتے تھے جو تمام عمر کے ننھے منے ذہنوں پر نقش ہوجاتے تھے۔ اب تو کسی کے پاس وقت نہیں رہا۔ اس زمانے میں جہاں کئی سہولتیں میسر ہیں' تو مسائل بھی بہت ہیں۔ ٹی وی پر بچے پروگرام دیکھتے ہیں۔ ان میں کچھ اچھے بھی ہیں۔ بچوں کو کچھ نہ کچھ سکھاتے اور بتاتے ہیں۔ آپ بچوں کو ان کی طرف راغب کریں۔ ان سے کہیے وہ بھی دیکھ کر سیکھیں' چیزیں بنائیں اور مصروف رہیں۔ بچوں کو کچھ نہ کچھ سکھاتے اور بتاتے رہیں۔ آہستہ آہستہ بچوں کی تربیت کریں۔ بچوں کو ٹی وی سے بچا کر خود وقت دیں اور انہیں اصلاحی کہانیاں سنائیں' آج کل کے بچے تو سلام بھی نہیں کرتے' زیادہ ہو تو ہاتھ بڑھا دیتے ہیں۔ اسی طرح خدا حافظ کے بجائے ہاتھ ہلا کر اشارہ کرتے ہیں۔ گھر میں آتے ہی بستہ پھینک کر کارٹون لگا لیتے ہیں۔ ایک آٹھ سالہ بچی بہت اچھے سکول میں پڑھتی ہے' اس کیساتھ ایک لڑکا بھی بیٹھتا ہے۔ پڑھائی میں بہت ذہین' امتحان میں بچی کے نمبر کم آئے تو وہ جماعت سے باہر آکر لڑکے کا ہاتھ پکڑ کر کھڑی ہوگئی' بولی! میرے نمبر تمہاری وجہ سے کم آئے' تم مجھ پر ذرا سی توجہ نہیں دیتے اور میں تمہارے بغیر رہ نہیں سکتی۔ ساری جماعت ہنس ہنس کر تماشا دیکھ رہی تھی۔ ان میں سے ہی کسی نے بچی کے گھر فون کرکے ساری بات بتائی تو ماں حیران رہ گئی۔ آج کے بچے بہت تیز ہیں اپنی عمر سے کہیں زیادہ۔ آپ گھر والوں سے کچھ نہ کہیے' بچوں کو اکیلے ٹی وی نہ دیکھنے دیں' انہیں پیار سے سمجھائیں۔ اللہ انہیں ہدایت دینے والا ہے۔

کھانسی کا دورہ: موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی مجھے کھانسی کا دورہ پڑتا ہے جو بغیر دوا کے ٹھیک نہیں ہوتا۔ سانس کی شدید تکلیف ہوتی ہے۔ مجھے بچپن سے یہ تکلیف ہے۔ اب چالیس سال کا ہوں' غریب آدمی ہوں۔ اس کے باوجود پیٹ کاٹ کر سٹیرائیڈز خریدتا ہوں۔ معدہ بالکل خراب ہے۔ کیا یہ تکلیف کبھی دور ہوگی؟ کوئی ٹوٹکہ بتائیے۔ (ج، جھنگ)

مشورہ: دمہ کی تکلیف واقعی جان لیوا ہوتی ہے۔ سانس کی گہری مشق سے بھی فرق پڑتا ہے۔ صبح سورج نکلتے وقت پانچ دس منٹ سانس کی ورزش کرلی جائے تو فرق پڑ جاتا ہے۔ اس بیماری کی دوائیاں بھی بہت اور ٹوٹکے بھی۔ کوئی سور کے پر جلا کر علاج کرتا ہے۔ کچے امرود پر آٹا لپیٹ کر آگ میں دباتے ہیں۔ آٹا پک جائے تو اتار کر گرم گرم امرود کالی مرچ' نمک کے ساتھ کھاتے ہیں۔ گیارہ دن کھانے سے فرق پڑتا ہے۔ کسی اچھے حکیم سے دوا لیجئے۔ اس کے علاوہ کسی قاری کے پاس آزمودہ نسخہ ہوتو ضرور بتائیں۔ پرانے مرض میں صرف ٹوٹکہ کام نہیں کرتا۔ دیسی ادویات حکیموں کے مطب میں مل جاتی ہیں' آپ ان سے رجوع فرمائیں۔

بچوں کی ناک اور سردیاں: سردیاں شروع ہوتے ہی میرے بچوں کی ناک بہنے لگتی ہے۔ حالانکہ وہ آٹھ' دس' گیارہ سال کے ہیں۔ پوری سردی یہی حال رہتا ہے۔ مہینے میں کئی دفعہ ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا ہے۔ اس تکلیف کا کوئی علاج بھی ہے یا نہیں؟ میں بہت پریشان ہوکر لکھ رہی ہوں۔ (علینہ' گوجرانوالہ)

مشورہ: بچے عموماً سردیوں میں نزلہ زکام میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ بعض دفعہ کھانسی ہوجاتی ہے اور سینہ جکڑا جاتا ہے۔ میرا اپنا تجربہ ہے بچوں کو اگر 14 نومبر سے جنوری فروری تک بچوں کو مچھلی کے تیل کا کیپسول روزانہ کھلا دیا جائے تو بچوں کی صحت برقرار رہتی ہے۔ بازار سے آپ مچھلی کے تیل والی سنہری گولیاں خرید لیجئے۔ مچھلی کا تیل محفوظ طور پر بند ہوتا ہے۔ مچھلی کا تیل پیتے ہوئے بچے گھبراتے ہیں لیکن کیپسول شوق سے کھا لیتے ہیں۔ سردی شدید ہو تو ہفتہ میں ایک بار مچھلی ضرور پکائیے' مچھلیوں کے سر صاف کرکے ان کا شوربہ بنائیں۔ ان کو ٹھنڈ نہیں لگے گی اور نہ ہی نزلہ ہوگا۔ مچھلی کا تیل بچوں کی ذہانت و کارکردگی کو بھی بڑھاتا ہے۔ آپ بچوں کو کھلائیے' ان کی قوت مدافعت بڑھ جائے گی۔ نزلہ زکام سے بھی محفوظ رہیں گے۔

دانت اور سردرد: پچھلے دنوں میرے دانتوں میں تکلیف رہی۔ ساتھ ساتھ سر میں بھی درد کی ٹیس اٹھنے لگی۔ میں درد دور کرنے والی دوا نہیں لینا چاہ رہی تھی۔ ڈاکٹر نے مجھے "ایکو پریشر" کے متعلق معلومات لکھی تھیں۔ میری الٹی طرف کی داڑھوں میں درد تھا۔ میں نے الٹے ہاتھ کا انگوٹھا اور شہادت کی انگلی ملا کر زور سے دو دو منٹ داڑھیں دبائیں۔ ہدایت تھی کہ بائیں طرف کے دانت درد میں بایاں ہاتھ دبایا جائے۔ چند منٹ دبانے کے بعد محسوس ہوا کہ درد ختم ہو رہا ہے۔ دو منٹ دبا کر پھر چھوڑ دیا۔ دوبارہ دبایا تو سردرد اور دانت درد دونوں غائب تھے۔ دباؤ سے علاج کے بارے میں مزید پڑھا تو کئی باتیں سامنے آئیں۔ سر اور دانت کے درد میں آپ دونوں ہاتھوں کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی پہلی پور کے درمیان میں رکھ کر گھڑی دیکھ کر دبائیے۔ تکلیف ہوگی مگر آپ دباتے رہیں۔ ڈھائی تین منٹ بعد چھوڑ دیں' پھر دبائیں' پھر چھوڑ دیں۔ چھ سات منٹ دباؤ سے درد غائب ہوجائے گا۔ زیادہ چلنے پھرنے سے پاؤں دکھنے لگیں تو ایک گول بیلن پر لکڑی کا گول ٹکڑا لے کر اس پر دونوں پاؤں رکھیں۔ گول ٹکڑے کو پاؤں سے آگے پیچھے کرتے جائیں۔ میرے پاس سخت گتے کا گول لمبا ڈبا تھا۔ دونوں پاؤں رکھ کر آگے پیچھے دس بارہ منٹ حرکت دیتی رہی۔ صوفے پر بیٹھ کر یہ ورزش کی۔ پاؤں کے تلوؤں میں بھی کچھ ایسی جگہیں ہیں جو دب جائیں تو تھکن دور ہوجاتی ہے۔ میری بھی ساری تھکن دور ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم میں ایسا نظام رکھا ہے جسے دبا کر ہم تکلیف سے نجات پا سکتے ہیں۔

ہمارے بڑے بوڑھوں کے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے کچھ گھریلو ٹوٹکے میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں:۔ 1۔ نوعمری میں خاص طور پر جب چہرے پر دانے نکل آتے ہیں جن کو نانی یا دادی اماں جوانی کے دانے کہتے ہیں تو اس وقت چہرے پر کسی بھی قسم کی کریم یا کسی بھی ٹوٹکے سے پرہیز کریں اور اپنے چہرے پر (بیسن میں تھوڑا سا پانی ملا کر پیسٹ بنالیں) لیپ کرلیں تقریباً ایک سے دو گھنٹے تک ایک ہفتے میں ہی ان شاء اللہ رزلٹ سامنے آجائے گا اور آپ کا چہرہ دانوں سے صاف ہوجائے گا۔ آزمودہ ہے۔ 2۔ دانتوں میں سفیدی اور چمک لانے کیلئے برش پر کوئی بھی ٹوتھ پیسٹ لگالیں اور اس پر ایک چٹکی نمک اور ایک چٹکی میٹھا سوڈا چھڑک کر اپنے دانتوں پر دو منٹ تک لگا رہنے دیں' ان شاء اللہ آپ مایوس نہیں ہوں گے۔ یہ بھی آزمودہ ہے اور بہترین نتائج کیلئے صبح و شام استعمال کریں۔ (نیلم لاہور)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

محمد جاوید اعظم، گجرات

کچنار! لاجواب ذائقہ بے مثال فوائد

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے یہ بہترین سبزی ہے۔ یہ کھانسی اور اسہال کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ جن بچوں کی کانچ نکل آتی ہو انہیں کچنار کھلانے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ امراض نسواں میں یہ بہترین دوا ہے۔ کثرت طمث میں بے حد مفید ہے۔

کچنار اور کچنال دو مشہور ناموں سے یہ درخت پاک و ہند میں جابجا پایا جاتا ہے مگر خاص طور پر اسے اس اہتمام سے نہیں لگایا جاتا جس طرح سنگترے اور مالٹے لگاتے ہیں حالانکہ یہ ان سے بڑی فوقیت اور خوبیاں رکھتا ہے۔ کچنال کے پھولوں پر پھلیاں لگتی ہیں یہ پھلیاں ایک ایک بالشت لمبی ہوتی ہیں۔ اس کے خام غنچہ کو گوشت کے ساتھ پکاتے اور روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں جو بے حد لذیذ ہوتی ہیں۔ اس کے بیجوں سے ایک قسم کا تیل بھی نکلتا ہے اور پھلیوں کا اچار بھی ڈالتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ یہ ایک مصفی خون درخت یا سبزی ہے جو ہم استعمال کرتے ہیں۔ کھ مالا یعنی خنازیر کو رفع کرتا اور خون سے اس کا زہریلا پن زائل کرتا ہے۔ اس کے درخت کی چھال بھی مصفی خون ہے جو اندرونی جراحات اور خون کی خرابیوں کا ازالہ کرتی ہے۔ خون میں اگر صفرا کی زیادتی ہو تو اس کے استعمال سے زائل ہوجاتی ہے اور مقعد کے امراض دور ہوجاتے ہیں۔ ویدوں نے کچنال کے پھولوں کی تین مختلف رنگوں کی نسبت سے اس کے افعال و خواص میں بھی تفریقی خواص پیدا کردیئے ہیں۔ چنانچہ وید کہتے ہیں کہ سفید رنگ کا کچنال آب و ہوا کے زہریلے اثرات کو دور کرتا ہے اس کا جوشاندہ پلانے سے ملیریا کا اثر بھی زائل ہوتا ہے اور قلاع دہن کو آرام ملتا ہے۔ پیلے کچنال کے جوشاندہ سے آنتوں کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ اس کی سوکھی پھلیوں کے سفوف سے آنتوں کے دست بند ہوجاتے ہیں اور زخموں کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ اس کی کلیاں سرد اور قابض ہیں۔ سرخ کچنال کی جڑ کا جوشاندہ پلانے سے ضعف ہاضمہ درست ہوجاتا ہے۔ اکثر اجوائن سے ملا کر پھکی دیتے ہیں۔ اس کے پھولوں کا گلقند بھی بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ اس کی طبع بھی ملین ہے۔ بعض اطباء بابچی کے تیل کی آمیزش سے اس کی پھلیوں اور پھلوں سے ایک دوا تیار کرتے ہیں جو جزام تک کو درست کرتی ہے۔ کہتے ہیں کہ سونا مکھی کا کشتہ قدرے اس کی پھلیوں کے سفوف پر برک کر کھلائیں تو چیچک دب جانے کا عارضہ ختم ہوکر دانے باہر نکل آتے ہیں اور اس کی مضرتیں زائل ہوجاتی ہیں۔

اگر مولسری کے درخت کے پھول اور پھلوں سے کچنار کی پھلیاں اور پھول ملا کر مرکب دوا تیار کریں تو سیلان، جریان اور احتلام کا قلع قمع ہوتا ہے اور امراض منی ہمیشہ کیلئے دور ہوجاتے ہیں۔ ہماری رائے یہ ہے کہ ان دونوں کے مرکبات پر اگر زیادہ توجہ دی جائے تو بڑی سرعت سے ذکاوت حس اور اس قسم کے شدائد سے تکلیف پہنچانے والے امراض سے دور ہوسکتے ہیں۔ اگر کچنار میں بکرے کا اچھا گوشت شامل کرکے کھائیں تو بے حد لذیذ ہوجاتا ہے اور خوب تقویت بخشتا ہے۔ نمک اور گرم مصالحوں سے اس کی خوب اصلاح ہوتی ہے چونکہ اس کا پھول اور پھل قلیل المیعاد ہوتا ہے اس لیے جو کچھ تیار کرنا ہو وہ ان ہی دنوں میں تکمیل کو پہنچا لینا چاہیے۔ **کچنار کے چند نسخہ جات: بواسیر کیلئے:** خشک کلیوں کا سفوف میں ہموزن مصری ملا کر ایک ماشہ روزانہ مکھن کے ساتھ چاٹنے سے خونی بواسیر ایک ہفتہ میں ختم ہوجاتی ہے۔ **ایک ہفتہ میں معدہ طاقتور خون صاف:** معدہ کو طاقت دینے اور خون صاف کرنے کیلئے کچنار کی چھال پانچ تولہ ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان کر تین تولہ شہد ملا کر پینا چاہیے۔ ایک ہفتہ استعمال کریں۔ **انتڑیوں اور پیٹ کے کیڑے مارنے کیلئے:** انتڑیوں اور پیٹ کے کیڑے مارنے کیلئے کچنار کا جوشاندہ پلانا انتہائی مفید ہے۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے یہ بہترین سبزی ہے۔ یہ کھانسی اور اسہال کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ جن بچوں کی کانچ نکل آتی ہو انہیں کچنار کھلانے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ امراض نسواں میں یہ بہترین دوا ہے۔ کثرت طمث میں بے حد مفید ہے۔ پیشاب کے امراض میں کچنار بہت فائدہ دیتی ہے۔ **ورم جگر دور:** ورم جگر دور کرنے کیلئے کچنار کی جڑ کی چھال کا جوشاندہ پینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اس کی چھال کے رس میں کافور یا زیرہ ملا کر استعمال کرنے سے جگر کی گرمی رفع ہوتی ہے۔ **دست فوری بند:** کچنار کی سوکھی پھلیوں کا سفوف نو ماشہ سے ایک تولہ تک کھانے سے آؤں کے دست فوراً بند ہوجاتے ہیں۔ اس کی پھلیوں کا اچار بھی ڈالا جاتا ہے جو بہت اچھا ذائقہ والا ہوتا ہے۔ کچنار کے موسم میں آپ اسے ضرور استعمال کیجئے۔ قدرت کی اس نعمت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ کچنار کے درخت کی چھال اور گوند بھی کام آتے ہیں۔ الغرض اللہ نے اس درخت میں بے شمار فوائد رکھے ہیں۔

ناف میں تیل لگانے کا ٹوٹکہ میں نے بھی آزمایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہاں ذیل میں اپنے تین آزمودہ ٹوٹکے قارئین عبقری کیلئے ہدیہ کررہی ہوں۔ مجھے ماہواری کا مسئلہ کچھ سالوں سے درپیش تھا‘ تین ماہ سے پہلے ماہواری نہیں ہوتی تھی‘ آپ نے ایک مرتبہ درس میں ناف میں تیل لگانے کا کہا تھا‘ میں نے ناف میں پٹرولیم جیل لگانا شروع کردی ابھی پانچ چھ دن ہی لگائی تھی کہ ڈیڑھ ماہ بعد ہی ماہواری شروع ہوگئی۔ اب الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میری امی کو گیس کی شکایات رہتی تھیں جب سے انہوں نے ناف کرنے والا عمل کیا اب انہیں اللہ کا شکر ہے گیس کی تکلیف نہیں ہوتی۔ میری باجی کے ہونٹ خشک رہتے انہوں نے بھی یہی ٹوٹکہ آزمایا وہ بھی بالکل ٹھیک ہیں۔ (فوزیہ علی‘ کراچی)

ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا گر

کاپی بنائیں یا ڈائری جس میں اپنے روحانی، طبی تجربات، کیفیات اپنی آزمائی ہوئیں یا بڑے بوڑھوں کے سنے ہوئے تجربات لکھیں۔ روزانہ لکھیں، چاہے ایک یا دو صفحات ہی کیوں نہ ہوں۔ کاپی مکمل ہونے پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کریں۔ ڈاک کے ذریعے یا دفتر ماہنامہ عبقری میں خود آکر جمع کروائیں اور ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا ذریعہ بن جائیں۔

مسافران آخرت

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم تقریباً 6 سال ایف ٹین فور اسلام آباد جناب ملک خلیل الرحمٰن کے بنگلے میں دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے تشریف لے جاتے تھے۔ یہ سلسلہ 1997-98ء سے شروع ہوا۔ ہر آنے والے دکھی کی خدمت، سچی خیرخواہی اور خلوص اس گھرانے کا شیوہ رہا‘ سچی سخاوت اور انسانیت کا مخلصانہ جذبہ ہی حضرت حکیم صاحب کو اس گھر میں چھ سال لاتا رہا۔ عورتوں اور مردوں کا ہجوم کے گھر کا ڈرائنگ روم اور ڈائننگ اور حتیٰ کہ بیڈ روم بھی لوگوں سے بھرے ہوئے ہوتے تھے لیکن ملک صاحب کا گھرانہ مخلصانہ خدمت میں پیش پیش رہا۔ 7 اگست بروز ہفتہ ملک صاحب کی اہلیہ محترمہ فوت ہوگئیں موصوفہ بہت زیادہ ذاکر‘ شاغل‘ عبادت گزار، مخلص اور مہمان نواز تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کروٹ کروٹ مغفرت فرمائے جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ چونکہ وہ حضرت حکیم صاحب کی محسنہ تھیں اس لیے تمام قارئین سے درخواست ہے ان کو پڑھ کر ضرور ہدیہ کریں۔ شکریہ!

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی محفل صحتی کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں! اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

نبوی ﷺ ٹوٹکہ نے دنیا کے ٹاپ ٹین ڈاکٹرز کو حیران کردیا

ہمارے ایک بزرگ اپنا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میرے گلے میں انفیکشن ہوگیا متعدد ادویات استعمال کیں مگر افاقہ نہ ہوا۔ ڈاکٹرز حضرات نے مشورہ دیا کہ آپ کم بولیں اور گلے کو خراب کرنے والی چیزیں مثلاً مٹھائیاں، آئس کریم، ترش چیزیں اور ٹھنڈا پانی چھوڑ دیں۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ خشک روٹی، سالن اور پانی کے علاوہ ہر چیز چھوٹ گئی۔ ماہرین طب نے بتایا گلے میں دو قسم کے بیکٹیریا Staphyloccus اور Chlymedomonos حملہ کرچکے ہیں۔ پھل کھانے اور مسواک کرنے سے بھی منع کردیا گیا۔ بخار کی علامات بھی شروع ہوگئیں ایک ہفتہ میں اٹھارہ پاؤنڈ وزن کم ہوگیا۔ نکسیر پھوٹنا شروع ہوگئی۔ پلیٹ لیٹس کی تعداد کم ہوگئی تو مختلف ماہرین طب جنرل (روس، امریکہ) نے ہڈی کا گودا چیک کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جسم میں خون پیدا کرنے کی صلاحیت ختم ہوچکی ہے۔ انہی دنوں حدیث پاک کی ایک کتاب کے مطالعہ کے دوران معلوم ہوا کہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ جب کسی کو زخم ہوجاتا تو ہم اس کو مہندی لگاتے تھے۔ مہندی زخم کو ٹھیک کرتی ہے۔ بزرگ نے سوچا کہ مہندی کو گلے میں لگایا نہیں جاسکتا بلکہ اس کے بجائے مہندی کے پتوں کو پانی میں ابال کر اس پانی سے غرارے شروع کردیئے۔ تین دن کے اندر گلے کا انفیکشن بالکل ختم ہوگیا۔ جس ریسرچ پر دنیا کے ٹاپ ٹین ڈاکٹرز ناکام ہوگئے۔ وہاں آقا کریم ﷺ کی حدیث نے تندرستی کا راستہ دکھایا۔ آزمانے پر معلوم ہوا کہ دنیا میں گلے کے انفیکشن کیلئے اس سے بہتر نسخہ موجود نہیں ہے۔

تلبینہ کمزوری کا علاج: بعض کتب میں حدیث پاک کا یہ مفہوم ہے کہ آپ ﷺ نے جبرائیل امین علیہ السلام سے اپنی تھکن کی شکایت کی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ ﷺ کو تلبینہ کے استعمال کا مشورہ دیا۔ تلبینہ بنانے کا طریقہ یہ ہے: جو کے دلیے کو دودھ میں ڈال کر کھیر بنالیں۔ اس میں چھوارے یا شہد ڈال لیں۔ صبح و شام استعمال کریں۔ اس سے تھکاوٹ دور اور ہیموگلوبن کی مقدار اعتدال پر آجاتی ہے۔ جو بوڑھے کمزوری سے گرتے ہیں ان کیلئے یہ اللہ کی عجیب نعمت ہے۔ جو بچے اپنا سبق جلدی بھول جاتے ہیں ان کی یادداشت کیلئے اکسیر ٹانک ہے۔ خون کی کمی میں ملوث افراد کیلئے تلبینہ نعمت سے کم نہیں۔

جب کولیسٹرول بڑھ جائے: جب خون میں کولیسٹرول حد سے بڑھ جائے تو ہارٹ اٹیک کا خدشہ ہر وقت سر پر منڈلاتا رہتا ہے۔ انسانی تاریخ میں ہارٹ اٹیک کو سب سے پہلے نبی کریم ﷺ نے تشخیص کیا جب حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرا سینہ گھٹتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ آپ کو دل کا عارضہ ہے۔ آپ ﷺ نے عجوہ کھجور استعمال کرنے کا مشورہ دیا تو وہ ٹھیک ہوگئے۔ کھجور دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ گودہ اور گٹھلی گودے میں کاربوہائیڈریٹ ہوتے ہیں جبکہ گٹھلی کولیسٹرول کو نارمل رکھنے کیلئے اعلیٰ ٹانک ہے۔ عجوہ کھجور کی گٹھلیوں کا سفوف تیار کرکے پانی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس کی گٹھلی کو زمین میں دبا دیں اور اوپر سے پانی دیتے رہیں۔ ساتویں دن نکال کر صاف کرلیں اب اس کو آسانی سے چبایا جاسکتا ہے۔ دنیا میں کولیسٹرول کو نارمل رکھنے کیلئے اس وقت تک جتنی تحقیقات ہوتی ہیں عجوہ کی گٹھلی سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ وجود میں نہیں آیا۔

ہوشیار رہیں: آج کل مارکیٹ میں کچھ نام نہاد ناجائز منافع کمانے والے اصلی کالی مرچ کی جگہ مصنوعی کالی مرچ لے آئے ہیں۔ باجری (اونٹوں کی غذا) کو کیمیکل سے مزین کرکے کالی مرچ کے طور پر فروخت کیا جارہا ہے جو کہ صحت کیلئے زہر قاتل ہے۔ باجری مارکیٹ میں تین سو روپے فی کلو کے حساب سے دستیاب ہے جسے کالی مرچ کی شکل دے کر 1300 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کیا جارہا ہے۔ تمام بڑے شہروں میں جعل سازوں کے حساب سے تیار کررہے ہیں۔ کالی مرچ کو اگر پانی میں بھگویا جائے تو مصنوعی کالی مرچ لیس دار ہوجائے گی جبکہ اصلی کالی مرچ لیس دار نہیں ہوگی۔ (پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ)

ہر مشکل آسان کرنے کیلئے گندم کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یقیناً آپ خیریت سے ہوں گے میری دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ میں، میرے ابو اور میری باجی آپ کا رسالہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے کی سب سے بڑی خوبی "اس کا تصاویر سے پاک" ہونا ہے۔ اس پرفتن دور میں یہ رسالہ بڑی رہنمائی فراہم کررہا ہے اور سیاسی اور مختلف دوسری باتوں سے مبرا ہے۔ اس رسالے کے سب سلسلے انتہائی اچھے ہیں اسی وجہ سے میں زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ادارے کو خط لکھ رہی ہوں۔ میرے کچھ آزمائے روحانی وطبی تجربات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔

کتے پیچھے لگ جائیں تو: اگر راستے میں جاتے ہوئے کتے پیچھے لگ جائیں یا پھر کتوں سے ڈر لگے تو قرآن پاک کی یہ آیت پڑھیں اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائیں گے۔ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ۔ (لاتعداد پڑھیں)۔

کوئی مشکل آن پڑے تو: ہمیں کسی نے بتایا کہ اگر کوئی مشکل آن پڑے تو اڑھائی کلو گندم کے دانوں (ہر ہر دانے پر) اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھیں تو مشکل آسان ہوجاتی ہے پھر ان پڑھے ہوئے دانوں کو پرندوں کے آگے ڈال دیں' دھیان رہے بے ادبی نہ ہو۔ یہ عمل بھی کسی کا آزمودہ ہے اور انہوں نے ہمیں بتایا ہے۔ اگر کوئی مصیبت یا پریشانی آجائے تو تقریباً ایک کلو چینی ایک برتن میں ڈال کر ڈھکن سے ڈھانپ دیں۔ پھر چار لڑکے یا لڑکیاں، یا مرد سورۂ یٰسین پڑھیں۔ ہر فرد چھ مرتبہ یٰسین پڑھے گا۔ یہ ٹوٹل 24 مرتبہ ہوجائے گی۔ ہر دفعہ سورۂ یٰسین پڑھنے کے بعد بغیر دیکھے برتن پر پھونک ماریں جب سب اپنی اپنی یٰسین چھ دفعہ پڑھ چکیں تو مل کر دعا کریں۔ انشاء اللہ مشکل حل ہوجائے گی۔

ہیضہ سے نجات کا انوکھا ٹوٹکہ: میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی کو ہیضہ ہوگیا ہو تو اڑھائی پتے لیموں کے پودے کے لے کر اس کو سبز قہوہ میں ڈال کر پکائیں۔ جب صحیح طرح پک جائے مثلاً اگر چار کپ پانی کے تھے تو اگر دو کپ رہ جائیں تو پھر مریض کو پلائیں دو یا تین مرتبہ پلانے سے اللہ پاک شفاء دے دیتے ہیں۔ ہم نے بہت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

مرتبہ آزمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں شفاء سے نوازا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب! درج بالا تمام عمل بہت مجرب ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نام اثر ضرور دکھاتا ہے اور یقین سب سے بڑی چیز ہے۔ ہم پر جب بھی کوئی مشکل آئی ہم نے ہمیشہ یہی سبق پڑھے ہیں۔ اس کے علاوہ اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دعا بھی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری مشکل حل فرما دیتے ہیں یا پھر 313 مرتبہ درود تنجینا پڑھتے ہیں۔ انسان جب بھی کوئی وظیفہ کرے تو اسے درمیان میں باتیں نہیں کرنی چاہیے۔ باتیں کرنے سے عمل میں وہ اثر نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، آپ کو صحت کاملہ نصیب فرمائے۔ (ر۔م، کالونی، ہری پور)

لاجواب!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت زبردست ہے۔ میں ہر ماہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ میں پہلی مرتبہ کسی رسالے کیلئے لکھ رہی ہوں، مجھے لکھنا نہیں آتا بس آپ نوک پلک سنوار کر ضرور شائع کیجئے گا۔ لاجواب: ایک بزرگ سے کسی کافر نے کہا: اگر میرے تین سوالوں کے جواب دیں تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔ بزرگ نے اس سے کہا پوچھو! پھر اس آدمی نے کہا۔ پہلا سوال: جبکہ خدا نظر نہیں آتا تو اسے کیوں مان لیا جائے۔ دوسرا سوال: مسئلہ یہ ہے کہ جب شیطان آگ کا بنا ہوا ہے تو دوزخ کی آگ اس پر کس طرح اثر کرے گی۔ تیسرا سوال: جب ہر کام خدا کی مرضی سے ہوتا ہے تو انسان کو ذمہ دار کیوں ٹھہرایا جاتا ہے۔ بزرگ نے ایک مٹی کا ڈھیلا اٹھا کر اس کافر کے منہ پر دے مارا اور کہا کہ یہ تیرے تمام سوالوں کا جواب ہے۔ اس شخص کو مٹی کا ڈھیلا لگنے سے شدید چوٹ آئی اس نے قاضی کے پاس جا کر مقدمہ دائر کر دیا۔ قاضی نے بزرگ شخص کو طلب کیا اور کہا آپ نے سوالات کے جواب میں ڈھیلا کیوں دے مارا؟ بزرگ نے فرمایا: جب میں نے اس کو مٹی کا ڈھیلا مارا تو اسے چوٹ لگی اور اس نے درد محسوس کیا لیکن درد اسے نظر نہیں آیا تو اسے درد کیوں مانا؟ اسی طرح خدا نظر نہیں آتا مگر ہر پل محسوس ہوتا ہے۔ دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ جب انسان مٹی کا بنا ہوا ہے تو مٹی کے ڈھیلے نے اس پر شدید اثر کیا۔ اسی طرح شیطان آگ کا بنا ہوا ہے مگر پھر بھی دوزخ کی آگ اس پر اثر کرے گی۔ تیسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ جب میں نے اس کو مٹی کا ڈھیلا خدا کے حکم اور مرضی سے مارا تو اس نے میرے خلاف مقدمہ کیوں دائر کیا اور مجھے اس کا ذمہ دار کیوں ٹھہرایا؟ سب ان کے جواب سے حیرت زدہ رہ گئے اور وہ کافر مسلمان ہو گیا۔ کیسا ملا ایک بزرگ آدمی کا جواب۔ (عفت نورین، آزاد کشمیر)

سورائسز کا لاعلاج مرض، سستے علاج سے ممکن

ایک صاحب جن کو عرصہ بیس سال سے لاعلاج مرض تھا، وہ کیسے صحت مند ہوا اسی کی زبانی سنیے۔ میں عرصہ بیس سال سے سورائسز کا مریض ہوں، ڈاکٹری، ایلوپیتھک، حکیمی، ہومیوپیتھک، طب یونانی، دیسی اور دیگر تمام نسخے استعمال کیے جیسا کہ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ یہ مرض متعدی نہیں مگر جسم کے ہر حصے سے جھڑنے والی کھال مریض کو احساس کمتری کا شکار کر دیتی ہے تیز رنگ کے کپڑے خراب ہو کر ایک ہی دن میں سفید دھبوں سے بھر جاتے ہیں اور سر سے پچاس پچاس گرام خشکی نکلتی ہے خود مریض بھی کسی کے ساتھ بیٹھ کر اکتاہٹ محسوس کرنے لگتا ہے۔ یوں کہیے کہ سایہ بھی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔ عرصہ بیس سال میں میں نے تمام مروجہ طریقہ علاج آزمائے کسی نے ایک خاص پتھر کی انگوٹھی پہننے کو کہا وہ بھی پہنی مگر مرض کی شدت بڑھتی ہی رہی۔ ایک صاحب ملے جنہوں نے مولی اور مولی کے پتوں کے فوائد بتائے اور اسے مولی کو تین وقت مع پتوں کے کھانے کو کہا اس طرح ناشتہ، لنچ اور رات کا کھانا مولی ہو گیا اور تقریباً تین ماہ مولی کھانے سے 95 فیصد فائدہ ہوا۔ جب مولی کا موسم ختم ہو گیا تو مرض پھر واپس آ گیا۔ الغرض ہر ڈاکٹر، حکیم، ہومیوپیتھک نے خوب خوب کمایا مجھے تو فائدہ نہ ہوا لیکن ان کی جیبیں خوب بھرتی رہیں۔ اس مرض کا مریض مرتا نہیں مگر علاج کروا کروا کر اس کی جان نکلتی رہتی ہے۔ ایک حکیم نے میرا علاج شروع کیا اور ایسی ایسی ادویات دیں کہ منہ سے بدبو آنے لگی کہ خود سے نفرت ہو جائے۔ ساتھ مرہم بھی دیا کہ متاثرہ حصے پر لگاؤ تو ٹھیک ورنہ وہی حال، یہ علاج دس سال جاری رہا مگر لاحاصل رہا۔ کچھ عرصہ پہلے مجھے ایک کیڑے مار ادویات کی فیکٹری جانا ہوا۔ وہاں ایک کیمسٹ نے بتایا کہ اسے بھی یہی مرض ہو گیا تھا اور انہیں ایک پروفیسر نے بتایا کہ سورائسز وٹامن ای کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس لیے اس مرض کے علاج کیلئے وٹامن ای استعمال کرو۔ انہوں نے اس پروفیسر کے کہنے پر دوا استعمال کی اور سو فیصد مرض سے افاقہ ہو گیا۔ میں نے علاج پر لاکھوں روپے خرچ کیے مگر میں اب روزانہ وٹامن ای کا ایک کیپسول استعمال کرتا ہوں، مرض سو فیصد کنٹرول ہو گیا ہے۔ نوٹ: سورائسز کے امراض میں مبتلا افراد وٹامن ای کا استعمال کریں اور تجربات "عبقری" میں شائع کروائیں تاکہ مایوس لاکھوں افراد فائدہ اٹھائیں اگر فائدہ ہو تو دعاؤں میں یاد ضرور رکھیں۔ عبقری کا دوست (محمد نثار قریشی، کراچی)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت، سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں، شکر گزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 32: سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں: کون چاہتا ہے کہ میں بدصورت ہوں اور کون نہیں چاہتا کہ میں خوبصورت ہوں تو پھر یہ حسن اور جوانی کا حصول کیسے ممکن ہو؟ کیا ادویات سے آپ نے حسن میں اضافہ کر لیا؟ کیا لوشن، کریمیں اور میک اپ نے آپ کو خوبصورت بنا دیا؟ ہرگز ہرگز نہیں۔ دور جدید میں جہاں نت نئی کریمیں اور لوشنز کی بھرمار ہے مگر پھر ہر کوئی مایوس نظر آتا ہے۔ اسی مایوسی کو دیکھتے ہوئے میں نے یہ کتاب تالیف کی۔ اس کتاب میں حسن کے متلاشیوں کو بتایا کہ آئیے پھر قدرت کے دروازے کی چوکھٹ پر سر رکھیں اور قدرت کی بھیجی ہوئی قدرتی غذائیں اپنے لیے لازم کریں اور ان سے استفادہ کریں۔ اس کتاب کی تالیف میں جن معزز حضرات، کتب اور رسائل سے استفادہ حاصل کیا ان کا نام درج ذیل ہے:۔ محمد یوسف اصلاحی، ماہنامہ وارث۔ شبانہ عبدالغنی۔ تمکین نور، ماہنامہ ذائقہ۔ عبداللہ، سعدیہ ناز۔ عرفانہ انجم۔ ماہنامہ دستر خوان۔ حرا تمکین، ماہنامہ کچن۔ طارق ریاض خان، ماہنامہ نوائے صحت۔ ڈاکٹر شوکت محمد۔ حیدر جعفری سید۔ نازمین کرنس۔ حکیم ملک محمد عبداللہ۔ سید رشید الدین احمد۔ کوثر چاند پوری۔ ماہنامہ ہمدرد صحت۔ حکیم ضیاء الرحمٰن۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی، حکیم محمد نعیم الحق صدیقی۔ حکیم سید اختر علی بخاری۔ محمد محبوب اعوان۔ سعادت عزیز غوری۔ ڈاکٹر شیخ محمد اقبال۔ حکیم ظہور حسین خان اسلم۔ ماہنامہ ضیاء الحکمت۔ حکیم ریاض احمد قریشی۔ ڈاکٹر خالد محمود جنجوعہ۔ حافظ محمد اسرار الحق صدیقی۔ حکیم نعیم علی شمسی۔ سید صبیح الزمان۔ حکیم آفتاب احمد قریشی۔ حکیم محمد احمد سلیمی۔ ڈاکٹر شفاعت علی۔ حکیم محمد انور۔ ماہنامہ قومی صحت۔ ماریہ علی۔ ماہنامہ مرحبا صحت۔ حکیم محمد سعید۔ حکیم نور احمد۔ حکیم خلیق الرحمٰن خلیق۔ ماہنامہ طبیب حاذق۔ تحریم رشید۔ خدیجہ آفاق۔ انشیں انجم۔ شکیل احمد۔ صغیرہ بانو شیریں۔ مسز اسماء حسن۔ طارق ریاض خان۔ شائستہ احمد۔ احسن رشید۔ ماہنامہ اردو ڈائجسٹ۔ شفیق احمد، ماہنامہ چلمن۔ خبرنامہ طب۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں۔ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

پروفیسر عالیہ بشیر، لاہور

بدن پر چند بوندیں گرائیں اور کرشماتی صحت پائیں

مالش کسی اچھی قسم کے دوائی تیل سے بھی کرائی جاسکتی ہے اور اس کیلئے مختلف قسم کے تیل خود گھر ہی پر تیار کئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً سخت سردی، بارش وغیرہ میں بھیگنے کی صورت میں اکڑتے اور درد کرتے پنجوں، پنڈلیوں اور گھٹنوں کیلئے لہسن کا تیل بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

ہر محنت طلب کام کے بعد دباؤ (Stress) بڑھ جاتا ہے۔ جسم بھاری اور دکھن کا شکار لگتا ہے۔ ہر موسم میں یہ کیفیت لاحق ہوسکتی ہے لیکن جاڑہ میں یہ کیفیت کچھ زیادہ ہی گھیر لیتی ہے۔ اس کیفیت سے نجات کی ایک بہترین تدبیر یہ بھی ہے کہ مالش سے کام لیا جائے۔ یہ مالش آپ خود بھی کرسکتے ہیں یا پھر کسی سے کرائی بھی جاسکتی ہے یہ ضروری نہیں کہ مالش کے ماہر سے کرائی جائے ہاں یہ ضروری ہے کہ یہ انسانی مالش ہو گھوڑوں کی طرح ملنے جلنے کا انداز اختیار نہ کیا جائے ضروری نہیں کہ اس کیلئے کپڑے اتار پھینکے جائیں ہلکے زیر جامے اور کرتے کے ساتھ بھی مالش کرائی جاسکتی ہے دراصل ہاتھوں کے لمس کا یہ سارا کرشمہ ہوتا ہے۔ اسے ''خشک مالش'' کہتے ہیں۔ مالش کسی اچھی قسم کے دوائی تیل سے بھی کرائی جاسکتی ہے اور اس کیلئے مختلف قسم کے تیل خود گھر ہی پر تیار کئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً سخت سردی، بارش وغیرہ میں بھیگنے کی صورت میں اکڑتے اور درد کرتے پنجوں، پنڈلیوں اور گھٹنوں کیلئے لہسن کا تیل بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ دس پندرہ منٹ کی مالش سے مفلوج اور بے کار ہوتے ہاتھ پیر معمول پر آجاتے ہیں۔ لہسن کے علاوہ مختلف اشیاء سے بھی تیار کئے جاسکتے ہیں۔ اس کیلئے بنیادی ضرورت تیل کی ہوتی ہے جو مختلف قسم کے ہوسکتے ہیں، مثلاً بادام کا تیل، زیتون کا تیل، تل کا تیل، سورج مکھی کا تیل، سویابین، سرسوں، ناریل اور میٹھی سرسوں (کینولا) کا تیل۔ تیل کی تیاری میں آپ اپنے باورچی خانہ میں موجود اشیاء کے علاوہ خانہ باغ میں موجود پودوں اور درختوں سے بھی کام لے سکتے ہیں۔ پھلوں کے چھلکے، پھولوں کی پتیاں اور مختلف مصالحے بھی بڑی کام کی چیز ثابت ہوتے ہیں۔ آپ مختلف چیزوں کو ملا کر بھی مرکب تیل تیار کرسکتے ہیں، مثلاً لونگوں کے ساتھ لیموں کے چھلکوں کو ملا کر ایک حرارت بخش تیل تیار کیا جاسکتا ہے۔ ان تینوں کی تیاری کا طریقہ بہت آسان ہے لیکن اس کیلئے کچھ وقت ضرور درکار ہوتا ہے۔ جس چیز کا بھی تیل بنانا ہو، اس کیلئے صاف ستھری بوتل لے کر اسے مذکورہ کسی بھی تیل سے تین چوتھائی بھر دیجئے اور اب اس میں جس چیز کا بھی تیل بنانا ہو اسے کوٹ کر، کچل کر یا پیس کر شامل کردیجئے اس بوتل کو اچھی طرح بند کرکے اسے کسی گرم اور تاریک جگہ 15 روز کیلئے رکھ دیجئے، اب اس تیل کو چھان کر استعمال کیجئے۔

دارچینی کا تیل: دارچینی صدیوں سے غذائی اور دوائی مقاصد کیلئے استعمال ہورہی ہے۔ اس میں ایک دافع عفونت (اینٹی سیپٹک) جزیوجینو (Eugeno) ہوتا ہے۔ یہ تیل پٹھوں کے درد، اینٹھن کیلئے بہت مفید ہوتا ہے بلکہ ریڑھ، کمر، پیروں اور رانوں پر اس کی مالش سے دوران خون بڑھ کر خاص کمزوری کو بھی دور کرسکتا ہے اپنے پسندیدہ تیل میں عمدہ قسم کی دارچینی توڑ کر ڈال دیجئے اور 15 روز بعد اسے استعمال کیجئے خاص مالش کیلئے اس میں لونگ اور جائفل، جاوتری بھی کچل کر ملائے جاسکتے ہیں۔

پودینے کا تیل: قدیم مصری، عرب اطبا اور اطبائے ہند بھی پودینے کی ٹھنڈک بخش خاصیت کیلئے اسے مختلف انداز میں استعمال کرتے تھے۔ بقراط پودینے کو پیشاب لانے کیلئے تجویز کرتا تھا۔ جسم تھکن سے چور ہو تو پودینے کے تیل کی مالش سے بدن تازہ دم ہوجاتا ہے۔ سردی اور زکام میں آرام کیلئے بھی یہ تیل پیشانی اور سینے پر ملنے سے فائدہ ہوتا ہے، اسی لئے بام میں لازماً شامل کیا جاتا ہے۔ تازہ پودینے کی پتیاں کتر کر طریقے کے مطابق تیل تیار کرنا چاہئے۔ زیادہ موثر اور خوشبودار بنانے کیلئے زیادہ پودینہ استعمال کرنا چاہئے۔ خشک پودینے سے بھی کام لیا جاسکتا ہے۔ تلسی کے پتوں سے بھی تیل تیار کرسکتے ہیں' پودینے کے ساتھ اسے شامل کردینے سے یہ تیل اور بھی موثر ہوجاتا ہے۔ اسے نیم گرم کرکے کان کے درد کا علاج بھی کیا جاسکتا ہے۔

کینو اور لیموں کا تیل: قدیم طبی کتابوں کے مطابق یونانی ترش پھلوں کے شفا بخش خواص سے خوب واقف تھے، اسی لئے وہ لیموں کو ''مدیکا'' کہتے تھے۔ لیموں کے چھلکے باریک کتر کر ناریل کے تیل میں شامل کیجئے۔ آپ چاہیں تو لیموں (پھل) چھلکے سمیت بھی شامل کرسکتے ہیں۔ 15 روز بعد اسے نتھار کر استعمال کرنے سے پیشانی بلکہ سر میں اس تیل کی چند بوندوں کی مالش سے دماغ تازہ ہوجاتا ہے ایک بوتل میں ایک یا دو لیموں کافی ہوتے ہیں ایک صورت یہ بھی ہے کہ لیموں اور کینو دونوں ملا کر تیل تیار کیا جائے یا پھر ان کے الگ الگ تیل تیار کئے جائیں۔ (باقی صفحہ نمبر 15 پر)

(پوشیدہ)

روحانی کیفیت

حلال کمائی کا خاص طور پر بہت خیال رکھنا شروع ہوگیا ہوں۔ پچھلے سے الحمدللہ! ڈاڑھی مبارک بھی رکھ لی ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت زیادہ مسائل کا شکار تھا' ایک دوست نے عبقری ہدیہ کیا۔ پڑھا بہت اچھا لگا' تب سے گھر میں لگوایا ہوا ہے۔ ہر جمعرات کو آپ کا درس انٹرنیٹ پر لائیو سنتا ہوں۔ اس کے علاوہ بھی گھر میں ہروقت درس چلتا رہتا ہے۔ میں اور میری بیوی نے انٹرنیٹ کے ذریعے آپ سے بیعت کی۔ آپ کے سلسلے میں آنے کے بعد میرے دن رات ہی بدل گئے ہیں۔ ہمارے معمولات درج ذیل ہیں:۔

فجر کی نماز کے بعد تین تسبیحات صبح و شام پڑھتے ہیں۔ انٹرنیٹ سے درس سنتے رہتے ہیں۔ گھر سے نکلنے کی دعا پڑھتے ہیں۔ یاقہارُ کی گیارہ تسبیحات صبح اور گیارہ تسبیحات رات کو پڑھتے ہیں۔ سورۂ کوثر صبح و شام 129 مرتبہ برکت والی تھیلی پر پڑھ کر دم کرتے ہیں۔ وضو کی مسنون دعا پڑھتے ہیں۔ قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں۔ رات کو سوتے وقت سورۂ فاتحہ تین مرتبہ' تین مرتبہ سورۂ اخلاص تین مرتبہ سورۂ فلق تین مرتبہ سورۂ ناس' تین مرتبہ آیۃ الکرسی اول وآخر درود شریف پڑھ کر دم کرتے ہیں۔ صبح دفتر جاتے ہوئے درود شریف کی تسبیح پڑھتے ہوئے جاتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پانچ وقت کی نماز ادا کرنا معمول بن چکا ہے۔ حلال کمائی کا خاص طور پر بہت خیال رکھنا شروع ہوگیا ہوں۔ پچھلے ماہ سے الحمدللہ! ڈاڑھی مبارک بھی رکھ لی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھ میں یہ تمام تبدیلیاں اور اعمال صرف عبقری سے جڑنے کے بعد پیدا ہوئی ہیں۔

خارش کیلئے لاجواب تیل

اگر کسی کو ڈھیٹ قسم کی خارش ہو تو وہ سرسوں کا تیل لے کر دھوپ میں آتشی شیشی سے اسے گرم کرے' آتشی شیشے کے عکس سے تیل کھولنے لگے تو اس تیل میں تھوڑا سا نمک ملا کر خارش والا اپنے جسم پر مالش کرے اگر نمک سے جلن ہو تو بے شک نمک نہ ملائے' انشاء اللہ دو تین بار تر بتر مالش کرنے سے شفاء ہوگی۔ **دانت درد:** اگر دانت میں درد ہو تو سگریٹ کے نچلے حصے میں پیلے رنگ کا فلٹر لگا ہوتا ہے اسے نکال کر درد والے دانت کے خلا میں رکھ دیں' انشاء اللہ سکون ہوجائے یہ بے عارضی علاج' وقتی طور پر درد رفع ہوجائے گا۔ (محمد فاران ارشد بھٹی، خان گڑھ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کان کے درد کو تسکین: اجوائن خراسانی سرسوں کے تیل میں جلا کر چھان کر روغن کے چند قطرے کان میں ڈالے جاتے ہیں۔ کان کے درد کو فوراً تسکین دیتی ہے اور نیند بھی لاتی ہے۔

پاک وطن کیلئے جان کا نذرانہ دینے والے کا مقام و رتبہ

محمد اکبر خان لودھی، کراچی

اس وقت ہم سب رشتہ دار گاؤں پہنچ چکے تھے اور ان کو شہید ہوئے تین ماہ ہو چکے تھے لیکن اللہ کی قدرت اور پاک فوج پر اللہ کا کرم دیکھئے کہ شہید کے تابوت سے ابھی تک تازہ خون کے قطرے ٹپک رہے تھے یہ میرا چشم دید واقعہ ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا جنوری 2013ء سے قاری ہوں اور بلکہ یہ کہا جائے کہ میرا پورا گھرانہ ہی اس کا شیدائی ہے اور مہینہ ابھی پورا نہیں ہوتا کہ اگلے ماہ کے عبقری کا انتظار شروع ہو جاتا ہے۔ جناب عالی! آپ نے عبقری رسالہ میں شہدا کے واقعات کا سلسلہ شروع کیا ہے ان واقعات کو پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور اسلام پر ایمان کی پختگی بڑھ جاتی ہے کہ بے شک قرآن کی ایک ایک آیت حق اور سچ ہے اور پھر اس کی حقیقت بھی ظاہر کر دی جاتی ہے۔ میں خود بھی پاکستان نیوی سے ریٹائرڈ ہوں الحمدللہ پانچ وقت کا نمازی ہوں۔ اسی سلسلے کا ایک واقعہ ہمارے ساتھ ہوا وہ عرض کرتا ہوں۔ کہتے ہیں کہ کچھ لوگ ہماری زندگی میں ایسے آتے ہیں کہ مرنے کے بعد بھی امر ہو جاتے ہیں۔ یہ واقعہ 1971ء کی جنگ کا ہے کہ میرے ماموں سسر حوالدار محمد جمیل خان لودھی جن کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ ان کی عادت تھی کہ جب وہ بزرگوں میں بیٹھتے تو بزرگوں والی باتیں ہوتی تھیں اور جب بچوں کے ساتھ ہوتے تو وہ بچے بن جاتے اور جب وہ چھٹی آتے تو پورے گاؤں کے بچے ان کے استقبال کیلئے بڑے روڈ پر پہنچ جاتے اور ایک بارات کی طرح ان کو گھر لے کر آتے تھے۔ جب پاکستان اور بھارت کی جنگ شروع ہوئی تو ان کی پوسٹنگ سیالکوٹ بارڈر پر تھی لیکن اچانک ان کا تبادلہ ہیڈ سلیمانکی ہو گیا اور اس بارے انہوں نے گھر پر کوئی اطلاع نہیں دی تھی۔ اپنی پوسٹ پر پہنچنے کے بعد ہیڈ سلیمانکی بارڈر پر دشمن سے بڑی بہادری سے لڑے اور ان کی یونٹ ایک رات اور ایک دن مسلسل دشمن سے مقابلہ کرتی رہی اور دشمن کے ہر حملے کا منہ توڑ جواب دیا اور میرے ماموں اسی طرح جانفشانی سے لڑتے ہوئے اپنی پاک سرزمین کی حفاظت کرتے ہوئے سینے پر گولی کھا کر جام شہادت نوش کر گئے چونکہ اس وقت جنگ زوروں پر تھی اس لیے انہیں اس وقت حویلیاں لکھاں کے قبرستان میں بطور امانت سپرد خاک کر دیا گیا۔ جنگ کے اختتام پر ہمارے گاؤں کے ایک فوجی اپنی والدہ صاحبہ کی وفات پر آیا تو انہوں نے بتایا کہ حوالدار محمد جمیل خان لودھی شہید کا تبادلہ تو سیالکوٹ سے ہیڈ سلیمانکی ہو گیا تھا اور ہمیں بتایا گیا تھا کہ وہ شہید ہو گئے ہیں۔ لہٰذا ان کی تلاش میں ہیڈ سلیمانکی روانہ ہوئے اور پھر وہاں سے معلوم ہوا کہ حوالدار جمیل صاحب تو شہید ہو گئے ہیں اور ان کا جسد خاکی حویلیاں لکھاں کے قبرستان میں بطور امانت دفن ہے۔ لہٰذا یونٹ کے افسران کی موجودگی میں ان کی قبر کشائی ہوئی اور پھر ان کے تابوت کو گاؤں یعنی چک نمبر 107 پندرہ میل ونجاری ضلع خانیوال لائے تو اس وقت ہم سب رشتہ دار گاؤں پہنچ چکے تھے اور ان کو شہید ہوئے تین ماہ ہو چکے تھے لیکن اللہ کی قدرت اور پاک فوج پر اللہ کا کرم دیکھئے کہ شہید کے تابوت سے ابھی تک تازہ خون کے قطرے ٹپک رہے تھے یہ میرا چشم دید واقعہ ہے کہ واقعی شہید زندہ ہے ورنہ مردے کے وجود سے دوسرے یا تیسرے دن بدبو آنا شروع ہو جاتی ہے اور تین ماہ تک تو وہ ویسے ہی ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ جاتا ہے۔ ہم سب کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاک فوج کی حفاظت فرمائے اور اس کو مزید ترقیاں عطا کرے اور پاک فوج کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔

پورے ہفتے کے رزق کا انتظام چند لمحوں میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے یہ عمل میں قارئین عبقری کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ یقین کامل توجہ سے کریں اور پھر قدرت ربی دیکھیں۔ جمعہ کے دن مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان سورۂ فاتحہ گیارہ بار، سورۂ اخلاص گیارہ بار، سورۂ کوثر گیارہ بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اگلے جمعہ تک رزق کا انتظام فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی سب کو اجازت ہے۔ (ن۔ا، ملتان)

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

اللہ والوں کی صحبت سے رب کو پالیں: سچی بات بتاؤں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے سے رب کو پالیں، جنہوں نے رب کو پا لیا تھا۔ مجھے ایک بات تو بتائیں کہ جس دور میں آپ کا نام علی تھا اس دور میں بے شمار لوگوں کا نام علی ہوگا۔ صدیوں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی وجہ سے نام علی رکھا جا رہا ہے۔ اس دور میں اور پتا نہیں کتنے علی ہوں گے۔ کیا خیال ہے ہوں گے یا نہیں ہوں گے؟ اب مجھے یہ بتائیں کہ اس دور میں جتنے بھی علی تھے ان سب نے شہرت نہیں پائی۔ علی بن عثمان نے شہرت پائی۔ انکے والد کا نام عثمان تھا۔ کیوں؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ اللہ کی ذات میں اتنے کھو گئے اتنے کھو گئے کہ اپنی ہستی کو فنا کر دیا۔

جواب شیخ رحمۃ اللہ: جواب پر غور فرمائیں اور بڑا دلچسپ جواب ہے۔ اس سوال کا جواب دیا۔ ”آپ پر یہ واضح رہے کہ ہمارے اس زمانے میں علم طریقت دراصل مٹ چکا ہے“۔ شیخ رحمۃ اللہ نے ہزار سال پہلے فرمایا کہ علم طریقت مٹ چکا ہے، جب اس وقت یہ عالم تھا تو اب کیا حال ہوگا؟ ہزار سال پہلے اس لاہور میں بیٹھ کر شیخ نے یہ فرمایا کہ علم طریقت مٹ چکا ہے۔ **طریقت کی حقیقت:** طریقت کسے کہتے ہیں؟ مختلف اللہ والوں نے اسکے مختلف معنی بیان کیے ہیں۔ ایک معنی یہ بھی ہے کہ جو کملی والے ﷺ کا طریقہ ہے اسی کے ایک حصے کو طریقت کہتے ہیں۔ آپ نے لفظ سنا ہوگا معرفت، شریعت، طریقت، آج طریقت کا معنی سمجھ آیا۔ طریقت کے کئی معنی ہیں۔ میں ایک معنی جو مجھے سب سے اچھا لگا اور آپکو دل میں بیٹھے گا وہ عرض کر رہا ہوں۔ مختلف علماء نے مختلف مشائخ نے مختلف صوفیاء نے مختلف اہل اللہ نے مختلف اولیاء، اقطاب، ابدال، غوثوں، قلندروں، نقیبوں، نجیبوں اور ابراروں نے اسکی مختلف انداز میں تشریح و توضیح اور معانی بیان کیے ہیں۔ ایک معنی آپکی خدمت میں عرض کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ طریقت طریقے سے نکلا۔ جو سرور کونین ﷺ کے طریقے کے مطابق زندگی گزارے گا وہ طریقت کے اعلیٰ مقام تک پہنچ جائے گا۔ اللہ پاک اس طریقت کی وجہ سے اسکو جو لطف عطا فرمائیں گے، جو مزہ عطا فرمائیں گے وہ بے اختیار ہوگا پھر اسکے اندر اسکی بے خودی ہوگی۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ حلقہ کشف المحجوب کا آج ہی مطالعہ کریں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

آنکھ کا نور کبھی کم نہ ہوگا: ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھیں جب وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا پر پہنچیں تو یہ الفاظ زیادہ دفعہ پڑھ کر آیت مکمل کریں اور آنکھوں پر ہاتھ پھیریں ان شاء اللہ نور کبھی کم نہ ہوگا۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 85

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

آندھی اور طوفان میں جنات کا سفر: قارئین! آپ کو یاد ہوگا پچھلی اقساط میں میں نے آپ کو فوقانی ثمانی جن کا وہ عمل بتایا جس میں وہ ایک بوڑھی عورت کی شکل میں ایسی بیوہ جوان عورت کے مدد کرنے گیا جس کی جوانی پر اس کے دیور کی نظر تھی اور اس کا دیور اسے اپنی ہوس کا نشانہ بنانا چاہتا تھا اس نے اسے چاند کو دیکھ کر سورۃ العصر مستقل متواتر بے شمار دفعہ پڑھنے کو کہا تھا اور اس بیوہ نے چودھویں رات کو چاند کو دیکھ کر مسلسل یہ عمل پڑھا اور دیور کا حملہ اس سے ٹل گیا اور دیور کسی دوسرے ملک اپنے روزگار کے سلسلہ میں چلا گیا۔ قارئین! یہ ایک واقعہ نہیں اس عمل کے ساتھ اور بہت سے واقعات پیوستہ ہیں اور یہ عمل صرف اس ایک مقصد کیلئے نہیں بلکہ اس سلسلے میں فوقانی ثمانی جن کا ایک واقعہ سناتا ہوں جو اس نے ایک ملاقات میں مجھے سنایا' فوقانی ثمانی جن کہنے لگا کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے میں اپنے روزگار کے سلسلے میں جا رہا تھا پہاڑی سلسلہ تھا اور ہر طرف پہاڑ ہی پہاڑ تھے' بالکل خشک۔ پہاڑ نہ کوئی سبزہ' نہ ہریالی' بس پتھر ہی پتھر تھے' میں سوچنے لگا ان پتھروں میں آخر اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو رزق تو دیتا ہی ہے کیسے دیتا ہوگا؟ اور ان کا نظام کیسے چلتا ہوگا۔ یہی سوچیں مسلسل مجھے دل ہی دل میں آ رہی تھیں اور میں اپنا سفر جاری رکھے ہوئے تھا کیونکہ جنات کا سفر ہوا کا سفر ہے۔ جتنی ہوا کی رفتار ہوتی ہے اتنی ہی جنات کی رفتار ہوتی ہے لیکن تیز ہوا جسے ہم تیز آندھی کہہ سکتے ہیں۔ ہمیشہ طوفان اور آندھی اس میں جنات ہی ہوتے ہیں اور طوفان اور آندھی میں جو توڑ پھوڑ تباہی اور اکھاڑ بچھاڑ ہوتا ہے اس کے پیچھے بھی جنات کو قدرت ذریعہ کے طور پر استعمال کرتی ہے۔ **جنات کو اللہ نے خوب طاقت دی ہے:** جنات کو اللہ تعالیٰ نے بہت طاقت اور قوت دی ہے وہ جس روپ میں چاہیں آ جائیں' وہ جونسا چہرہ چاہیں بنا لیں اور وہ جیسی شکل چاہیں اس شکل میں ڈھل جائیں۔ ان کی شکل ان کا روپ اور ان کا چہرہ وہی ہوتا ہے جو وہ چاہتے ہیں وہ سانپ کی شکل میں آ سکتے ہیں' وہ چھپکلی کی شکل میں عموماً گھروں میں موجود ہوتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ ہر چھپکلی جن ہی ہو۔ ضروری نہیں ہر سانپ جن ہی ہو۔ خود میرے پاس کئی جنات سانپ کی شکل میں آتے ہیں۔ فوقانی جن مزید کہنے لگا: کہ ہمارے جنات کی دنیا میں رفتار بہت زیادہ طاقتور ہوتی ہے اور یہ رفتار اتنی طاقتور ہوتی ہے کہ عام انسان اس رفتار کا گمان نہیں کر سکتا اور عام انسان سوچ نہیں سکتا کہ اس رفتار کے ساتھ ہم کون کون سی چیزیں ساتھ لے جاتے ہیں۔

جنات کی انوکھی دنیا کا تعارف: جنات دوست کم اور دشمن زیادہ ہوتے ہیں لیکن جس کے دوست بن جائیں ان میں وفا کا عنصر بہت ہوتا ہے اور وفا کی کیفیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ دوستی کے بعد اگر ان سے کوئی جفا بھی کرے تو بھی ان کا ساتھ نہیں چھوڑتے اسے پیارے بھاتے رہتے ہیں اور پیار سے لے کر چلتے رہتے ہیں جنات کی دنیا بہت انوکھی دنیا ہوتی ہے ان کی موت کبھی بھی تنہا نہیں ہوتی بلکہ جب یہ مرتے ہیں تو ہزاروں میل دور سے ان کے رشتہ دار ان کی تعزیت اور ان کی خیر خبر لینے آتے ہیں۔ **عورت کی جستجو میں پاگل شریر جنات:** فوقانی جن ٹھنڈی سانس بھر کر کہنے لگا: ہمارے جو شریر اور بدکار جنات ہیں وہ ہمیشہ ایک جستجو میں رہتے ہیں کہ ہمیں کوئی ایسی عورت ملے جس کا کھلا گلا ہو، ننگے بازو ہوں، کھلے بال ہوں، برہنہ یا نیم برہنہ اس کا لباس ہو کیونکہ جنات یعنی شریر جنات عورت کے بالوں اور اس کے جسم سے بہت پیار کرتے ہیں اور اس کے جسم سے بہت کھیلتے ہیں اور وہ اصل کھیل کھیلنا نہیں ہوتا بلکہ اس کے ساتھ وہ اس کے جسم کے اندر بے شمار بیماریاں داخل کرتے ہیں جس کو سائنسی دنیا انفیکشن، انگزائٹی، خودکشی کا رجحان، جذباتی کیفیت بدکاری اور گناہوں کی طرف مسلسل رغبت، غصہ، چڑچڑا پن، غنودگی کی کیفیت اور ایسی لاعلاج بیماریاں جن کے بارے میں دنیا نے آج تک سنا ہی نہ تھا۔ یہ جنات ہمیشہ اس تلاش میں رہتے ہیں کہ کسی طرح کوئی ایسا راستہ ملے یا کوئی ایسا طریقہ ملے جس سے ہمیں کوئی ایسی عورت میسر ہو جس کا ننگا جسم ہم دیکھیں۔ **شریر جنات سے بچنے کا عمل:** فوقانی جن کہنے لگا: ہمارے بڑوں میں ایک بات زیادہ چلی آ رہی ہے کہ جب میاں بیوی آپس میں ملیں تو اگر ایک دفعہ بھی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ لیں تو ان کے قریب جنات نہیں آتے اور ان کے اور جنات کے درمیان ایک غیبی نور کی چادر تن جاتی ہے اور ان کے اندر حفاظت کا ایک سامان ہوتا ہے اور ایسی حفاظت ہوتی ہے جسے کائنات کی کوئی طاقت نہیں توڑ سکتی اور اگر یہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ نہ پڑھیں تو اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ ان کے اندر جنات اپنی نجاست اور لعاب شامل کر دیتے ہیں۔ اس سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے اس اولاد میں غصہ، جھگڑے، لڑائی، نااہلی، لولے، لنگڑے، کانے، اپاہج یا مختلف علتوں اور گناہوں میں مبتلا ہوتے ہیں یا یہ ساری گندگیاں اور برائیاں ان میں ہوتی ہیں یا کوئی ایک گندگی برائی یا چند برائیاں ان کے اندر آ جاتی ہیں۔ اور ان کی زندگی بس انہی مسائل میں مسلسل الجھی رہتی ہے۔ **فوقانی ثمانی جن کی زندگی تجربات کا مجموعہ:** فوقانی ثمانی جن کے واقعات اور اس کی زندگی کے مسلسل تجربات و مشاہدات میں سن رہا تھا اور اس کی باتوں میں میں گم تھا وہ ایسا جن جس کی زندگی تجربات کا مجموعہ' ایسا جن جس کی زندگی مشاہدات کا مجموعہ' وہ ایسا جن جس کی زندگی میں خلوص ہے' وہ ایسا جن جس کی زندگی میں سچائی ہے' وہ ایسا جن جس کی زندگی میں ہمدردی ہے' وہ ایسا جن جو بیوہ عورتوں کی خدمت کرتا ہے' وہ ایسا جن جو لاوارث لوگوں کی رہبری کرتا ہے' وہ ایسا جن جو اپاہج لوگوں کی مدد کرتا ہے' وہ ایسا جن جو بے آسرا لوگوں کا سہارا بن جاتا ہے' وہ ایسا جن جو رات میں بھی لوگوں کی مدد سے نہیں تھکتا' وہ ایسا جن ہے جو دن کے اجالوں میں بھی دردمندوں کو تلاش کرتا ہے' وہ ایسا جن جس کا دل مخلص ہے وہ ایسا جن جس کا دل پریشانوں کیلئے پریشان ہو جاتا ہے' وہ ایسا جن جس کی آنکھیں پتھر نہیں بلکہ چشمے ہیں' جو دکھیاروں کو دیکھ کر بہنا شروع ہو جاتی ہیں' وہ ایسا جن جو خلوص کا مجسمہ ہے' وہ ایسا جن جو مزاج میں نرمی رکھتا ہے' وہ ایسا جن جو خفیہ طور پر گھروں کی چوریاں نہیں کرتا اور رزق حلال کمانا عین عبادت سمجھتا ہے' وہ ایسا جن جو زندگی میں اول و آخر ہمیشہ جنات کا بھی ساتھی ہے اور انسانوں کا بھی ہمدرد ہے۔ میری زندگی میں جتنے بھی جنات آتے ان سب جنات میں فوقانی ثمانی جن ان چند مخلص لوگوں میں سے ہے جو اپنے ہر دن کو قیمتی' اپنی ہر رات کو سونے سے زیادہ انمول بناتا ہے' وہ بولتا ہے تو آنسو تھم جاتے ہیں' وہ خاموش ہوتا ہے تو سسکیاں رک جاتی ہیں' وہ مسکراتا ہے تو بے شمار تڑپتے اور سلگتے دل اپنا غم بھول جاتے ہیں۔ میں نے اس جن سے بہت سیکھا' میں نے اس جن سے بہت پایا' مجھے اس جن کی زندگی نے وہ انمول یادیں، تحفے، راز اور کیفیات دیں جو میں کبھی بھلا نہ سکوں گا۔ میری ہر صبح' میری ہر شام فوقانی ثمانی جن کے ساتھ جڑی رہتی ہے۔ **جنات مجھے بچپن سے پیار کرتے ہیں:** میرے پاس بہت زیادہ جنات کا آنا جانا ہے میں بہت زیادہ جنات سے شناسائی رکھتا ہوں' یہ آج کی بات نہیں یہ بچپن کی بات ہے جب میں چھوٹا بچہ تھا تو جنات مجھ سے پیار کرتے تھے جب

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

میں شعور میں آیا تو جنات مجھے کھانے پینے کی چیزیں دیتے تھے میرے ساتھ انہوں نے ڈوب کر پیار کیا' میرے ساتھ انہوں نے ٹوٹ کر پیار کیا لیکن فوقانی ثانی ایک انوکھا مخلص محسن اور نیک سیرت جن ہے ایک دفعہ میں نے فوقانی ثانی جن سے ایک بات کہی میرے سامنے انسانی روپ میں آؤ' وعدہ کرلیا کہ میں ضرور آؤں گا، ایک دفعہ ایک ملاقاتی میرے پاس آیا۔ ایک خوبصورت تقریباً 35 سال کا جوان خوش لباس، خوش گفتار اس کے انگ انگ میں سے سلیقہ، صفائی اور طریقہ نظر آرہا تھا وہ شخص مجھ سے باتیں کرتا رہا باتیں کرتے کرتے پھر مجھے کہنے لگا میں آپ کا خادم فوقانی ثانی ہوں۔ **ہمارے جنات کا انوکھا رواج:** میں حیرت سے اس کو دیکھنے لگ گیا اس کو گلے لگایا اور کہا جن ہو تو بہت اچھے ہو اور انسان کے روپ میں ہو تو بہت بہتر ہو۔ بس مجھ سے ایک وعدہ کرو جب بھی کسی مرد کے روپ میں جانا تو اسی روپ میں جانا تمہیں ہر دیکھنے والا پسند کرے گا اور ہر دیکھنے والا تمہیں دیکھ کر خوش ہوگا۔ فوقانی ثانی کہنے لگا: ہمارے جنات میں ایک رواج ہے اور وہ رواج یہ ہے کہ ہم جب بھی اپنی بیٹی کی شادی کرتے ہیں تو چالیس دن ایک علیحدہ مکان میں اپنے داماد کو وہیں رکھتے ہیں اور داماد کا بیٹی کے ساتھ کردار، گفتار، چال چلن، ہم پرکھتے رہتے ہیں اور پڑھتے رہتے ہیں اس کے چال چلن، کردار، گفتار میں جب ہمیں احساس ہوتا ہے کہ وہ ایسا شخص ہے جو واقعی بیٹی کو خوش رکھے اور اپنے اخلاق سے اس کو پیار کرے تو اس کو گھر بھیج دیتے ہیں اگر اس میں کوئی کمی دیکھتے ہیں تو اسے ایک سال بڑے بوڑھوں کی صحبت میں رہنا پڑتا ہے تاکہ وہ اسے اخلاق کردار اور اطوار سکھائیں۔ **جینا اور زندگی کے ساتھ جینا:** جب اس کو اخلاق کردار اطوار سکھاتے ہیں تو اس کے ساتھ اس کو ایک اور چیز بھی سکھاتے ہیں وہ ہے جینا اور زندگی کے ساتھ جینا اور لوگوں کے ساتھ جینا اور اس انداز سے جینا کہ تیرے جینے سے لوگوں کی زندگی متاثر نہ ہو پھر ایک سال کے بعد اس کو پرکھتے ہیں پھر ان دونوں کو اپنے گھر بھیج دیتے ہیں کہ وہ بقیہ زندگی ایک دوسرے کے ساتھ بہت اچھے انداز سے گزاریں یہ طریقہ نیک اور شریف جنات کا بتا رہا ہوں جبکہ شریر اور بدکار جنات کا یہ طریقہ نہیں ہے کیونکہ ان کی زندگی میں نہ تو جینا ہے نہ مرنا ہے انہیں تو صرف ایک زندگی کا طریقہ آتا ہے کہ کس طرح جنات کو اذیت دی جائے اور انسانیت کو تکلیف دی جائے۔ جنات کا جینا دوبھر کردیا جائے اور انسانیت کا جینا حرام کردیا جائے بس! انہیں زندگی اسی انداز سے جینا اور مرنا سکھایا گیا ہے۔ **جنات کا انسان عورتوں کو اٹھانا:** ہمارے کتنے جنات ایسے ہیں جو انسانی عورتوں کو انسانی آبادیوں سے اٹھا کرلے جاتے ہیں چند ہفتے چند مہینے اپنے پاس رکھتے ہیں جب جی بھر جاتا ہے تو واپس ان کے پاس چھوڑ جاتے ہیں لیکن ان عورتوں کو اٹھا کرلے جاتے ہیں جن کے پاس اعمال ذکر نہیں صرف فیشن اور مغربی تہذیب کا انداز ان پر ہوتا ہے۔ کتنے شریر جنات ایسے ہیں جو لوگوں کے گھر سے پیسے چراتے ہیں، زیور، مال، راشن، چیزیں اور کپڑے چرا کرلے جاتے ہیں۔ جو کپڑے وہ نہیں چرا سکتے ان کو کاٹ دیتے ہیں یا بے کار کردیتے ہیں یا پھر آگ لگا دیتے ہیں۔ حسد کی وجہ سے کہتے ہیں یہ ہمارے پہننے کے نہیں یا پھر ہمارے استعمال میں نہیں تو پھر یہ انسانوں کے استعمال میں بھی نہ آئیں۔ شریر جنات میں حسد بہت ہوتا ہے۔ **شریر جنات فتنے ہی فتنے:** میں فوقانی جن کی باتیں بہت غور سے سن رہا تھا مزید کہنے لگا اگر شریر جنات کے ہاں جھگڑا شروع ہوتا ہے تو ان کا جھگڑا ہوتا ہی چلا جاتا ہے تو وہ نہ ختم ہونے والا جھگڑا بن جاتا ہے۔ ان کی زندگی میں شر بہت ہوتا ہے فساد بہت ہوتا ہے اور شرارت بہت ہوتی ہے اور ان کی زندگی میں فتنے ہی فتنے ہوتے ہیں' فساد ہی فساد ہوتے ہیں' وہ کبھی بھی سکون سے نہ بیٹھتے ہیں نہ بیٹھنے دیتے ہیں' ان کی زندگی ہمیشہ شر اور فتنوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ وہ اس آگ سے بنے ہوئے ہوتے ہیں جو آگ مسلسل سلگنے والی اور دھوئیں والی آگ ہوتی ہے' یہ شعلے والی آگ سے بنے ہوئے نہیں ہوتے ایسے جنات کبھی سفید اور گوری شکل کے نہیں ہوتے ہمیشہ سیاہ اور بدشکل کے ہوتے ہیں۔ **باتوں میں کہاں سے کہاں نکل گیا:** یہ باتیں ہو ہی رہیں تھی کہ میں نے فوقانی ثانی جن سے سورۂ عصر کے عمل کے بارے میں مزید پوچھا جو کہ وہ مزید مشاہدات بتا رہا تھا اور وہ مشاہدات بتاتے بتاتے اپنی اور باتوں میں کہاں سے کہاں نکل گیا میری یاددہانی پر وہ چونک پڑا اور کہنے لگا: ہاں! اس کے واقعات میرے پاس بہت بے شمار ہیں یہ سورۂ صرف اس مسئلہ کیلئے نہیں بلکہ اس کے اتنے حیرت انگیز فائدے میں آپ کو بتاؤں کہ آپ کی عقل دنگ رہ جائے لیکن اس کے بتانے سے پہلے میں آپ کو ایک اور بات بتاتا چلوں جو کہ میرے مشاہدے میں مسلسل آئی ہے۔ فوقانی ثانی جن یہ بات کہہ کر چند لمحوں کیلئے خاموش ہوگیا پھر بولا انسانی دنیا میں کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بے اعتماد ہوتے ہیں ان کے مزاج میں شاید رب پر اعتماد بھی ہے یا نہیں ہے۔ عمل ہمیشہ اس کو فائدہ دیتا ہے جس کو عمل کے اوپر اعتماد ہو اگر عمل پر اعتماد نہ ہو عمل بھی بھی اس کو فائدہ نہیں دیتا' سورۂ عصر کا عمل بھی اس کو فائدہ دے گا جس کو یقین، اعتماد، توجہ اور یکسوئی کیفیات کے جذبے سے کرے گا جس کے اندر بھی سچی خیرخواہی کا جذبہ ہوگا وہ اس عمل کو پورے یقین، پورے اعتماد اور پورے سچے جذبے سے کرکے وہ زندگی کے کمالات حاصل کرے گا جو کوئی دوسرا شخص سوچ ہی نہیں سکتا۔ فوقانی ثانی جن ٹھنڈا سانس بھر کر کہنے لگا میرے پاس ایسے بے شمار جنات اور انسانوں کے کیس ہیں میں نے اپنی بہت لمبی اور طویل عمر میں ایسے ایسے تجربات دیکھے ہیں جو لوگ اس کو کرتے ہیں وہ پاتے ہیں' حاصل کرتے ہیں اور انہیں زندگی میں عروج، کمال اور زندگی کی سچائی ملتی ہے اور جو نہیں پاتے اور نہیں کرتے انہیں زندگی کا نہ کمال ملتا ہے' نہ بلندی ملتی ہے' نہ سچائی ملتی ہے۔ **تیرے یقین میں کمی:** ایک جن کو میں نے یہی سورۂ عصر کا عمل بتایا اس نے پورے ستر دن کیا' ہر ہفتے دس دن کے بعد مجھے پیغام بھیجتا یا خود ملتا کہ میرا کام تو نہیں بنا اور میں انہیں ہر دفعہ یہی کہتا تیرا کام نہیں بنے گا یقین والے کا ضرور بنے گا۔ آخر وہی ہوا جس کا مجھے اندیشہ اور شک تھا کہ اس کا کام نہ بنا۔ حیران کن بات کہ اسی نے وہی عمل ایک دوسرے کو بتا دیا حالانکہ اس نے مجھ سے اجازت بھی نہ لی تھی لیکن اس کا کام صرف چند ہی دنوں میں بن گیا اب حیران! مجھے کہنے لگا آپ نے مجھے توجہ نہیں دی' دعا نہیں دی' میں نے کہا: حیرت کی بات ہے! جس کو میں جانتا نہیں اس کا کام تو ہوگیا' ہوا صرف یقین پر! اس کا یقین کامل تھا' مکمل تھا' اور دیوانگی کی حد تک تھا اس کا کام سو فیصد ہوگیا تیرا یقین کامل مکمل نہیں تھا اور تیرا کام نہیں ہوا' یاد رکھ! جتنا یقین ہوگا اتنا اعتماد پر فیصلہ ہوگا اتنی زندگی کے مسائل اور مشکلات حل ہوں گی اور پریشانیاں دور ہوں گی اور زندگی خیروں اور برکتوں کی طرف بڑھتی اور ڈھلتی چلی جائے گی۔ (جاری ہے)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ 0343-8710009

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کالے جادو نے مجھ پر کیا کیا ظلم ڈھائے! آپ بھی پڑھیے

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل، وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجیے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر مزید دراز کرے۔ محترم حکیم صاحب! میری شادی کے چار سال بعد مجھے جوڑوں کا درد شروع ہوگیا' ڈاکٹر سب جوڑوں کا درد کہتے مگر مجھے مسئلہ جنات کا تھا۔ اب میں پہلے یہ بتاتی ہوں کہ درد شروع کیسے ہوا؟ میں اپنے برآمدے میں بیٹھی کپڑے سی رہی تھی کہ نا معلوم کس سمت سے اتنی تیزی سے پتھر آیا اور میرے بازو پر لگا کہ میری چیخ نکل گئی۔ پھر کیا تھا موٹے موٹے پتھر ہمارے گھر آنا شروع ہوگئے' کچھ میرے سر پر لگے کچھ بازو پر' کچھ ٹانگوں پر۔ ایک دو دن کے بعد پھر یہی سلسلہ شروع ہوا اور میری ٹانگ زخمی ہوگئی۔ پتھر گھر میں صرف مجھے ہی لگتے تھے۔ ایک دن میرے بازو میں شدید درد ہوا جیسے بازو ٹوٹ گئی ہو' بام وغیرہ لگائی' گولیاں کھائیں مگر آرام نہ آیا۔ ہمارے علاقہ میں ایک بوڑھی جراح بازو وغیرہ جوڑتی ہیں' میں نے اپنی ساس صاحبہ کو ساتھ لیا اور اس جراح کے پاس چلی گئی اس نے دیکھا تو کہا آپ کی تو ہڈی ٹوٹی ہوئی ہے۔ اس نے زور سے جھٹکا دیا اور کہا کہ ہڈی اپنی اصل جگہ پر آگئی ہے' میں ساری رات درد سے تڑپتی رہی' انجکشن وغیرہ لگوائے مگر فرق نہیں ہوا' گھر والے ہسپتال لے گئے' انہوں نے کہا بازو ٹوٹ گئی ہے' اس نے جوڑ پر پٹی وغیرہ کردی کچھ دنوں میں آرام آگیا اسی طرح پھر گھٹنوں میں درد ہوا جیسے نکل گئے ہوں' میں نے امی (ساس) سے کہا آج میرے گھٹنے اتر گئے وہ ہنسنے لگیں کہ پلاسٹک کے نہیں ہیں مگر مجھ سے چلا نہیں جا رہا تھا' چارپائی سے اتر ہی نہیں سکتی تھی۔ دو تین دن ڈاکٹر کی دوائی کھانے سے آرام آگیا مگر پھر تو دردوں کا مسلسل سلسلہ چل نکلا اور پتھر بھی آتے رہے۔ اگر ایک گھٹنے میں انجکشن لگواتی وہ ٹھیک ہوتا تو دوسرے ہی دن دوسرے میں درد شروع ہو جاتا دوسرے میں لگواتی تو پہلے میں شروع ہو جاتا اسی طرح بازوؤں میں بھی درد رہتا۔ میں بہت پریشان رہنے لگی۔ میرے شوہر نے پتہ لگوایا تو معلوم ہوا کہ جادو و جنات کا چکر ہے۔ میرے شوہر کہیں سے تعویذ لے کر آئے ان تعویذوں سے مجھے آرام تو آگیا مگر میرے نصیب میں شاید زیادہ دن تندرستی نہیں تھی' میری کزن کے ہاں بیٹی ہوئی میں وہاں چلی گئی بس پھر کیا تھا درد دوبارہ شروع ہوگیا۔ پھر دوبارہ میرے شوہر وہی تعویذ تین چار مرتبہ لے کر آئے مگر مجھے آرام نہ آیا۔ اگر کوئی کسی عامل کا بتا دیتے' وہاں چلے جاتے جتنے بھی پیسے عامل مانگتا ہم دیتے مگر کوئی فرق نہ پڑتا۔ پیسہ پانی کی طرح بہایا مگر سب ضائع گیا۔ حتیٰ کہ ہمیں کسی نے ایک غیر مسلم عامل کا بتایا' ہم نے اس سے بھی علاج کروایا۔ اس نے بتایا کہ کسی نے آپ پر جنات بھیجے ہیں' اس نے کافی محنت سے جن حاضر کیا مگر اس کے بعد میرے ہاتھ پاؤں نے کام کرنا چھوڑ دیے۔ پھر ایک عورت عامل کے پاس گئے اس پر مسلمان جن آتا ہے' اس نے بہت سارا سامان' پیسے اور کالا بکرا منگوایا تو وہ جن آیا۔ جب اس عورت پر مسلمان جن آیا تو وہ کہنے لگا میں صرف اس بچی کیلئے آیا ہوں ورنہ رمضان میں ہم اپنے ملک چلے جاتے ہیں بہت قسمیں وغیرہ دے کر میرے جسم سے جن نکالا اور دھاگہ وغیرہ دے کر چلا گیا اور میرا جسم ہلکا ہوگیا اور میں اپنے پاؤں پر چل کر گاڑی میں آکر بیٹھی جیسے ہی میں اپنے گھر داخل ہوئی میری حالت پھر ویسی ہی ہوگئی۔ آہستہ آہستہ میری حالت اتنی بگڑی کہ مجھے سہارا دے کر باتھ روم لے کر جاتے۔ پھر کسی نے ایک غیر مسلم کا بتایا کہ وہ گارنٹی سے کام کر دیتا ہے۔ اس کے پاس گئے اس نے پچاس ہزار روپے مانگے' بحث وغیرہ کرکے اسے تیس ہزار میں راضی کیا۔ اس نے پتہ لگوایا تو کہا کہ کسی نے کالا علم کروا دیا ہے۔ علاج شروع ہوگیا اور سامان وغیرہ منگوا کر دیا۔ بیس ہزار کیش اس نے علاج شروع کرنے سے پہلے لیا مگر کوئی فرق نہیں ہو رہا تھا کہنے لگا میں نے تو علاج کر دیا ہے' اس چیز کو جلا دیا ہے کسی نے پھر وار کر دیا ہم نے کہا اس چیز کا بھی توڑ کر دو مگر اس نے مزید رقم کا تقاضا کیا۔ لالچی لوگوں کو اللہ ہی ہدایت دے۔ میری حالت ایسی ہوگئی کہ مجھے دیکھ کر کوئی پہچان نہیں سکتا تھا۔ پھر ہمیں کسی اللہ والے نے بتایا کہ قرآن پاک کی آخری تین سورتیں چالیس دن سارا دن' سارا گھر کھلا پڑھیں' فرق پڑ جائے گا' چالیس دن پڑھنے سے الحمدللہ پتھر آنے بند ہوگئے۔ پھر میں نے دفتر ماہنامہ عبقری خط لکھا تو آپ نے ہر وقت یَاقَہَّارُ کھلا پڑھنے کو بتایا' میں ہر وقت کھلا یَاقَہَّارُ پڑھ رہی ہوں الحمدللہ پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے اور میں بہت تیزی سے صحت یاب ہو رہی ہوں۔ (پوشیدہ)

محاسبہ زندگی اور قوت ارادی

انسان نے جب سے شعور سنبھالا ہے اس وقت سے ہی وہ مختلف ذہنی الجھنوں کا شکار رہا ہے۔ ان سے نجات کے طریقے بھی اختیار بھی کیے گئے۔ انسان جوں جوں ترقی کرتا گیا نئی نئی ذہنی بیماریاں بھی دریافت ہوتی رہیں اور ان سے نجات کیلئے بھی نئے نئے طریقے دریافت ہوتے رہے۔ بیشتر تکالیف انسان کی اپنی پیدا کردہ ہیں اور ذہنی الجھنوں کے سلسلے میں تو یہ بات وثوق سے کہی جاسکتی ہے کہ اس سے نجات حاصل کرنے کے معاملے میں انسان کی اپنی قوت ارادی بڑا اہم کردار ادا کرتی ہے۔ چنانچہ اگر ذہنی الجھنوں سے نکلنے کیلئے قوت ارادی نہ استعمال کی جائے تو جدید ترین طریقہ علاج بھی کارگر ثابت نہیں ہوسکتا۔ جذباتی اضطراب اور ذہنی الجھن کا علاج خود انسان کی نفسیات میں پوشیدہ ہے اور جذباتی الجھنیں تو ایسی ہیں کہ انسان کسی مدد کے بغیر خود بھی ان پر قابو پاسکتا ہے۔ لیکن بعض کیلئے نفسیاتی ماہرین کی خدمات حاصل کرنی پڑتی ہیں جو اپنے مخصوص طریقوں سے ان کی نفسیاتی گرہیں کھول کر اسے اس تکلیف سے نجات دلا دیتے ہیں۔ خوف، غصہ، دل شکستگی اور پست ہمتی بھی دراصل ایسی ہی الجھنیں ہیں جن کا تعلق براہ راست جذبات سے ہوتا ہے عام طور پر خوف، غصہ اور تند مزاجی کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی اور لوگ اس کے علاج کی طرف بھی توجہ نہیں دیتے لیکن جہاں تک دل شکستگی افسردگی اور پست ہمتی کا سوال ہے تو لوگ اب اسے بیماری سمجھتے ہوئے اس کے علاج کی طرف بھی توجہ دینے لگے ہیں۔ ان جذباتی الجھنوں سے نجات کیلئے اب عام طور پر نفسیات کے ماہرین سے ہی رجوع کیا جاتا ہے۔ اس کے باوجود یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ پست ہمتی اور افسردگی کو اب بھی پوری طرح نہیں سمجھا گیا۔ ایسے لوگوں کے بارے میں یہ سمجھنے کی کوشش نہیں کی جاتی کہ ان پر دل شکستگی آخر کیوں طاری ہوئی تھی۔ وہ کیا وجوہ تھیں جن کے سبب وہ شخص پست ہمتی اور افسردگی کا شکار ہوا تھا۔ وہ زمانہ اب گزر گیا جب مایوسی کا شکار کوئی شخص زندگی سے ہی مایوس ہوجایا کرتا تھا اب ماہرین نفسیات ایسے نئے طریقے دریافت کرچکے ہیں کہ اس قسم کے جذباتی اضطراب میں مبتلا کوئی بھی شخص ان تکالیف سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے نجات حاصل کرسکتا ہے۔ اگر صحیح مشورہ دیا جائے تو کم سے کم وقت میں ایسے مریضوں کا کامیاب علاج ہوسکتا ہے۔ بہرحال خلاصہ یہ ہے کہ جب تک ہم اپنے اندر قوت ارادی پیدا نہیں کریں گے ہماری نفسیاتی بیماریاں ختم نہیں ہوسکتی اور اپنی نفسیاتی بیماریاں معلوم کرنے کیلئے محاسبہ زندگی پر عمل ہوتے رہنا ضروری ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

مسز عمر شکیل۔ لاہور

سردیوں کے آغاز پر ہی خود کو مضبوط بنائیے

سیدھی کھڑی ہوجائیں دونوں پاؤں تقریباً ایک فٹ کھلے رکھیں۔اب آہستہ آہستہ نیچے جھکیں اور پاؤں کو ہاتھ لگانے کی کوشش کریں لیکن ٹانگوں میں خم نہیں آنا چاہئے۔شروع میں آپ زیادہ جھک نہیں پائیں گی لیکن آہستہ آہستہ یہ ورزش بالکل آسانی سے کرسکیں گی۔

جسمانی صحت اور تندرستی کیلئے ورزش بے پناہ اہمیت کی حامل ہے لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں ورزش کے فوائد اور اہمیت کے بارے میں عام لوگوں میں کوئی خاص دلچسپی نہیں پائی جاتی۔اکثر لوگ ورزش کو تو جوانوں یا کھلاڑیوں کا مشغلہ تصور کرتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ عام لوگوں کو ورزش کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ورزش ہمارے جسم کی بنیادی ضرورت ہے۔انسانی جسم حرکت کرنے اور استعمال کرنے کیلئے بنایا گیا ہے اور اسے متحرک نہ رکھا جائے یا کم استعمال کیا جائے تو اس کی قدرتی طاقت اور خوبیاں کم ہونے لگتی ہیں۔جہاں تک ورزش کے حوالے سے خواتین کے رویے کا تعلق ہے تو وہ اس بارے میں مردوں سے بھی زیادہ بے پروائی کا مظاہرہ کرتی ہیں۔عام طور پر ان کا خیال ہے کہ گھریلو کام کاج ہی سے ان کی اتنی ورزش ہوجاتی ہے کہ انہیں الگ سے کسی ورزش کی ضرورت نہیں لیکن حقیقت میں یہ انداز فکر درست نہیں۔اگرچہ گھریلو کام کاج سے جسم کو حرکت ملتی ہے لیکن یہ حرکت باقاعدہ اور منظم نہیں ہوتی جو ورزش کا بنیادی مقصد ہے۔طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ہم ورزش کو اپنے معمولات میں شامل کرلیں تو ہم نہ صرف کئی بیماریوں اور موٹاپے کے مسائل سے بچ سکتے ہیں بلکہ اس سے ہماری توانائی اور کام کرنے کی صلاحیت بھی کئی گنا بڑھ سکتی ہے۔یہ توانائی دراصل ہمارے جسم میں موجود ہوتی ہے لیکن ورزش نہ کرنے سے ہم اس سے محروم رہ جاتی ہیں جس سے نہ صرف ہماری کارکردگی متاثر ہوتی ہے بلکہ کئی بیماریاں بھی گھیر لیتی ہیں۔اکثر خواتین کا یہ خیال ہوتا ہے کہ ورزش کیلئے بہت زیادہ وقت دینا پڑتا ہے یا اس کیلئے کسی پارک میں جانا ضروری ہے اور چونکہ ان کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا اور کسی پارک میں جانا بھی ممکن نہیں۔اس لئے وہ ورزش کے خیال ہی سے کنارہ کشی کرلیتی ہیں۔مگر یہ خیال بھی درست نہیں۔ورزش کیلئے بہت زیادہ وقت کی ضرورت ہوتی ہے نہ کسی خاص جگہ کی۔عام گھریلو خواتین کیلئے روزانہ پندرہ بیس منٹ کی ورزش خاصی ہوتی ہے جو وہ اپنے گھر میں آسانی سے کرسکتی ہیں۔جہاں تک یہ مسئلہ ہے کہ ورزش کیسے کی جائے تو آیئے آج ہم خواتین کیلئے چند آسان اور مفید ورزشیں بتاتے ہیں جو وہ آسانی سے کرسکتی ہیں اور اپنی صحت و توانائی کو بہتر بناسکتی ہیں۔ورزش کا ایک اہم اصول یہ ہے کہ جب کوئی پہلی بار ورزش کرتا ہے تو آغاز ہلکی پھلکی ورزش سے کرنا چاہئے تاکہ جسم اس کا عادی ہوجائے۔بعدازاں اس کو بتدریج بڑھایا جاسکتا ہے۔درج ذیل ورزشیں خاصی آسان ہیں جن سے خواتین آسانی سے آغاز کرسکتی ہیں۔

• سیدھی کھڑی ہوجائیں دونوں پاؤں تقریباً ایک فٹ کھلے رکھیں۔اب آہستہ آہستہ نیچے جھکیں اور پاؤں کو ہاتھ لگانے کی کوشش کریں لیکن ٹانگوں میں خم نہیں آنا چاہئے۔شروع میں آپ زیادہ جھک نہیں پائیں گی لیکن آہستہ آہستہ یہ ورزش بالکل آسانی سے کرسکیں گی۔آغاز میں یہ ورزش چھ سے آٹھ مرتبہ کریں۔ایک ہفتہ بعد تعداد بڑھالیں۔پاؤں ملا کر سیدھی کھڑی ہوجائیں، دونوں بازو بالکل سیدھے رکھیں۔اب اپنا دایاں گھٹنا آہستگی سے اٹھائیں اور جتنا اوپر اٹھاسکتی ہیں لے جائیں اور اس کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر جسم کے ساتھ دبائیں۔کمر سیدھی رکھیں، پھر ٹانگ کو آہستہ آہستہ نیچے کرلیں اور اب بائیں ٹانگ کے ساتھ یہی ورزش کریں یہ ورزش باری باری دونوں ٹانگوں سے چھ سے آٹھ مرتبہ کریں۔ایک ہفتہ کے بعد تعداد بڑھالیں۔سیدھی کھڑی ہوکر اپنے بازو دوہرے کرکے کندھوں کے برابر لے آئیں۔مٹھیوں کو مضبوطی سے بھینچ لیں۔اب کہنیوں کو پیچھے لے جائیں اور کمر سیدھی رکھیں۔سر میں بھی خم نہ آئے آغاز میں یہ عمل دس سے بارہ مرتبہ دہرائیں۔دونوں بازوؤں کو گردن کے پیچھے لے جاکر سیدھی کھڑی ہوجائیں۔ٹانگوں میں فاصلہ رکھیں اب اسی حالت میں دائیں جانب اتنا جھکیں جتنا آپ جھک سکتی ہیں۔اس کے بعد سیدھی ہوکر یہی عمل بائیں جانب دہرائیں۔اس ورزش کا آغاز دائیں اور بائیں چھ، چھ مرتبہ کریں۔فرش پر سیدھی کھڑی ہوجایئے، اس انداز سے کہ آپ کی ٹانگیں درمیان سے بآسانی کھل سکیں۔دونوں بازوؤں کو کندھے کے برابر ہوا میں پھیلادیں۔اب آہستہ آہستہ دائیں جانب جھکیں پہلے ہاتھ سے گھٹنے کو پکڑیں پھر آہستہ آہستہ ہاتھ آگے کی جانب جھکیں پہلے ہاتھ سے گھٹنے کو پکڑیں پھر آہستہ آہستہ ہاتھ آگے کی جانب بڑھاتی جائیں، پنڈلی اور پھر ٹخنے کو پکڑنے کی کوشش کریں۔دوسرا بازو فضا میں بلند کریں اس پوزیشن میں دس سیکنڈ تک رہیں، پھر یہی عمل بائیں جانب جھک کر کریں۔اس عمل کو باری باری پانچ سے سات مرتبہ کریں۔ورزش ختم کرتے وقت جھٹکے سے کبھی کھڑی نہ ہوں۔بلکہ آہستہ آہستہ اپنی پہلی والی صحیح پوزیشن میں آئیں۔ورنہ بازوؤں کو پہلوؤں میں لے لیں اور ٹانگیں جوڑ کر آرام دہ حالت میں آجائیں۔

چہل قدمی دماغ کو صحت مند رکھتی ہے

جو خواتین جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ذہنی طور پر بھی زیادہ دن جوان رہنا چاہتی ہیں انہیں تحقیق کاروں نے مشورہ دیا ہے کہ روزانہ کے معمول میں چہل قدمی (جوگنگ) کو بھی شامل کرلیں۔ماہرین کہتے ہیں کہ پابندی سے واک یعنی چہل قدمی کرنے والے یادداشت کی خرابی اور ذہنی انحطاط سے زیادہ عمر تک محفوظ رہتے ہیں۔تحقیق کاروں کا اندازہ ہوا کہ اگر ہفتے کے دوران اپنی واک میں صرف ایک میل کا اضافہ کرلیا جائے تو عمر میں اضافے کے باعث ہونے والے ذہنی انحطاط میں تیرہ فی صد کمی کا امکان پیدا ہوجائے گا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ورزش کے دوران دماغ کی جانب تازہ آکسیجن آمیز خون کی روانی بہتر ہوجاتی ہے۔

سائنسدانوں نے تقریباً چھ ہزار خواتین کی ذہنی کارکردگی سے متعلق معلومات جمع کیں جن کی عمر پینسٹھ سال یا اس سے اوپر تھی۔آٹھ سال بعد پھر انہی خواتین کی ذہنی صحت کے بارے میں معلومات جمع کی گئیں دیکھا یہ گیا کہ سب سے زیادہ چہل قدمی کرنے والوں کی ذہنی کارکردگی میں خاصا فرق تھا۔ایک تحقیق کار نے کہا کہ ضروری نہیں کہ طویل فاصلے تک دوڑا جائے اور یہ بھی دعویٰ نہیں کیا جارہا کہ ہفتے میں دس میل دوڑ لینے سے ذہنی انحطاط کا امکان صفر رہ جائے گا۔کہنے کا مطلب بس اتنا ہے کہ اعتدال کے ساتھ ورزش کرلی جائے تو اس سے بھی فائدہ پہنچتا ہے۔نیز جسمانی سرگرمی جس قدر زیادہ ہوگی اتنا ہی زیادہ ذہنی انحطاط سے ہم محفوظ رہیں گے البتہ تھوڑی بہت ورزش بھی فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔سائنسدانوں نے اپنی تحقیق کے دوران جن خواتین کے بارے میں معلومات جمع کیں ان میں سے کچھ تو ورزش کے طور پر چہل قدمی یا تیز قدمی کرتے تھے، لیکن کچھ کا چلنا پھرنا ان کے معمول کے کاموں کے سلسلے میں تھا۔کچھ ایسی خواتین بھی تھیں جو باغبانی کرتی تھیں، ٹینس، گالف کھیلتی تھیں یا زینہ چڑھتی اترتی تھیں، سائنسدانوں کا خیال ہے کہ جس سرگرمی سے بھی حرارے جلیں، وہ دماغ کیلئے مفید ہوتی ہے۔اس بات کے شواہد پہلے سے موجود ہیں کہ چہل قدم سمیت درمیانے درجے کی ورزشوں سے عورتوں اور مردوں دونوں الزائمر (Alzheimer) کی بیماری کا امکان ڈرامائی طور پر کم ہوسکتا ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

www.paksociety.com

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

آئیے! سیرت پاک کو پھیلانے کی فکر کریں

ہریانہ کے ایک سفر کے دوران ہمارے ایک نوجوان رفیق کا فون آیا کہ باہر کی جماعت جس میں ساؤتھ افریقہ، آسٹریلیا اور انگلینڈ کے لوگ ہیں آپ سے ملاقات کے مشتاق ہیں اور وہ لوگ پھلت آنے کو تیار ہیں، ابھی چار روز جامعہ نگر کے علاقہ میں رہیں گے [illegible] بعد جماعت کا وقت پورا ہو جائے گا۔ اس حقیر نے تیسرے روز ملاقات کا وعدہ کیا، اس پوری جماعت میں [illegible] منتخب [illegible] جماعت کے بہت ذمہ دار اور پرانے ساتھی موجود تھے سب لوگوں کی توجہ ایک گورے رنگ کے دسترخوان اسلام پر نو وارد انگریز مسلمان کی طرف مرکوز تھی، جو انگلینڈ کے ایک چرچ کے مینیجنگ ٹرسٹی تھے اور ابھی چند ماہ پہلے اسلام قبول کر کے محمد یحییٰ جیمس بن گئے تھے، تھوڑی دیر بات کرنے میں [illegible] کے ساتھ انہوں نے اپنے قبول اسلام مختصر داستان سنائی اس سے اس حقیر کے دل میں [illegible] تک یہ خیال آتا رہا اور جماعت کے سب ساتھی بھی اپنے اس تاثر کا اظہار کر رہے تھے کہ ان کے ساتھ وقت لگا کر ہمیں ایسا لگ رہا ہے کہ کسی صحابی رسول ﷺ کے ساتھ وقت لگا رہے ہیں، ایمان بالغیب ان کا ایسا لگتا ہے جیسے ایمان بالغیب نہیں، مشاہدہ ہے۔ ان کے اسلام قبول کرنے کی وجوہات کے بارے میں معلوم ہوا کہ سلمان رشدی اور تسلیمہ نسرین کی کتابوں کا پڑھنا ان کیلئے ہدایت کا ذریعہ ہوا، سلمان رشدی کا جب ہندوستان کا سفر ہو رہا تھا تو غیور مسلمانوں نے اس پر سخت احتجاج کیا تھا اور حکومت سے مطالبہ کیا تھا کہ اس کو ویزا نہ دیا جائے، اس پر مغربی میڈیا نے بڑے منفی انداز میں سلمان رشدی کی حمایت میں اور مسلمانوں کی بنیاد پرستی کے خلاف اداریے لکھے تھے جس سے متاثر ہو کر انہوں نے سلمان رشدی اور پھر تسلیمہ نسرین کی کتابیں پڑھیں، اپنے خاص مغربی ذوق کی وجہ سے وہ ان مسائل میں جن میں دو متضاد آراء ہوں صرف ایک فریق کی بات سن کر یا پڑھ کر فیصلہ نہیں کرتے خصوصاً منفی رائے سن یا پڑھ کر کسی برے سے برے آدمی کے خلاف بھی وہ رائے قائم نہیں کرتے۔ جب تک اس آدمی کی یا کسی مثبت رائے رکھنے والے کی بات نہ سن یا پڑھ لیں۔ محمد یحییٰ صاحب نے سیرت پاک کی کتابیں پڑھیں اور ابراہیم گرین صاحب جو انگلینڈ کے مشہور داعی ہیں اور خود چند سال پہلے مشرف باسلام ہوئے ان کے مرکز جا کر اسلام قبول کیا، بعد میں انہوں نے ابراہیم صاحب سے اس حقیر کی بات فون پر کرائی تو ابراہیم گرین صاحب نے بتایا کہ مغرب میں عام حالات ایسے ہیں کہ میڈیا میں اسلام یا مسلمانوں کے خلاف کوئی خبر زیادہ چھپتی ہے تو اس کے نتیجہ میں اہل مغرب میں منفی خبروں کو دیکھنے کے بعد اسلام پڑھنے کا جذبہ بڑھتا ہے اسلامی کتابوں کی دکانوں میں قرآن مجید اور اسلام پر کتابیں سب بک جاتی ہیں اور اس کے نتیجہ میں سو دو سو اور بعض مرتبہ ہزار پانچ سو لوگ ضرور اسلام قبول کرتے ہیں۔ انہوں نے فون پر بتایا کہ ہندوستان میں سلمان رشدی کے سفر کی منفی خبروں سے متاثر ہو کر مسلمان ہونے والے لوگوں کی تعداد میں ہمارا مرکز سروے کر رہا ہے تو پتہ چلا کہ دو سو لوگ صرف انگلینڈ میں ایسے ہیں جو اس خبر کے چھپنے سے مسلمان ہوئے ہیں۔

حقیقت اس خبر سے خوش ہونے کے بعد لرزتا گیا ایسا لگتا ہے کہ ہمارے داعیانہ کردار سے مجرمانہ غفلت اور اسلام اور اسلامی صفات سے دوری اور ناقدری کی نحوست کی وجہ سے اللہ تعالیٰ غیر مسلموں خصوصاً اہل مغرب میں اسلامی صفات پیدا کر کے ان کو داعیانہ منصب اور دعوتی سٹیج پر اپنے اس ابدی قانون کے اظہار وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُم ﴿محمد ۳۸﴾ کے لیے یہ مظاہر سامنے لا رہے ہیں۔ منفی خبروں کے بعد اسلام سے برگشتہ اور دور ہونے کے بجائے اسلام کے اس منصفانہ اصول پر کاربند رہنے کی صفت پر کہ اللہ کے رسول ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ ارشاد فرمایا: ''اے علی! اگر تمہارے یہاں کوئی کسی کے خلاف یہ دعویٰ لے کر آئے کہ فلاں شخص نے میری ایک آنکھ نکال دی اور وہ اپنی نکلی ہوئی آنکھ ہاتھ کی ہتھیلی پر لے رہا ہو تو بھی اس وقت تک اس کے حق میں فیصلہ نہ دو جب تک دوسرے فریق کی بات نہ سن لو شاید اس کی دونوں آنکھیں نکلی ہوئی ہوں'' مغرب کے لوگ منفی خبروں پر فیصلہ مثبت خبریں پڑھ لینے کے بعد ہی کرتے ہیں یہ سب لوگ اس اسلامی اصول پر کاربند ہونے کی وجہ سے سایہ اسلام میں آ رہے ہیں جبکہ باپ دادا سے وراثت میں ملے اسلام پر فخر کرنے والے ہم خاندانی مسلمان ایک غلط بات کسی کے سلسلہ میں معلوم ہو جائے تو اس کو جہاں بھر میں پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں جیسے اسی کی تبلیغ ہمارے ذمہ فرض ہے۔ ان منفی خبروں کے نتیجہ میں منصفانہ تجزیہ کر کے سیرت پاک پڑھنے سے جب لوگ اتنی تعداد میں اسلام کے سایہ میں محمد یحییٰ جیمس جیسے مسلمان بن رہے ہیں کہ (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

برائے آسانی ولادت

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (انشقاق 5,4) حاملہ کو جب درد زہ شروع ہونے لگے تو حاملہ کی بائیں ران پر گھٹنہ کے نزدیک باندھ دیں کپڑے میں باندھا ہوا تعویذ ٹانگ کے اندر کی طرف اور گانٹھ باہر کی طرف ہو۔ انشاء اللہ 15-20 منٹ کے اندر بچہ جنے گی۔

میں ایک دفعہ سرگودھا مولا بخش ہسپتال گیا جو کہ صرف بچہ زچہ کا ہے۔ میں گیا تو ایک غریب عورت کا صبح سے عصر تک بچہ پیدا نہ ہوا۔ ڈاکٹر اور لیڈی ڈاکٹر نے بڑا آپریشن کرنے کو کہا جس کی فیس پانچ ہزار روپے تھی اس عورت کے وارث سخت پریشان تھے ان کو میرا کسی نے بتایا۔ میرے پاس آئے حال پوچھ کر میں نے کہا کہ 15 منٹ کا ڈاکٹر سے وقفہ لو۔ اور یہ تعویذ میں نے لکھ دیا اور کہا کہ بائیں ران پر باندھ دیں یقین جانیے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسی لاج رکھی کہ 15 منٹ کے بعد لڑکا بآسانی پیدا ہوا اور ماں بھی ٹھیک ٹھاک تھی۔ پھر تو سارے ہسپتال کی عورتیں میرے گرد جمع ہو گئیں بلا مبالغہ میں نے 23 تعویذ لکھ کر دیئے۔ نوٹ: بچہ باہر آنے کے فوراً بعد تعویذ اتارنا ضروری ہے ورنہ خون نہیں رکے گا۔

شوگر کیلئے نایاب نسخہ: اکثر ڈاکٹر اور اطباء سے سنا ہے کہ میرے پاس شوگر کا مایہ ناز نسخہ ہے نتائج کے لحاظ سے جتنے فوائد اس نسخہ (جو کہ میرے استاد محترم کا تجویز ہے اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت کرے اور ہمارے سر پر حضرت حکیم صاحب کا سایہ قائم رکھے) میں پائے جاتے ہیں کسی اور نسخہ میں کم ہوں گے۔ مریضوں کو نہیں حکیموں کو بھی استعمال کرا چکا ہوں۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی بارہا کا آزمودہ ہے۔ **ھوالشافی:** کلونجی، تخم سرس، گوند کیکر، تمہ خشک، ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور فل سائز کیپسول بھر کر دو صبح، دو دوپہر اور دو کیپسول رات ہمراہ پانی کھائیں۔ بعض اوقات بھیانک حد تک شوگر آؤٹ آف کنٹرول ہو جائے تو ان تمام حالات کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ اس کے استعمال سے لبلبہ بھی دوبارہ کام کرنے لگتا ہے یہ نسخہ ایک اکسیری اور لاجواب تحفہ ہے۔

بحوالہ ''مجھے شفاء کیسے ملی'' لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں، لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

[illegible] حاصل کرنے کیلئے
0332-7552382 [illegible]

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com

حکیم محمد اصغر عمران احمد پور شرقیہ

قسط اول

ایام عید میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی انتہائی مصروفیات

محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے ہر مسلک ہر طبقے ہر گروہ سیاسی غیر سیاسی اور ہر مذہب کے ساتھ ملاقات کی۔ حضرت جی نے کسی سے بھی ملاقات کی گفتگو کسی بھی شکل میں ضرور دیا۔

29 رمضان المبارک 5 جولائی 2016ء کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے نماز ظہر کے وقت تمام تسبیح خانہ میں مقیم حضرات کو آخری ہدایات دیں کہ انہوں نے تسبیح خانہ میں قیام کرکے گھر جا کر کس طرح اپنی زندگی کی ترتیب رکھنی ہے۔ پھر حضرت حکیم صاحب اپنی فیملی کے ساتھ تقریباً 4:15 بجے لاہور سے احمد پور شرقیہ کیلئے روانہ ہوئے اور راستے میں ساہیوال کے قریب روزہ افطار کیا۔ راستے میں جب ملتان پہنچے تو تسبیح خانہ سے فیض یافتہ سید فیملی جن کے ہاں فوتگی ہوگئی تھی ان کے ہاں گئے۔ فاتحہ پڑھی اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی اور پھر ملتان سے احمد پور شرقیہ کیلئے روانہ ہوئے اور رات کے 1 بجے تقریباً احمد پور شرقیہ پہنچے۔ یکم شوال کی صبح حضرت حکیم صاحب نے اپنے آبائی گھر احمد پور شرقیہ کی بڑی عیدگاہ محمود پارک میں اپنے صاحبزادوں محمد صہیب رومی، محمد لبیب شبلی، عون محمد غزالی اور اپنے بڑے بھائی حکیم محمد خالد محمود چغتائی کے ہمراہ نماز عید الفطر ادا کی اور نماز کے بعد کچھ دیر وہاں احباب کو ملے پھر گھر تشریف لے آئے اور گھر میں اپنے جاننے والوں کو عید ملتے رہے۔ عید کے دوسرے دن حضرت حکیم صاحب کا محلہ نور شاہ بخاری احمد پور شرقیہ میں مستورات میں درس ہوا۔ جس میں کثیر تعداد میں خواتین شامل ہوئیں اور نہایت عقیدت اور توجہ سے درس سنا۔ درس کے بعد حضرت حکیم صاحب نے اپنے تمام رشتہ داروں کی دعوت کی اور فرمایا کہ ایک وقت کا کھانا میرے ساتھ کھائیں کیونکہ پورا سال حضرت حکیم صاحب کی مصروفیات ہوتی ہیں عید گھر پر کرنے سے رشتہ داروں کو وقت مل جاتا ہے جس سے وہ اپنے مسائل اور دعا کروالیتے ہیں۔ 7 جولائی کو تمام رشتہ داروں نے دوپہر کا حضرت حکیم صاحب کے ہاں کھایا۔ حضرت حکیم صاحب نے انتہائی خوشگوار موڈ میں مہمانوں کو کچھ نصیحتیں کیں اور وظائف پڑھنے کیلئے دیئے اور جاتے ہوئے تمام کو تحائف دے کر رخصت کیا۔ اسی رات کو چند شوبز سے تعلق رکھنے والے افراد کو خصوصی وقت دیا' ان سے خوب باتیں ہوئیں اور یہ سلسلہ رات ایک بجے تک چلا، اس کے بعد دعا ہوئی اور تمام اپنے گھروں کو رخصت ہوگئے۔

عید کے تیسرے دن یعنی 8 جولائی کو تسبیح خانہ احمد پور شرقیہ بغیر ٹوکن کے ملاقات کا اعلان تھا جس میں پاکستان بھر سے لوگ ملاقات کرنے کیلئے آئے ہوئے تھے۔ حضرت جی صبح 6:30 بجے ملاقات کیلئے بیٹھے، تمام دن ملاقات کا سلسلہ چلتا رہا۔ تقریباً 323 ٹوکن چلے اور ٹوکن فیملی کو دیا جاتا تھا یعنی ایک ٹوکن پر 13 لوگ بھی تھے۔ صرف دوپہر میں آدھا گھنٹہ جمعہ کی نماز کا وقفہ کیا کیونکہ احباب دور دراز سے اور کافی مشقت کرکے آئے ہوئے تھے اس لئے حضرت حکیم صاحب نے بھی بھرپور ہمت کا مظاہرہ کیا اور تمام افراد سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں زیادہ تر مریض تھے جن کا ٹائم لاہور میں نہیں لگتا تھا کئی لوگوں نے بتایا کہ ہم تین سال سے کسی نے کہا دو سال سے ملاقات کیلئے کوشش کررہے ہیں لیکن ٹوکن ہی نہیں ملتا۔ پر یہاں تسبیح خانہ احمد پور شرقیہ میں ملاقات ہوگئی۔ ہر شخص کو انتظار تو کرنا پڑا مگر جاتے ہوئے خوش اور مطمئن ہوکر گئے۔ اللہ کرے حضرت حکیم صاحب کی یہ شفقت احمد پور شرقیہ کیلئے ساری زندگی قائم و دائم رہے کیونکہ احمد پور شرقیہ کی زمین ہی وہ خوش نصیب خطہ ہے جہاں حضرت حکیم صاحب کی پیدائش ہوئی۔ یہاں ان کی یادیں ہیں اور یاد رہے کہ حضرت حکیم صاحب کی پہلی کتاب سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور جدید سائنس احمد پور شرقیہ سے پہلی بار شائع ہوئی جو پوری دنیا میں پھیلی اور ہر جگہ پر اس کتاب کو پذیرائی ملی۔ شام 7:15 بجے تک ملاقات سے فارغ ہوئے۔ نماز مغرب ادا کی، پھر اجتماعی دعا فرمائی۔ ان احباب کو بہت دعا دی جنہوں نے یہ سارا انتظام کیا تھا پھر حضرت حکیم صاحب اپنے قریبی رشتہ دار جو کہ شہر احمد پور کے بہت بڑے تاجر ہیں حاجی فیض محمد صاحب اور ان کے بیٹوں کے پاس تشریف لے گئے ان سے ملاقات فرمائی چونکہ حاجی صاحب خاندان کے بڑے ہیں تو حضرت حکیم صاحب ہر عید پر ان کو خود ملنے جاتے ہیں۔

9 جولائی بروز ہفتہ حضرت حکیم صاحب نے مقامی لوگوں سے ملاقاتیں کیں پھر اپنے باغات میں اپنے صاحبزادوں کے ساتھ تشریف لے گئے اور اس کے بعد اپنے والد صاحب کے پرانے دوستوں کے پاس تشریف لے گئے جن کا دور حضرت صاحب کے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ گزرا تھا۔ ان سے جا کر باتیں کیں کچھ نصیحت لیں ان کو جا کر بہت ... بجے اور رات کو ہی واپس آئے۔ 10 جولائی بروز اتوار صبح 8 بجے ملتان میں درس تھا تو حضرت حکیم صاحب احمد پور شرقیہ سے صبح 6:30 بجے روانہ ہوئے جس میں قریبی احباب تھے۔ 2 گاڑیوں کا قافلہ تقریباً 8:30 بجے ملتان پہنچا اور المجلس شادی ہال میں درس شروع ہوا۔ ماشاء اللہ ملتان کی مقامی ایجنسی سید برادر والوں نے یہ انتظام کیا ہوا تھا، خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ ہال تھا اور مردوں میں علیحدہ ہال تھا ماشاء اللہ دونوں ہال بھر گئے اور بہت رش تھا۔ رش کی وجہ سے اے سی کام چھوڑ گئے' شدید حبس میں حضرت حکیم صاحب کے دیوانے اور مستانے دل جمعی کے ساتھ بیٹھے رہے اور حضرت حکیم صاحب کی شفقت تھی کہ انہوں نے لوگوں کی طلب کے پیش نظر اپنی تھکاوٹ اور گرمی و حبس کے باوجود پونے تین گھنٹے درس دیا۔ سب نے رو رو کر اجتماعی دعا کی۔ اس کے بعد ملتان کے ایک سادات گھرانہ کی بیٹی کا نکاح کینٹ میں بہت سادگی سے پڑھایا اور ان کے ہاں بھی کچھ دیر بیان فرمایا۔ ماشاء اللہ یہ پورا خاندان تسبیح خانہ سے بیعت ہے اور ان لوگوں کی خواہش تھی کہ ہماری بچی کا نکاح ہمارے مرشد ہی پڑھائیں۔ دولہا بہت خوش ہوئے اور اپنی خوش قسمتی ظاہر کی۔ پھر وہاں سے واپسی کیلئے روانہ ہوئے اور بہاولپور میں شاہ رخ ملک ایم پی اے صاحب کے گھر میں چائے پی۔ وہاں پر ملک لطیف صاحب، ملک تیمور صاحب، مہر امین صاحب، مطلوب باجوہ صاحب، مولوی اشرف علی صاحب، ملک صہیب اور ملک عمیر بھی آئے ہوئے تھے ان سے کچھ باتیں ہوئیں اور پھر احمد پور شرقیہ کیلئے روانہ ہوئے۔

11 جولائی بروز پیر صبح کے وقت حضرت صاحب اپنے والد صاحب کے دوست میاں ایاز صاحب سابق چیئرمین جو والد صاحب کے ساتھ ایس ای کالج میں کلاس فیلو بھی تھے ان سے ملاقات کیلئے ان کے سی این جی پمپ پر تشریف لے گئے اور کچھ دیر ان سے باتیں کیں۔ ان کو ملے اور ان کو پڑھنے کیلئے وظیفہ بتایا۔ اس کے بعد گھر تشریف لے گئے پھر حضرت صاحب کے والد صاحب کے پرانے دوست چچا غلام علی اندھڑ کے پاس تشریف لے گئے ان سے ملاقات فرمائی۔ پھر سید افتخار حسن گیلانی (عرف عفن سائیں) سجادہ نشین اوچ شریف' ایم پی اے حلقہ نمبر 269 کی رہائش پر تشریف لے گئے ان سے ملاقات فرمائی کافی دیر تک ملاقات ہوئی۔ پھر اوچ شریف میں حضرت جی کے رشتہ داروں کا گھر ہے وہاں ایک فوتگی ہوگئی تھی وہاں جا کر حضرت جی نے فاتحہ پڑھی ان سے افسوس کیا اور واپس روانہ ہوئے۔ (جاری ہے)

نوٹ: سارے سفر کے دوران حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی بھرپور توجہ رشتہ داروں اور مفلس حضرات پر رہی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

بدخوابی سے یقینی نجات: اگر کوئی بدخوابی جیسی بیماری کا شکار ہو اور اس بیماری کی وجہ سے متعدد امراض کا شکار ہو چکا ہو تو رات سونے سے پہلے سورۂ نوح کی تلاوت کرے مجرب ہے

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

ہر قسم کے درد اور تکلیف کیلئے کامیاب روحانی ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری کولیگ ہیں ان کے بازو میں اتنا شدید درد رہتا تھا کہ وہ رات کو سو نہیں پاتی تھی' میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے دو انمول خزانہ کتابچہ منگوایا اور انہیں پڑھنے کیلئے دیا۔ انمول خزانہ نمبر ایک ہر نماز کے بعد اور خزانہ نمبر دو ہر وقت کھلا پڑھنے کو کہا۔ انہوں نے چند دن ہی پڑھا اور مجھے کہنے لگیں کہ میرا درد ایسے غائب ہوا جیسے میں نے چھٹی کیلئے بہانہ کیا ہو ادھر چھٹی ملی ادھر درد غائب۔ میری ایک کولیگ ہیں ان کو تھائیرائیڈ کی تکلیف بہت سالوں سے ہے۔ ڈاکٹرز نے پوری زندگی دوائی تجویز کی تھی کہ یہ آپ نے چھوڑنی نہیں ہے اگر چھوڑی تو مسئلہ بہت زیادہ خراب ہوسکتا ہے۔ میں نے انہیں بھی دو انمول خزانہ درج بالا ترکیب سے پڑھنے کو دیا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کیا ان کی تکلیف آدھی بھی نہیں رہی۔ وہ خود حیران ہوتی ہیں اور کہتی ہیں کہ مجھے تو امید ہی نہیں تھی کہ میری یہ تکلیف کبھی کم بھی ہوسکتی ہے۔ اللہ آپ کو لمبی عمر دے' آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آپ کے وقت میں برکت پیدا کرے۔ آپ کو پوری دنیا کی خیر اور برکتیں عطا کرے۔ میں اور ہم سب گھر والے آپ کو ساری زندگی یاد رکھیں گے اپنی ہر نماز، دعا، ذکر، تسبیح، نفل وظیفے، صدقے میں آپ کا حصہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔ اللہ ہمیں ہمیشہ عبقری سے جوڑے رکھے اور ہمارے دلوں میں آپ کیلئے عزت اور محبت بڑھے۔ آمین ثم آمین۔ (ارم عزیز بنت عبدالعزیز)

میرے دو طبی تجربات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور عبقری کو تادم قیامت سلامت رکھے۔ آمین! میرے پاس دو طبی تجربات ہیں جو کہ میرے اپنے گھر کے آزمودہ ہیں۔

گھٹنوں کے درد کیلئے: **ھوالشافی:** ایک پاؤ گوند کیکر، ایک چھٹانک گوند کتیرہ دونوں کو باریک پیس لیں اور گھی میں ہلکا سا براؤن کرلیں۔ ایک چمچ چائے والا صبح و شام نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ **نوٹ:** یہ دوائی میں نے اپنے والد کے بازوؤں کے درد کیلئے بنائی تھی بہت خوب پایا گھر والوں پر استعمال کیا۔

خارش، ایگزیما اور سورائسز سے شفاء پائیے

ھوالشافی: زنک آکسائیڈ بیس گرام' بورک ایسڈ بیس گرام' گندھک آملہ دس گرام' سیلی سلک ایسڈ بیس گرام' کاربالک ایسڈ پانچ گرام' سادہ ویزلین دو سو گرام۔ ان تمام اشیاء کو سوائے ویزلین کے کسی گہرے اسٹیل کے برتن میں ڈالیں۔ دو گھنٹے کے بعد ویزلین دو سو گرام ملائیں۔ کسی چمچ سے ادویات کو خوب یکجا کریں۔ خیال رکھیے کہ سفید دستانے استعمال کریں ہاتھ کا استعمال ہرگز نہ کریں ورنہ ہاتھ متاثر ہونے کا خطرہ ہے اس کے بعد دوا کو کسی پلاسٹک کے جار میں محفوظ رکھیں۔ دراصل یہ دوا میں نے اپنے دونوں پاؤں کے انگوٹھوں میں خارش کی وجہ سے استعمال کی۔ اس کے استعمال سے مجھے شفاء مل گئی۔ اس کے بعد یہ دوائی گھر والوں نے ایک قریب کی رشتہ دار عورت کو استعمال کروائی' وہ کافی لیڈی ڈاکٹروں کے چکر کاٹ چکی تھی مگر اس کا پوشیدہ مسئلہ حل نہیں ہورہا تھا۔ اس نے صرف چند دن ہی استعمال کیا تو وہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ اس کے بعد کافی افراد نے یہ نسخہ استعمال کیا الحمدللہ! تمام کو شفاء ملی۔ حال ہی میں ایک چھوٹی بچی تھی اس کو استعمال کروایا بچی اب بالکل ٹھیک ہے۔ میری خالہ کا بیٹا ہے ان کی بڑی بیٹی کو اسکن انفیکشن ہوا۔ بنوں کے سب سے بڑے اسکن سپیشلسٹ سے کافی عرصہ علاج کروایا مگر مرض ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ میں نے انہیں تھوڑی سی مقدار میں یہ دوائی دی۔ اللہ پاک کے فضل و کرم سے وہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ شکریہ عبقری! (شاہ نیاز خان' بنوں)

نوکری حاصل کرنے کا بارہا کا آزمودہ وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ بہت سال پہلے کی بات ہے کہ میں نے کسی جگہ ایک عمل پڑھا تھا کہ بے روزگار اگر بعد نماز عشاء چار سو مرتبہ یَاعَلِیْمُ چالیس روز تک پڑھے تو روزگار ملتا ہے۔ جب میں بے روزگار تھا تو میں نے پڑھنا شروع کیا تو مجھے چند روز بعد ہی بہت اچھی نوکری مل گئی' میں نے چالیس دن مکمل نہیں کیے اور چند ماہ بعد نوکری ختم ہوگئی' میں نے پھر پڑھنا شروع کیا پھر نوکری مل گئی پھر کی ہوئی اور چالیس دن مکمل نہ کرسکا چند ماہ بعد پھر نوکری ختم ہوگئی۔ پھر یہی وظیفہ شروع کیا تو چند دن بعد ہی پھر نوکری مل گئی۔ ایسا تین بار ہوا' پھر میں نے چالیس دن مکمل پڑھا اور نوکری ختم نہ ہوئی۔ ایک مرتبہ آفس کے کام کے دوران غلطی ہوگئی' وہ غلطی میرے باس کو پتہ چل جاتی تو بہت بے عزتی ہوتی اور جاب بھی جاتی تو میں نے تین روزوں کی نیت مانی کہ میری یہ غلطی میرے باس کی نظر میں نہ آئے تو میں تین روزے رکھوں گا تو اللہ تعالیٰ نے میری یہ مشکل حل کردی۔ (ج۔ر)

کیکر لائیے اور آزمائیے چند نایاب ٹوٹکے

دانتوں کے امراض اور کیکر: کیکر کی نرم شاخیں لیں ان کی مسواک کرنے سے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں' منہ سے گندی رطوبتیں ختم ہوتی ہیں' مسوڑھوں سے خون نکلنا بھی بند ہوجاتا ہے۔ کیکر کی لکڑی کو جلا کر کوئلہ بنا کر پیس لیں' ہلکا نمک مکس کرکے دانتوں پر ملنے سے دانت مضبوط اور دانتوں سے پیپ آنا بند ہوجاتی ہے۔ اگر اس میں تھوڑی سی کالی مرچ اور سونٹھ بھی پیس کر شامل کرلیں تو بہت ہی اچھا سستا منجن ہے۔ **نزلہ کو آرام:** کیکر کی گوند منہ میں رکھ کر لعاب چوسنے سے تحریک نزلہ کو آرام آتا ہے۔ **کان کی پیپ ختم:** کیکر کے پھول ایک تولہ' تل کا تیل دو تولہ ملا کر آگ پر رکھ کر جوش دیں' جب پھول سیاہ ہوجائیں تو تیل چھان کر رکھیں' کانوں کی پیپ خشک کرنے کیلئے لاجواب ہے۔ نیم گرم حسب برداشت دو چار بوندیں کان میں ڈالیں آرام آجائے گا۔ **بچوں کے منہ میں چھالے:** کیکر کے پھول باریک پیس کر شہد میں مکس کرکے بچوں کے منہ میں لگانے سے آرام آتا ہے۔ **یرقان:** کیکر کے پھول کا سفوف ایک چمچ صبح نہار منہ ٹھنڈے پانی سے پھانک لیں' پانچ روز تک یرقان ختم ہوجاتا ہے۔ **شوگر:** کیکر کی گوند منہ میں روزانہ ڈال رکھیں' ایک ہفتہ تک شوگر کنٹرول ہوجائے گی۔ **پیشاب کی کثرت ختم:** کیکر کی کچی پھلیاں سائے میں خشک کرکے باریک پیس لیں تین ماشہ پانی سے استعمال کریں۔ پیشاب کی کثرت ختم ہوکر آرام آجائے گا۔ **پرانا یرقان:** کیکر کے پتے، پھول، پھلی، چھال اور گوند پانچوں اجزاء باریک پیس لیں۔ چھ ماشہ روزانہ میٹھے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ مکمل آرام تک مسلسل کھائیں۔ (دعاگو مسز سید اعجاز شبیر بخاری ایڈووکیٹ' تلہ گنگ)

میرے آزمودہ روحانی و طبی ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے عبقری رسالہ لے رہا ہوں' رسالہ خرید کر لوگوں میں ہدیہ بھی کرتا ہوں' میرے علاقے میں بہت تیزی سے عبقری متعارف ہورہا ہے۔ ادویات کے نتائج بھی بہت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

اچھے ہیں خاص کر شفائے حیرت سے اللہ کی مخلوق کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ میں گزشتہ ماہ تسبیح خانہ جا رہا تھا تو پہلے راستہ میں کافی رکاوٹیں آئیں' ایسا لگ رہا تھا کہ تسبیح خانہ پہنچنا مشکل ہو جائے گا میں نے سورۂ قریش پڑھنا شروع کر دیا میرے پاس وقت بہت کم تھا لیکن سورۂ قریش کی برکت سے ٹھیک وقت پر تسبیح خانہ پہنچ گیا۔ لاہور پہنچ کر رکشہ لیا تو میں نے سورۂ قریش پڑھتا رہا شدید رش میں سے آسانی سے رکشہ نکل آیا اور میں وقت پر تسبیح خانہ پہنچ گیا۔ **روغن بادام کا کمال:** میں نے اپنے ایک دوست کو بتایا کہ وہ اپنی حاملہ بیوی کو روغن بادام دیا کرے بچے کی ڈلیوری آسانی سے ہوگی لیکن اس نے خود تو عمل نہ کیا لیکن اپنی ساس کو بتایا تو ان کے گھٹنوں میں درد تھا روغن بادام دودھ میں ڈال کر پینے سے ان کے گھٹنوں کا درد ختم ہو گیا۔ **عجب ٹوٹکے کا عجب فیض:** میں عبقری کی ویب سائٹ پر 2014ء کی روحانی محفل سن رہا تھا تو اس میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے بتایا کہ جس جگہ درد ہو اس کا تصور کر کے پیشاب والی جگہ پر تھوک دیں' چند بار کرنے سے آرام آ جائے گا۔ میں نے خود آزمایا' میرے سر میں جب درد ہوتا ہے تو ٹائلٹ میں پیشاب والی جگہ سر درد کا تصور کر کے تھوک دیتا ہوں تو آرام آ جاتا ہے۔ **زم زم کا کمال:** گزشتہ رات میں اپنی بیٹی کے گھر تھا تو میرا نواسہ رات کو تکلیف کی وجہ سے بہت رو رہا تھا میں نے زم زم پڑھ کر پھونکنا شروع کیا تو نواسہ چپ کر گیا اور رات بھر آرام سے سویا رہا۔ میرا ایک مشاہدہ یہ بھی ہے کہ جب سے میں نے باتھ روم میں جانے کی دعا پڑھنی شروع کی ہے میرے ذہن میں برے خیالات نہیں آتے ہیں اور نفس کو قابو میں رکھنا آسان ہو گیا ہے۔ (ظفر اقبال' میرپور' آزاد کشمیر)

ہڈی ٹوٹی ہے یا آنکھ خراب' چونکا دینے والے ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی سوا دو سال کی ہے جب وہ پیدا ہوئی اس دن سے ہمارا عبقری سے واسطہ ہوا' حیدرآباد سے عبقری ہمارے گاؤں آیا' میری بیٹی کی آنکھیں خراب تھیں' ڈاکٹروں نے کہا ایک سال کی ہو جائے پھر اس کا آپریشن ہوگا۔ آنکھ بہت زیادہ خراب تھی عورتیں کہتیں کہ آنکھ ختم ہو جائے گی' سن کر مجھے بہت ڈر لگتا تھا' جب سال کی ہوئی ہم دو دفعہ ڈاکٹرز کے پاس لے کر گئے لیکن آپریشن نہیں ہوا لڑکی داخل ہو جائے' اسٹور سے ادویات آ جائیں' سارا انتظام ہو جائے وقت بھی مل جائے لیکن آپریشن نہ ہو۔ ڈاکٹرز بے بسی والی کیفیت سے دیکھتے۔ شاید اللہ کا حکم نہیں ہو رہا تھا۔ ہم ترک کر کے گھر واپس آ گئے اور آ کر بیٹی کی آنکھ میں صرف آب زم زم ڈالنا شروع کر دیا' اللہ کے فضل سے آنکھیں بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ اب رات کو میں اس کو بسم اللہ' کلمہ اور سونے کی دعا پڑھاتی ہوں' اب وہ خود مجھے رات کو بولے گی چلو مما میں تجھے لا الہ پڑھا دوں پھر سوئیں گے۔ **ٹوٹی ہڈی کیلئے جادوئی ٹوٹکہ:** ایک دوسری چیز جس کو "چندرس" کہتے ہیں پھٹکڑی جیسی ہوتی ہے۔ پنساری سے بہت سستی مل جاتی ہے۔ اس کا پاؤڈر کر لیں' کڑوی ہوتی ہے اس کو آٹے کا حلوہ بنا کر اس میں رکھ کر نگلیں یا پھر کیپسول بھر کر استعمال کریں۔ کوئی بھی ہڈی ٹوٹی ہو درد ہو' اندرونی جلد پھٹ گئی ہو ہڈی ایسے جڑے گی جیسے کبھی ٹوٹی ہی نہ ہو درد ختم ہو جاتا ہے۔ میری ماں کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی تو بہن کافی ساری لے آئی تھی ہم نے کئی لوگوں کو دی ایک عورت کی بازو بیل گاڑی کے نیچے آ کر ٹوٹ گئی ہڈی چور چور ہو گئی تھی' ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کرایا' آرام نہ آئے۔ وہ دوسرے ہاتھ سے بازو کو اٹھا کر چلتی تھی۔ میں نے اس کو دی اس نے کہا میری بازو کا جوڑ لگ گیا' درد بھی ختم ہو گیا' اب میں سارا کام کرتی ہوں۔ **دوسرا واقعہ:** ایک عورت ہندو تھی' سارا دن گھاس اور کھیتوں میں مزدوری کرنے والی اس کے دونوں ہاتھ نیچے لٹک رہے تھے' کہنے لگی: گرنے سے ہاتھ ٹوٹ گئے' میں روٹی بھی نہیں کھا سکتی' میں نے اس کو بھی دی' کچھ عرصہ استعمال سے وہ دوبارہ مزدوری کرنے کے قابل ہو گئی۔ **درود شریف کا کمال:** اس کے علاوہ ہمارے علاقہ میں ایک اللہ والی رہتی ہیں۔ اکثر گاؤں کی خواتین ان کے پاس جاتی ہیں ایک دو مرتبہ وہ ہمارے گھر میں بھی آئی ہیں۔ ایک عورت اس سے پوچھ رہی تھی کہ میرے لڑکے کی شادی نہیں ہوتی' کوئی وظیفہ دیں رشتہ مل جائے۔ میں چھوٹی تھی اس کی باتیں سن رہی تھی۔ اماں نے کہا: درود تنجینا گیارہ سو مرتبہ پڑھو تین دن میں تعداد پوری کرنی ہے یا پھر ایک ہی وقت میں اتنا پڑھنا ہے۔ اس عورت نے تو پتہ نہیں کیا یا نہیں لیکن میں درود تنجینا کو اپنے تین ایسے کاموں کیلئے پڑھا جو ناممکن تھے الحمدللہ درود پڑھنے کی برکت سے وہ کام اگر میں کہوں منٹوں میں ہوئے تو غلط نہ ہوگا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے پاس مشاہدات تو بہت ہیں مگر وقت کی کمی کی وجہ سے ان شاء اللہ آئندہ لکھوں گی۔ (ف کوثر ارائیں)

عمل کیا ملا' ہر چیز مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے فون پر وقت لے کر آپ سے ملاقات کی۔ آپ سے اپنے مسائل بیان کیے آپ نے مجھے پڑھنے کیلئے ایک عمل یاحی یاقیوم

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

بتایا تھا جس کو میں نے نوے دن تک کرنا تھا' اس عمل کے پڑھنے سے ہمارے بہت سے کام ہوئے ہیں' سب سے زیادہ فائدہ مجھے کاروبار میں ہوا ہے' پہلے میرے پاس گاہک کم آتے تھے لیکن اس عمل کی بدولت اب ماشاء اللہ اللہ کا شکر ہے کہ میری دکان پر گاہک کا رجحان بڑھ گیا ہے اور دکان بہت اچھی چل رہی ہے۔ پہلے میں کوئی بھی دعا مانگتا تھا جلدی قبول نہیں ہوتی تھی مگر جب سے یہ عمل ملا ہے جو بھی دعا مانگتا ہوں اگر وہ چیز میرے لیے بہتر ہے تو فوری مل جاتی ہے۔ میرے پیسوں میں برکت بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ (محمد نعیم اقبال' ملتان)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ڈیڑھ سال کی بیٹی کو ٹھوڑی پر ایک پانی سے بھرا چھالا نکلا اور پھیلنے لگا اور پھیلتے پھیلتے ہونٹوں تک آ گیا۔ ڈاکٹر کو دکھایا' تو انہوں نے ایک ٹیوب اور کچھ میڈیسن کھانے کو دیں لیکن اس سے ذرا برابر بھی فرق نہ پڑا۔ کچھ دنوں بعد ایسا ہی ایک دانہ ہاتھ پر بھی نکل آیا ایک دن میں جمعرات کا درس سننے اپنی بیٹی کے ساتھ تسبیح خانہ حاضر ہوا۔ درس ختم ہونے کے بعد ایک بہت پرنور چہرہ والے بزرگ نے میری بیٹی کو دیکھا اور بڑے پیار سے اپنے پاس بلایا اور مجھے فرمایا کہ گھر جا کر ایک چمچ سرسوں کے تیل میں اتنا ہی پانی ملا کر انگلی سے خوب مکس کرو اور یہاں تک کہ مرہم جیسی شکل اختیار کرلے۔ یہی مرہم صبح و شام دو دن لگاؤ۔ پھر کمال دیکھو۔ قارئین! میں نے یہ مرہم صرف دو دن ہی لگائی اور میں حیران رہ گیا کہ زخم کا نام و نشان تک نہ رہا۔ الحمدللہ! میری بیٹی جہاں مہنگی مہنگی کریموں اور ادویات سے ٹھیک نہیں ہو رہی تھی ایک درویش کے بتائے چھوٹے سے ٹوٹکے سے بالکل ٹھیک ہو گئی۔ (نبیل رضا' لاہور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

یاقہار پڑھا بے اولاد کو جڑواں بیٹیاں عطا

میں نے یہ عمل موتی مسجد شاہی قلعہ لاہور میں جا کر بھی کیا اور موتی مسجد کا تصور کر کے گھر میں بھی کیا۔ سب گھر والے عرصہ آٹھ ماہ سے یہ عمل ادا کر رہے ہیں۔ اس دوران ہمیں بہت سی چیز نظر آئیں اور انہیں ہم نے اپنی آنکھوں سے قابو ہوتے ہوئے دیکھا

چیزوں کو قابو ہوتے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ مجھے بہت سے مسائل تھے گھر میں جادو جنات کا مسئلہ تھا۔ میں علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے خوب رہنمائی حاصل کرتا ہوں اور اس میں موجود وظائف کرتا رہتا ہوں۔ مجھے بہت سے مسائل تھے ان مسائل کے حل کیلئے میں نے ''جنات کے پیدائشی دوست'' دیا گیا وظیفہ جو کہ موتی مسجد میں جا کر نوافل ادا کرتے ہیں اور ہر نفل میں سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے جب اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہنچیں تو بہت زیادہ دیر تک اسی ورد کو پڑھتے رہتا ہے پھر رکعت مکمل کر کے دوسری رکعت میں بھی اسی طرح بہت دیر تک پڑھنا ہے۔ اسی طرح دو نفل مکمل کر کے اللہ سے خوب گڑگڑا کر دعا کرنی ہے۔ ہم نے یہ عمل موتی مسجد شاہی قلعہ لاہور میں جا کر بھی کیا اور موتی مسجد کا تصور کر کے گھر میں بھی کیا۔ سب گھر والے عرصہ آٹھ ماہ سے یہ عمل ادا کر رہے ہیں۔ اس دوران ہمیں بہت سی چیز نظر آئیں اور انہیں ہم نے اپنی آنکھوں سے قابو ہوتے ہوئے دیکھا اور ہمارے بہت سے مسائل حل ہو گئے۔ الحمدللہ! (نثار احمد)

یاقہار پڑھا بے اولاد کو جڑواں بیٹیاں عطا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو خیر و برکت عطا فرمائے۔ محترم حکیم صاحب! میں تقریباً ایک سال سے عبقری سے وابستہ ہوں اور ماہنامہ عبقری لے کر پڑھتا ہوں اور ہر جمعرات کو درس انٹرنیٹ کے ذریعے سنتا ہوں۔ ہمارا مسئلہ یہ تھا کہ ہماری شادی ہوئی تو تین سال تک اولاد نہیں ہو رہی تھی تین سال کے عرصہ تک ہم نے بہت سے مشہور ڈاکٹرز سے علاج کروایا' جس ڈاکٹرز کے پاس بھی جاتے تو وہ بتاتے کہ آپ دونوں کا طبی لحاظ سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ بہت پریشان تھے' ہر کوئی ہم پر بندش بتاتا' جس نے جہاں بتایا وہاں گئے' مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ ایک دن ایک آفس میں دوست کے پاس عبقری رسالہ دیکھا تو بہت اچھا لگا' اس دن سے باقاعدگی سے عبقری گھر پر لگوایا اور الحمدللہ آج تک عبقری ہمارے گھر ہر ماہ آتا ہے اور سب گھر والے بہت شوق سے پڑھتے ہیں خاص کر اس میں موجود ''جنات کا پیدائشی دوست'' سب سے پہلے پڑھتے ہیں۔ اسی مضمون میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے ایک وظیفہ یاقہار' دیا جو میں نے اور میری بیوی نے پڑھنا شروع کر دیا۔ چند ماہ ہی یہ عمل پڑھا تھا کہ الحمدللہ میری بیوی امید سے ہو گئی۔ ہم نے یاقہار کے ساتھ دو اصول خزانہ کا ورد جاری رکھا اور اللہ نے ہمیں جڑواں بیٹیاں نارمل ڈلیوری کے ساتھ عطا کیں۔ اس دن سے ہم اللہ تعالیٰ کا بے شمار شکر ادا کرتے ہیں اور عبقری کے ادارہ کیلئے بے شمار دعائیں کرتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو تا قیامت تک ایمان والی زندگی عطا کرے کہ آپ نے ہم جیسے دکھیاروں کو اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا سلیقہ سکھا دیا۔ نماز، روزہ کے پابند تو پہلے بھی تھے مگر اللہ تعالیٰ سے صحیح معنوں میں مانگنا اب آیا ہے۔ میرے بھائی کا بیٹا اب ماشاءاللہ چھ سال کا ہونے والا ہے وہ نیند میں بہت زیادہ ڈرتا تھا اور رات کو چیخ مار کر اٹھ جاتا تھا ہم نے اس کو یاقَہَّارُ پڑھ کر سونے کا کہا اب ماشاءاللہ وہ نہیں ڈرتا۔ صبح سکول جاتے وقت یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کر کے بھیجتے ہیں خود بھی عمل کرتے ہیں اور اپنے گھر والوں، رشتہ داروں کو بھی وظائف بتاتے ہیں۔ الحمدللہ! سب کو بہت فائدہ حاصل ہو رہا ہے۔ میرا اپنا ایک مشاہدہ اور بھی ہے کہ میں نے عبقری میں سے دیکھ کر سورۂ کوثر پڑھنا شروع کی' اس کے مجھے بہت سے فیوض و برکات ملیں۔ پہلے تنخواہ میں پندرہ دن بھی گزارہ مشکل سے ہوتا تھا مگر اب اللہ تعالیٰ کا بے شمار شکر ہے کہ بہت بہت برکتیں کی ہیں اس ذات پاک نے۔ ہم نے جس جس کو بھی دو اصول خزانہ برکت والی تھیلی ہدیہ کی ہے انہوں نے بہت ہی زیادہ فائدے بیان کیے ہیں۔ سب نے بہت دعائیں دی ہیں اور جس طرح ہم سب لوگوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں اتنا ہی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا آ گیا ہے۔ میری بہن کی شادی چند ماہ بعد ہو گی۔ اس پر بھی کسی نے کالا جادو کروا دیا تھا۔ ماشاءاللہ صوم و صلوٰۃ کی پابند ہے' مگر نماز کے دوران وہ بھول جاتی ہے کہ اس نے کتنی رکعات پڑھی ہیں اس کو بھی میں نے یاقَہَّارُ ہر وقت کھلا پڑھنے اور دو اصول خزانہ نمبر ایک ہر نماز کے بعد پڑھنے کو کہا۔ اس سے پہلے اس کا جو رشتہ آتا لڑکے والے آتے دیکھ کر جاتے مگر کوئی بھی رابطہ نہ کرتا۔ وہ خود بتاتی ہے کہ اس نے جب سے دو اصول خزانہ اور یاقَہَّارُ کو کھلا پڑھنا شروع کیا ہے اس کو بہت فائدے ہوئے ہیں اور انتہائی اچھے خاندان میں اس کی شادی ہو رہی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب اس ایک سال میں ہمیں وہ فائدے عبقری کے ساتھ جڑنے سے اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں کہ ہم جتنا بھی رب کریم کا شکر ادا کریں بہت کم ہے۔ اگر ہم فائدے لکھنا بیٹھ جائیں تو پوری کتاب لکھ لیں مگر فائدے ختم نہ ہوں۔ حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی صحت ایمان کے ساتھ عطا کرے۔ آپ کی نسلوں میں برکات اور بھی ہوں کہ ہم جیسے گنہگاروں کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا سکھایا۔ اللہ آپ کے عبقری ادارے کو اس کی خدمت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چگنی برکتیں عطا کرے۔ آمین! اور عبقری کو تا قیامت اللہ سلامت رکھے۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہا کہ میں اللہ کی نعمتوں کا شکر کس طرح ادا کروں۔ (ایاز خان)

(بقیہ: باکمال عامل کی جن سے لڑائی)

اور ایسے محسوس ہوتا تھا کہ شاہ صاحب تکلیف میں ہیں۔ شاہ صاحب نے کہا کہ ایسے نہیں مانے گا۔ شاہ صاحب کو جن نے اٹھا کر چارپائی پر پٹخ دیا۔ شاہ صاحب کے منہ سے خون جاری ہو گیا اور چہرے پر اذیت کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ شاہ صاحب نے والد صاحب کو حکم دیا کہ'' مجھے ذرا کاغذ قلم دو یہ مجھے جلانا چاہتا ہے'' شاہ صاحب انتہائی جلال میں تھے۔ شاہ صاحب میں ملنے جلنے کی سکت نہیں تھی۔ والد صاحب نے کاغذ قلم دیا۔ شاہ صاحب نے کاغذ کو گھٹنے پر رکھا اور انتہائی جلدی میں تعویذ لکھا۔ ایسے محسوس ہوتا تھا کہ جن شاہ صاحب کے جسم کی کھال کھینچنا چاہتا ہے کیونکہ جسم کے مختلف حصوں سے خون رسنا شروع ہو چکا تھا۔ شاہ صاحب نے والد صاحب کو حکم دیا کہ فوراً اس تعویذ کو اس گرم پانی کی دیگچی میں ڈال دو اور ڈھکن کو آٹے سے بند کر دو اور دیگچی کے نیچے خوب آگ جلاؤ۔ والد صاحب بھاگ کر گئے اور تعویذ کو گرم پانی کی دیگچی میں ڈالا آٹے سے بند کر دیا اور خوب آگ جلا کر واپس آ گئے اور گھر والوں سے کہا کہ خوب آگ جلاؤ۔ کچھ دیر بعد شاہ صاحب کے چہرے پر سکون کے آثار دکھائی دیئے تو سب کی جان میں جان آئی اور جن نے شاہ صاحب سے معافی مانگنا شروع کر دی۔ پھر جن نے چیخنا شروع ہو گیا کہ میرا سارا خاندان جل گیا ہے ہر طرف خون ہی خون بکھر گیا ہے مجھے اندازہ نہیں تھا کہ آپ اتنے باکمال عامل ہو مجھے معاف کر دیں۔ شاہ صاحب نے کہا نہیں تو جھوٹا ہے۔ تو نے بہت لوگوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ آج زندہ نہیں چھوڑوں گا۔ جن واسطے دینے لگا اور آخر میں رونے لگا کہ میرا سارا خاندان تباہ ہو گیا ہے۔ میرا سارا خاندان اس دیگچی میں جل رہا ہے۔ خدا کیلئے معاف کر دیں۔ شاہ صاحب نے کہا کہ تو معافی کے قابل تو نہیں ہے اچھا جا تجھے معاف کیا۔ مگر اس لڑکی کو آئندہ تنگ مت کرنا اور جانے کی نشانی بھی دے جاؤ۔ جن نے کہا ٹھیک ہے آئندہ اس طرف کبھی رخ بھی نہیں کروں گا اور گھر کے باہر والی دیوار دھڑام سے گر گئی حالانکہ دیوار بالکل ٹھیک ٹھاک تھی۔ شاہ صاحب نے کہا کہ یہ جن کے جانے کی نشانی تھی۔ شاہ صاحب نے کہا کہ دیگچی اٹھا لاؤ۔ دیگچی کا جب ڈھکن اٹھایا تو اس میں خون بھرا ہوا تھا' جلا ہوا خون تھا۔ شاہ صاحب نے حکم دیا کہ اس دیگچی کو قبرستان میں نیچے کر کے دفن کر دیں تاکہ کوئی کتا وغیرہ خون نہ پی جائے۔ بچیاں نہانے لگے۔ لڑکی کی طرف توجہ کی تو وہ بالکل نارمل حالت میں تھی۔ اس دن کے بعد دوبارہ اس کی طبیعت خراب نہیں ہوئی۔ شاہ صاحب سے واقعی جن ڈرتے تھے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

www.paksociety.com

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 28

عجب وظیفہ عجب فضائل عجب کمال

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

بس تو چلی گئی مگر سامان مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید کرتی ہوں آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو دین و دنیا کی بھلائیاں عطا کرے۔ آمین! عبقری سے تعلق کو زیادہ عرصہ نہیں ہوا لیکن اس مختصر سے عرصہ میں دل کا سکون ضرور پالیا ہے۔ اللہ پاک آپ کو اور زیادہ لوگوں کی خدمت کا ذریعہ بنائے اور 206 ممالک سے بھی زیادہ ممالک تک یہ ذریعہ شفاء مزید پہنچے۔ میں نوکری کے سلسلے میں اسلام آباد میں رہتی ہوں تو گھر آنا جانا لگا رہتا ہے۔ ایک بار گھر سے آتے سامان بس میں بھول آئی آپ کے درس سے وظیفہ سنا تھا یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم بس پڑھنا شروع کردیا۔ اگلی بس والوں نے کہا اب یہ بس کل آئے گی میں ورد کرتی رہی دوسرے دن بس اڈے پہنچی تو انہوں نے کہا کہ کسی خرابی کی وجہ سے بس آج نہیں آسکی البتہ آپ کا سامان بس سے مل گیا ہے۔ خیر آخر کار چھٹے روز میں اڈے پر گئی تو میرا سامان مل گیا۔ یہ بس اس کلام کی برکت سے ہوا ہے۔ اب کوئی بھی چیز نہ مل رہی ہو تو میں یہی ورد پڑھتی ہوں اور وہ چیز خودبخود سامنے آجاتی ہے۔ (فریحہ)

واہ! کیا کمال ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم تسبیح خانہ کو دن قیامت تک آباد رکھے اور اس کی خدمت کرنے والوں کو اور آپ کو فلاح دارین نصیب ہو آمین! تسبیح خانہ کو مزید وسعت اللہ کریم عطا فرمائیں۔ میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میں ایک تاجر ہوں اور اپنا مال چاول کی بوریاں (گٹو) دو ریڑھیوں پر لاد کر ایک جگہ سے لا رہا تھا تو راستہ میں دوسرا ریڑھا غائب ہوگیا۔ اس ریڑھے پر پندرہ بوریاں چاول (گٹو) تھے۔ ایک مزدور بھی ساتھ تھا۔ وہ کہہ رہا تھا تم تو پہلے ریڑھا چلاتے تھے دونوں واقف کار نکل آئے تھے۔ بہت پریشان کہ کہاں گم ہوگیا' میں نے سوچا دونوں آپس میں مل گئے ہوں گے اور چاول بانٹ لیے ہوں گے۔ میری ان سے واقفیت نہیں تھی کہ ریڑھے والے رہتے کہاں ہیں۔ اب اسے میرے گھر کا بھی علم نہیں تھا۔ میں نے اس سے کہا تھا کہ فلاں جگہ آجانا' آگے میں لے لوں گا۔ میں نے اس پریشانی کے عالم میں یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھنا شروع کردیا۔ میں نے سوچا کہ وہ تو چلا گیا اب جاکر دوسرے ریڑھے والے کو فارغ کردوں اس نے مال اتار دیا ہوگا۔ آگے آیا تو دوسرا ریڑھا جو کہ غائب ہوچکا تھا وہ بھی مال اتار رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ تمہیں کیسے میرا گھر کا پتہ چلا۔ کہنے لگا ہم نے اندازے سے ادھر سے گزر رہے تھے کہ اس ریڑھے والے نے دیکھ لیا اور آواز دی ہم آگئے۔ سبحان اللہ کیا کمال ہوگیا۔ (محمد یونس)

عجب وظیفہ، عجب فضائل، عجب کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس آپ کے روحانی آرٹیکل ''گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ'' کے کچھ مشاہدات و تجربات ہیں۔ جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ میری والدہ عمرہ سے گھر تشریف لائیں تو ان کا پاسپورٹ گھر میں گم ہوگیا۔ چار پانچ ماہ تک پاسپورٹ نہیں ملا' ہم نے نیا پاسپورٹ بنوانے کا ارادہ کیا۔ پھر آپ کا درس سنا جس میں آپ نے فرمایا تھا کہ گمشدہ چیز کیلئے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لاتعداد پڑھیں۔ ہم نے گھر آکر وہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ چند دن ہی پڑھا تھا کہ پاسپورٹ اچانک ایک سوٹ کیس سے برآمد ہوگیا۔ میں جینز کی پینٹوں کا کاریگر ہوں لیکن جینز کا کپڑا جب سیتے ہیں تو اس میں سے ڈسٹ یعنی چھوٹے چھوٹے دھاگے اڑتے ہیں جس کی وجہ سے مجھے ڈسٹ الرجی ہوگئی اس لیے میں نے کام کرنا بند کردیا' مجھے فارغ رہنے کی عادت نہیں ہے دو ماہ تک فارغ رہنے کے بعد میں نے پھر کام کا ارادہ کیا میں نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کھلا پڑھنا شروع کردیا اور ایک فیکٹری میں نوکری تلاش کرنے گیا' اس وظیفے کی برکت سے جو میں نے سوچا ہوا تھا کہ میں اپنی مرضی کی تنخواہ اور مرضی کے وقت پر کام کروں گا کیونکہ گارمنٹس کی اکثر فیکٹریوں میں تنخواہ دیر سے ملتی ہے۔ دوسرا میں نے جو کام سوچا تھا کہ وہی کروں گا جس میں ڈسٹ نہ اڑتی ہو اور کام کے اوقات بھی سوچے ہوئے تھے فیکٹری کے مالک نے انٹرویو کے بعد میری مرضی کے مطابق تنخواہ' میری مرضی کا کام اور میری مرضی کے وقت پر کام کروانے کیلئے راضی ہوگیا یہ صرف اس وظیفے کی برکت سے ہوا۔ ہمارے محلے دار ہیں انہوں نے دیسی مرغیاں اور بکریاں پال رکھی ہیں۔ ان کی ایک قیمتی مرغی کہیں گم ہوگئی تو اس عورت نے رونا شروع کردیا۔ میری والدہ نے انہیں بتایا کہ آپ کھلا یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھیں۔ اس نے پڑھنا شروع کردیا۔ ابھی پڑھتے ہوئے چند گھنٹے ہی گزرے تھے کہ صرف اس وظیفے کی برکت سے وہ مرغی خودبخود چل کر گھر واپس آگئی۔ (محمد عثمان ادریس مغل' شاہدرہ)

قارئین! میں آپ کے سینے کی امانت آپ تک پہنچا رہا ہوں' آپ کو اس وظیفے سے جو فائدہ پہنچے ضرور امانت سمجھ کر مجھے لکھیں' انتظار رہے گا۔ ایڈیٹر!

نئے دور کے بیمار کیلئے صدیوں پرانے نسخے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو عدد صدیوں پرانے نسخہ جات ہیں' مخلوق خدا کے فائدے کیلئے عبقری میں چھاپ دیں۔ **دانت' مسوڑھوں کی تکالیف سے نجات:** سفوف برز ایک چائے کا چمچ' آدھا چائے کا چمچ نمک ملا کر رکھ لیں۔ رات کو روزانہ ایک دفعہ آہستہ آہستہ مسوڑھوں اور دانتوں پر ملیں۔ کبھی بھی مسوڑھوں کی تکلیف یا دانت درد نہیں ہوگا۔ کبھی بھی وٹامن سی کا کیپسول بھی کھاتے رہیں۔ میرا سولہ سال کا تجربہ ہے۔ **پرانی سے پرانی قبض اور گیس کیلئے:** میں نسخہ میں خود ہفتے میں دو یا تین بار کھاتا ہوں۔ تجربہ انتہائی پرانا ہے اور بہت لوگوں کو خود بنا کر بھی دیا ہے۔ وزن بھی کم ہوجاتا ہے۔ ٹرانٹو کینیڈا کی مصروف زندگی میں کون بنائے' کون کھائے۔ ترتیب: سو گرام برز پاؤڈر (برز چھلی اور موٹی خریدیں اور خود سفوف بنائیں۔ ایڈیٹر) میں چار سو یا پانچ سو ملی لیٹر دودھ جو کہ Skim Milk اور Lactose Free ہو۔ اس دودھ میں سفوف ڈال کر ہلکی آنچ پر خشک کرلیں۔ برز کی خشکی دور ہوجائے گی۔ اس کو کھڑے ہوکر ہلاتے رہیں ورنہ جل جائے گا۔ پھر اسی وزن کے مطابق اس میں آملہ کا پاؤڈر ڈال کر فوراً مکس کرلیں پھر اس مکسچر کو چولہے سے اتار لیں۔ اب برز' آملہ کا جو کل وزن ہے اس کے مطابق ڈبل شہد ڈال کر مکس کرلیں۔ معجون تیار ہے۔ ہمیشہ فریج میں یا ٹھنڈی جگہ رکھیں۔ خوراک: رات کو ایک چائے کا چمچ گرم پانی کے ساتھ یا گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ جب صبح واش روم سے فارغ ہوکر آئیں گے تو عبقری کو اس کی اطلاع خوشی سے اظہار کیلئے نہیں کہ پیٹ کو بالکل سکون آگیا ہے۔ (دعاگو: فاروق' ٹرانٹو' کینیڈا)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.paksociety.com

اسہال کا آسان و آزمودہ علاج: اسہال کی صورت میں زیرہ سفید بھی ہمراہ دہی ... کے دہی میں ملا کر کھانا بے حد مفید ہے۔

عبقری رسالہ ادویات ' کتب آپ کے شہر میں

سید برادرز ملتان کی سابقہ ایجنسی ... ادویات صرف 0300-8632292

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-783667
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
